On one of her visits, which was soon after our national Ijtema, I read out a poem to her which was:

***"Mein upnay piyaroun ki nisbat" by Hadhrat Musleh Mauood (may Allah be pleased with him)***

And she commented that she wishes that her children always follow the words of advice in this poem.

When my little baby brother was born and was named Munawar by Huzoor (may Allah be his Helper) she was delighted that he was named after her beloved father.

I am happy that I was able to visit her a few days before she passed away. I really miss Phupi Amatul Hai a lot. May Allah keep her always very happy in paradise. Ameen

*By Samiya Fakhar Ahmad*
*The Netherlands*



- آکسیڈنٹ ہونا بھی شامل ہے۔ یہ بالوں، جلد اور ناخنوں کی صحت کے لئے یکساں مفید ہے۔
- اپنے ہاتھوں، بازوؤں اور چہرے کو نکھارنے کے لئے اور گداز رکھنے کی خاطر زیتون کے تیل کی مالش کو معمول بنالیں تو یہ جلد کے لئے نہایت مفید ہوتا ہے۔
- 2001 میں جاپان کی ایک تحقیق کے مطابق زیتون کے تیل میں موجود Polyphenols اور دیگر antioxidants جلد کے کینسر سے بچاؤ میں بھی معاون کردار ادا کرتا ہے۔

www.oliveoilsource.com/page/cancer#skin

- پرانے زکام میں یا ان مریضوں کے لئے جن کو بار بار زکام ہو جاتا ہے، زیتون کا تیل نہایت مفید ہے۔ بخاری اور ابنِ ماجہ میں خالد بن سعد کی روایت کے مطابق ایک چمچ کلونجی کو پیس کر بارہ چمچ زیتون میں حل کر کے اس مرکب کو پانچ منٹ ابالنے کے بعد چھان کر پینا نا صرف پرانے زکام میں بلکہ نکسیر میں بھی از حد مفید ہے۔ (الفضل انٹرنیشنل 19 جون 2009)
- ایک تحقیق کے مطابق جن علاقوں میں زیتون کا تیل استعمال کیا جاتا ہے وہاں دل کی بیماریوں کا تناسب نہایت کم ہے کیونکہ اس میں ایک خاص قسم کا Oleic Acid پایا جاتا ہے جو دل کے لئے بے حد مفید ہے۔ ہر روز چند دانے زیتون یا اس کا تیل استعمال کرنے سے دل کی بیماریوں کے خدشات کم سے کم ہونے لگتے ہیں۔
- زیتون کے تیل میں موجود Alpha Linolenic Acid شدید قلبی دوروں کے خطرے کو کم کرتا ہے اور چکنائی کو جمنے نہیں دیتا، جس سے دل کے عوارض کے خطرات کم ہو جاتے ہیں۔
- روغنِ زیتون سب سے زیادہ پیٹ کے امراض کے لئے مفید اور شافی ہوتا ہے اور قبض کشا بھی ہے۔

یہ زیتون اور اس کے تیل کی چند ایک خصوصیات تھیں جن سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ قدرت کا یہ عظیم الشان تحفہ کتنی اہمیت و افادیت کا حامل ہے۔ خدا تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اپنی نعمتوں سے فائدہ اُٹھانے اور نبی کریم ﷺ کے قیمتی ارشادات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ
مَّجِیْدٌ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ
مَّجِیْدٌ

اپنے مضامین ہمیں اس ایڈریس پر بھیجئے:

Iwan e Nusrat Jahan
Unit B, Endeavour Place
Coxbridge, Business Park
Farnham, Surrey
GU10 5EH

Email: secishaat@lajnauk.org



# طبِّ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
## زیتون کی افادیت

حدیقہ اسماء (Sutton)

> نوٹ: کسی نئی چیز کے استعمال سے قبل احتیاط اور طبی مشورہ لازم ہے۔ مریض کو طبی ماہرین کے مشورہ کے بغیر کسی بھی چیز یا دوا کے استعمال سے پرہیز کرنا چاہیے۔ مدیرہ

بحیثیت مسلمان ہم خوش نصیب ہیں کہ قرآن کریم اور احادیث مبارکہ ہر لمحہ ہماری راہنمائی کے لئے موجود ہیں اور یہی وجہ ہے کہ جب مختلف امراض سے شفاء حاصل کرنے کی بات آتی ہے تو دیگر طریقہ علاج کے علاوہ طبِّ نبوی ﷺ کا رخ بھی کیا جاتا ہے۔ آج طبِّ نبوی ﷺ کی روشنی میں ہم زیتون کی افادیت کے بارے میں بات کریں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے زیتون کو بے حد پسند فرمایا ہے اور اس کو متعدد امراض کے علاج کے لئے تجویز بھی فرمایا ہے۔

زیتون کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی متعدد آیات جیسے کہ سورۃ الانعام آیت 100، النحل آیت 12 اور سورۃ التین آیت 2 میں فرمایا ہے۔ اسی طرح ترمذی، مسند احمد اور ابنِ ماجہ میں بھی زیتون کی افادیت کا ذکر ملتا ہے۔ زیتون کے تیل کی افادیت اور اہمیت اس سے بھی واضح ہوتی ہے کہ حواریوں نے حضرت مسیح علیہ السلام کے صلیبی زخموں کی شفاء کے لئے جو مرہم عیسیٰ استعمال کی اس میں زیتون کا تیل بھی شامل تھا۔ (الفضل انٹرنیشنل 25-19 جون 2009 )

احادیث کی کتب پر نظر ڈالیں تو ترمذی میں ذکر ملتا ہے کہ زیتون کے تیل کو کھاؤ اور اس سے جسم کی مالش کرو کہ یہ ایک مبارک درخت سے ہے۔ ابن الجوزی سے روایت ہے کہ تمھارے لئے زیتون کا تیل موجود ہے۔ اسے کھاؤ اور بدن پر مالش کرو۔ کیونکہ یہ بواسیر میں مدد دیتا ہے۔ اور ابو نعیم سے بھی اس بارہ میں روایت ہے کہ زیتون کا تیل کھاؤ اور اسے لگاؤ کیونکہ اس میں ستّر (70) بیماریوں کی شفاء ہے۔ جن میں ایک کوڑھ بھی ہے۔ (روزنامہ الفضل 27 جنوری 2010، صفحہ 6 )

زیتون کے لاتعداد فوائد میں سے چند ایک پر نظر ڈالتے ہیں:

- زیتون اور اس کا تیل انسانی صحت کے لیے متعدد اور حیرت انگیز فوائد کے سبب امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ مفید غذائی عناصر، فیٹی ایسڈز، وٹامنز، اینٹی آکسیڈنٹس اور مونو سیچوریٹڈ فیٹس سے بھرپور ہوتا ہے۔
- Wikipedia کے مطابق زیتون بے شمار خصوصیات کا حامل ہے جن میں اس کا بہترین اینٹی ایجنگ اور اینٹی

قسمتی تھی کہ آپ جیسا وجود ہمارے سروں پر سایہ فگن ہوا۔ آپ کی فراست اور دور بینی اور دعاؤں کے نتیجے میں بہت سی لجنہ میں جماعت کے کاموں کی طرف توجہ پیدا ہوئی۔ آپ کی قیادت میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس نئی جماعت میں ایک نئی روح پیدا ہو گئی۔ جس کی بدولت مقامی سطح پر لجنہ فعال رنگ میں خدمات سر انجام دینے لگیں۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس عہدہ پر چار سال تک خدمات سر انجام دینے کی توفیق دی۔ اس عرصہ میں آپ نے لجنہ کی اخلاقی تربیت اور روحانی نشو نما کے لئے بہت سی مساعی کیں۔ ساتھ ساتھ دیگر مقابلہ جات کے علاوہ cooking competitions کا بھی انعقاد کرایا۔ ایسے مواقع پر آپ خود بھی ساتھ مل کر حوصلہ افزائی فرماتیں مگر حصہ نہ لیتیں۔ خاص طور پر cooking competitions میں آپ خود اپنے گھر سے بھی کھانا وافر مقدار میں پکا کر لاتیں۔ ہم سب کو اس بات کا علم تھا کہ آپ کا پکایا ہوا کھانا بہت ہی عمدہ اور لذیذ ہوتا ہے۔ مگر آپ ہمیشہ سیکریٹری صنعت و تجارت کو یہ کہہ دیتیں کہ میری ڈش کو مقابلہ کا حصہ نہیں بنانا۔ دیگر لجنہ جو کھانا بنا کر لاتیں اس کو آپ بہت شوق سے تناول فرماتیں۔ جو لجنہ مقابلہ میں اول، دوم اور سوم قرار پاتیں، آپ ان کو بہت سراہتیں اور ان سے اس ڈش کی recipe بھی پوچھتیں۔ ہم سب کو معلوم تھا کہ آپ یہ سب کچھ محض ہماری دل جوئی کے لئے کر رہی ہیں۔ آپ کی صدارت کے دور میں متعدد مرتبہ، مقامی، ریجنل اور نیشنل مینا بازار کا انعقاد بھی ہوا۔ ان میں بھی آپ ہمیشہ بھرپور حصہ لیتیں اور ہمیشہ گھر سے کوئی مشکل چیز بنا کر لاتیں اور وافر مقدار میں لاتیں۔ مجھے یاد ہے کہ ایک مرتبہ مقامی مینا بازار کے لئے جب Menu تیار ہوا تو آپ کے ذمّہ pasta بنانا تھا۔ جب آپ تشریف لائیں تو آپ پاستا کے دو بڑے بڑے oven tray لے کر آئیں۔ ہمیں حیرانگی تھی کہ آپ نہ صرف وقت پر تشریف لائیں، بلکہ دیگر تمام خواتین سے زیادہ کام کے باوجود، حسبِ معمول آپ کے چہرے پر بشاشت تھی اور تھکاوٹ کے کوئی اثرات تک نہ تھے۔ آپ ہماری بے مایہ سی چیزوں کی بھی تعریف کرتیں اور ہمیشہ ہماری چیزوں کو قیمتاً خریدتیں اور یوں ہماری حوصلہ افزائی فرماتیں۔

یہ تھیں ہماری پیاری بی بی۔

اللہ تعالیٰ نے ہماری بی بی کو بہت حوصلہ عطا کیا تھا۔ اپنی بیماری کے ایّام میں بھی آپ نے ہم میں سے ہر ایک کو یاد رکھا۔ ہمیشہ ہمارے messages کو پڑھتیں اور انکے جواب بھی دیتیں۔ ہم نے آپ سے کبھی بھی کسی قسم کا شکوہ نہیں سنا۔ ہمیشہ خدا کا شکر ادا کرتیں اور ہمیں بھی دعا کی طرف توجہ دلاتیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ آپ کو اپنی رحمت کے سایہ میں رکھے اور ہمیں آپ کی دعاؤں کا وارث بنائے۔ آمین۔

# صاحبزادی بی بی امتہ الحیٔ صاحبہ

کلثوم ظافری صاحبہ (چیم)

کچھ دن ہوئے کہ مجھے نیشنل صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ یوکے کا پیغام موصول ہوا کہ آپ مکرمہ و محترمہ صاحبزادی بی بی امۃ الحئی صاحبہ کی کچھ یادیں رسالہ النصرت کے لئے لکھ کر دیں۔ جب مجھے یہ کام سونپا گیا تو ایک لمحہ میں بی بی صاحبہ کا چہرہ نظروں کے سامنے گھوم گیا اور یادوں کا ایک انبار ذہن میں گردش کرنے لگا۔ سمجھ نہیں آرہا تھا کہ کیا لکھوں۔ اس قدر واقعات اور باتیں ہیں کہ آپ کی سیرت کے متعلق محض ایک مضمون کفایت نہیں کرسکتا بلکہ آپ کے متعلق تو کئی کتب لکھی جاسکتی ہیں۔ مگر چونکہ مجھے یہ ذمہ داری دی گئی ہے اس لئے ان یادوں میں سے کچھ یادیں میں قارئین کے لئے قلم بند کرتی ہوں اور تحدیثِ نعمت کے طور پر ان کو بیان کرتی ہوں۔

میں خدا تعالیٰ کا شکر ادا کرتی ہوں کہ اس نے مجھے صاحبزادی بی بی امۃ الحئی صاحبہ کو دس سال کے عرصہ میں نہایت ہی قریب سے دیکھنے کا موقع دیا۔ اس عرصہ میں مجھے اور دوسری ممبرات حلقہ کو بھی آپ کے بابرکت وجود سے بہت کچھ دیکھنے اور سیکھنے کا موقع ملا۔ آپ کی محبتیں اور شفقتیں ہمارے دل میں اس طرح نقش ہو گئیں ہیں کہ انہیں بھلایا نہیں جاسکتا۔

میری بی بی صاحبہ سے پہلی ملاقات 2007 میں مقامی حلقہ کی میٹنگ میں ہوئی۔ اتفاقاً وہ آپ کی اور میری دونوں ہی کی اس حلقہ میں پہلی میٹنگ تھی۔ آپ یورکشائر سے سٹن تشریف لائیں تھی جبکہ میں ایسٹ لنڈن سے یہاں آئی تھی۔ ایک اجنبیت سی محسوس ہو رہی تھی۔ ہر چہرا ایک نیا چہرا تھا۔ ساتھ ساتھ گھبراہٹ بھی تھی۔ میں اپنے بچوں کو لے کر پیچھے بیٹھ گئی۔ میٹنگ کے اختتام پر ایک نہایت ہی شفیق، مہربان، مسکراتی ہوئی ہستی میرے پاس تشریف لائی اور نہایت ہی محبت سے فرمایا "کون ہو اور کہاں سے آئی ہو" اور ساتھ ہی بچوں کو پیار کیا۔ یوں ہماری پہلی ملاقات ہوئی۔ میرے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ آپ کا تعلق حضرت اقدس مسیح موعودؑ کے خاندانِ مبارک سے ہے۔ مگر آپ کی شفقت اور محبت نے میرا دل موہ لیا۔ اس ملاقات کے بعد آپ کے ساتھ ملاقاتوں کا ایک لمبا سلسلہ شروع ہوا۔ غرض ہر جماعتی میٹنگ اور جماعتی فنکشن میں آپ اسی محبت اور شفقت کے انداز میں ملتیں۔

میں تو ایک عام سی لجنہ کی ممبر تھی، مگر چونکہ بی بی صاحبہ یورکشائر میں ایک لمبا عرصہ ریجنل صدر لجنہ رہ چکی تھیں اس لئے تقریباً ہر ایک کو آپ سے واقفیت تھی اور آپ کے مقام کا بھی علم تھا۔ مگر ایک چیز جو میں نے ہمیشہ دیکھی وہ آپ کی عاجزی تھی۔ ہر میٹنگ میں آپ وقار کے ساتھ بروقت تشریف لاتیں اور آگے پہلی صف میں تشریف فرما ہوتیں۔ مقامی صدر لجنہ کے لئے آپ کے دل میں بہت احترام تھا۔ کبھی کسی انتظامی معاملے میں آپ دخل نہ دیتیں لیکن اگر کوئی اصلاحی امر ہوتا تو آپ ضرور حکمت کے ساتھ اس پہلو پر روشنی ڈالتیں اور سب کی اصلاح فرماتیں۔

ابھی کچھ ہی عرصہ گزرا تھا کہ مقامی سطح پر جماعتوں کی حلقہ بندی شروع ہوئی اور ہمارا ایک نیا حلقہ "چیم" بن گیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے آپ کو اس نئے حلقہ کی صدر لجنہ کا کام سونپا گیا۔ ہماری خوش

دیکھو حضرت سیّدہ چھوٹی آپا جب یو کے تشریف لائیں تھیں تو انہوں نے مجھے صدر نارتھ ایسٹ ریجن بنایا۔ یہ کام میرے لئے بھی بہت کٹھن تھا۔ مگر دعاؤں، سچی لگن اور محنت سے خدا تعالیٰ نے میرے لئے آسانیاں پیدا کر دیں۔ انہی دعاؤں کا فیض تھا کہ محترمہ امتہ الحیٔ صاحبہ نے عرصہ تیس سال سے بھی زیادہ نارتھ ایسٹ کی ریجنل صدر کے طور پر خدمت کی توفیق پائی۔ ماشاء اللہ
اجتماع کے موقع پر بطور جج فرائض ادا کرتے ہوئے بہترین منصفہ کا کردار ادا کرتیں۔ جب ہمارے بچوں نے مقابلہ جات میں حصہ لینا شروع کیا تو ان کے بچے انگلش مقابلہ جات میں حصہ لیتے اور میرے بچے اردو تقاریر میں حصہ لیتے۔ ان کے بچے ماشاء اللہ انگلش تقاریر میں فرسٹ پوزیشن حاصل کرتے تھے۔ جب یہ اردو مقابلہ جات میں جج کے فرائض ادا کرتیں تو میری بیٹیوں کی تقاریر پر مسکرا کر بہت اچھا تبصرہ پیش کرتیں۔ ہنستے ہوئے کہتیں کہ میں ان کی تقاریر سُن کر بہت محظوظ ہوتی ہوں اور اسی ہلکے پھلکے انداز میں لہجے اور تلفظ کی طرف توجہ بھی دلا دیتیں۔ بچوں کی رہنمائی اور تربیت اس احسن انداز میں کرتیں کہ بچے بغیر کوئی تکلیف محسوس کئے اپنی اصلاح کر لیتے۔
لجنہ اماء اللہ کے رسالہ النصرت کی مجلسِ ادارت میں بھی ہمارا ساتھ رہا۔ جب کبھی بھی کسی مشورہ کی ضرورت ہوتی تو ہمیشہ خندہ پیشانی سے مسئلہ کا حل بتاتیں۔ جزاک اللہ خیر
محترمہ امتہ الحیٔ خان صاحبہ نے جس شعبے میں بھی کام کیا، تمام دوسرے شعبہ جات کے ساتھ تعاون کی بڑی بے نظیر مثالیں چھوڑیں۔ اللہ کے فضل سے محترمہ امتہ الحیٔ صاحبہ نے جلسہ سالانہ یو کے میں ناظمہ اعلیٰ ضیافت کی حیثیت سے تقریباً دس سال سے زیادہ خدمت کرنے کی توفیق پائی۔ اسی دور میں خاکسارہ بھی بحیثیت ناظمہ اعلیٰ ''اکوموڈیشن'' خدمت کی توفیق پا رہی تھی۔ دونوں شعبہ جات کا باہمی تعاون گویا ایک جان دو قالب کے مصداق تھا۔ کبھی یہ احساس ہی نہ ہوا تھا کہ یہ علیحدہ علیحدہ شعبہ جات ہیں۔ گو رات دیر سے آنے والے مہمانوں کے لئے کھانا اور دودھ وغیرہ مہیا کرنے کی ذمہ داری ہمارے ذمہ تھی مگر محترمہ امتہ الحیٔ صاحبہ ہر شام ضیافت کے فرائض سے فارغ ہو کر ہمارے پاس آتیں۔ نہ صرف رات کے کھانے اور سامان وغیرہ کی لسٹیں بنا کر دیتیں بلکہ ضرورت کی تمام چیزیں پہنچا کر اور انتظامات کی تسلی کر کے جاتیں۔ اس بات پر بڑی خوشی کا اظہار کرتیں کہ ہم نے نمازِ تہجد کے وقت بھی مہمانوں کے لئے خاص طور سے چائے اور بسکٹ وغیرہ کا انتظام کیا ہے۔

## بحیثیت ماں:۔

ماں خدا تعالیٰ کی ایک عظیم تخلیق ہے۔ ماں اللہ تعالیٰ کی رعنائی کا ظہور ہے۔ ماں کی محبت حقیقت کی آئینہ دار ہے۔ جنت ماں کے قدموں کے نیچے ہے۔ دنیا پر ماں کا وجود کسی سایہ دار درخت کی مانند ہے۔ اور وہی کامیاب اور بہترین ماں ہے جس نے اپنے پیچھے تابع، نیک اور دین کی خدمت کرنے والی اولاد چھوڑی۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس لحاظ سے محترمہ امتہ الحیٔ صاحبہ ایک عظیم اور مثالی ماں تھیں۔ ایک ایسی محبت کرنے والی ہستی، جس نے اپنے کردار، اپنے اعمال اور اپنی دعاؤں سے خدمتِ دین کرنے والی اولاد کا انمول اثاثہ چھوڑا ہے۔
ایک بہترین دوست، ایک عظیم شخصیت، ایک پُرخلوص کارکن، ایک مثالی ماں، خدا کی تقدیر کے تابع ہم سے جدا تو ہو گئیں مگر ہماری زندگیوں پر ایسے انمٹ نقوش چھوڑ گئیں کہ دل سے بے ساختہ یہ دعا پھوٹتی ہے، خدایا! کروٹ کروٹ انہیں جنت کی فضاؤں سے معطر کرنا۔ آمین ثم آمین

# ماضی کے دریچوں سے۔۔۔

نصیرہ نور صاحبہ (Waltham forest)

انسان خالی ہاتھ اس دنیا میں آتا ہے اور خالی ہاتھ ہی دنیا سے واپس لوٹ جاتا ہے۔ لیکن اس دنیا میں گزارے ہوئے لمحے، جانے والے کے بہترین اعمال اور بہترین کردار، اس کی خدمات اور محبت و خلوص کے جذبے ہی ہیں جو اسے رہتی دنیا تک دوسروں کے لئے مثال بنا دیتے ہیں۔ آج میں بھی ایک ایسی ہی مثالی شخصیت کی یادوں کو تازہ کرنے کے لئے قلم اُٹھانے کی جسارت کر رہی ہوں۔ جو 6 مئی 2018 کو ہم سے ہمیشہ کے لئے جدا ہو کر اپنی دائمی زندگی میں داخل ہو گئی۔ اناللہ وانا الیہ راجعون

محترمہ امتہ الحئی صاحبہ سے میری پہلی ملاقات لجنہ اماء اللہ اجتماع ربوہ کے موقع پر ہوئی۔ ہم لوگ اجتماع میں شمولیت کے لئے راولپنڈی سے ربوہ گئے ہوئے تھے۔ ہمارا قیام ہمیشہ نصرت جہاں کالج میں ہوتا تھا۔

اجتماع کے سٹیج پر میں نے ایک خاموش کارکن کو بڑی تندہی سے ڈیوٹی کرتے ہوئے پایا۔ میری کزن نعیمہ درد صاحبہ نے تعارف کرواتے ہوئے کہا، لو ان سے ملو یہ امتہ الحئی ہیں۔ بس فی الحال اتنا تعارف ہی کافی ہے باقی مزید بعد میں بتاؤں گی۔ اس مختصر سے تعارف اور ایک مسکراہٹ کے تبادلہ کے بعد ہم اپنے اپنے کام میں مگن ہو گئے۔ مرحومہ کی لازوال مسکراہٹ میرے دل پر اثر کر گئی۔ لیکن اللہ نے دوسری ملاقات کا بھی سبب جلد ہی بنا دیا۔ وہ اس طرح کہ میں جونہی تقریر کر کے سٹیج سے لوٹی تو اس معصومانہ شخصیت نے پھر اُسی مسکراہٹ کے ساتھ مجھے تقریر کی مبارکباد دی۔ بس اس طرح ہماری ملاقاتوں کا سلسلہ چل نکلا اور پھر ہر سال اجتماع اور جلسہ سالانہ میں شمولیت ہماری ملاقاتوں کا سبب بنتی گئی۔ گو کہ وہ ملاقاتیں مختصر ہی ہوتی تھیں مگر ہر مرتبہ اپنے انمٹ نقوش چھوڑتی تھیں۔

## لندن میں ملاقات:۔

1976 میں شادی کے بعد لندن روانگی سے پہلے میں اپنی باجی کے ہمراہ حضور رحمہ اللہ تعالیٰ اور حضرت سیّدہ چھوٹی آپا مریم صدیقہ صاحبہ نوراللہ مرقدھا سے ملاقات کے لئے ربوہ گئی۔ حضرت سیّدہ چھوٹی آپا صاحبہ نوراللہ مرقدھا نے میرے لندن جانے کے متعلق سُن کر چند نصائح سے نوازا۔ فرمایا امتہ الحئی بھی دو ہفتے ہوئے لندن گئی ہے۔ میں تمہیں بھی نصیحت کرتی ہوں کہ جس طرح یہاں جماعتی کاموں میں حصہ لیتی رہی ہو وہاں جا کر بھی بڑھ چڑھ کر ہر کام میں حصہ لینا اور ہر طرح سے تعاون کرنا۔ آپ کی یہ نصیحت قدم قدم پر میری رہنمائی کرتی رہی ہے۔ جو کہ محض خدا تعالیٰ کا فضل ہے۔

یوں لجنہ کے ہر پروگرام کے موقع پر ہم دونوں کی شمولیت ہمیں ایک دوسرے کے قریب کرتی رہی۔ محترمہ امتہ الحئی سے ہر ملاقات مجھے ایک نئے عزم اور ہمت کے ساتھ خدمتِ دین میں آگے بڑھاتی۔ ہر مرتبہ اس سے ضرور کچھ نہ کچھ سیکھنے کو ملتا۔ جب مجھے ریجنل صدر ایسٹ لندن کی ذمہ داری سونپی گئی تو مجھے یہ ذمہ داری بہت ہی بڑی اور مشکل معلوم ہوئی مگر امتہ الحئی اور محترمہ آپا مجیدہ چوہدری مرحومہ صاحبہ کی دل داری، رہنمائی اور مشوروں نے میری اس راہ کو آسان بنا دیا۔ محترمہ امتہ الحئی صاحبہ نے کہا کہ

# فی امان اللہ

**(اپنی محمودہ کے نام)**

[یہ نظم صاحبزادی محمودہ بیگم صاحبہ کی تقریبِ رخصتانہ پر کہی گئی تھی]

لو جاؤ تم کو سایۂ رحمت نصیب ہو
بڑھتی ہوئی خدا کی عنایت نصیب ہو
ہر ایک زندگی کی حلاوت نصیب ہو
ہر ایک دوجہاں کی نعمت نصیب ہو
علم و عمل نصیب ہو، عرفاں ہو نصیب
ذوقِ دعا و حسنِ عبادت نصیب ہو
محمود عاقبت ہو، رہے زیست بامراد
خوشیاں نصیب، عزت و دولت نصیب ہو
ہر ایک دکھ سے تم کو بچائے میرا خدا
ہر ہر قدم پہ اس کی اعانت نصیب ہو
بس ایک درد ہو کہ رہو جس سے آشنا
محبوبِ جاوداں کی محبت نصیب ہو
ہر وقت دل میں پیار سے یادِ خدا رہے
یہ لذت و سرور، یہ جنت نصیب ہو
تسخیرِ خَلق خُلق و محبت سے تم کرو
ہر ایک سے خلوص و محبت نصیب ہو

اقبال "تاجِ سر" ہو تیرے "سر کے تاج" کا
اس کو خدا و خلق کی خدمت نصیب ہو
نکلیں تمہاری گود سے پل کر وہ حق پرست
ہاتھوں سے جن کے دین کو نصرت نصیب ہو
ایسی تمہاری گھر کے چراغوں کی ہو ضیاء
عالم کو جن سے نورِ ہدایت نصیب ہو
راضی ہوں تم سے میں۔ میرا اللہ بھی رہے
اس کی رضا کی تم کو مسرت نصیب ہو
افضل ہمارے حکم کو تم جانتی رہیں
دنیا و دیں میں تم کو فضیلت نصیب ہو
راحت ہی میں نے تم سے بہر طور پائی ہے
تم کو بھی دوجہان کی راحت نصیب ہو
حافظ خدا رہا میں رہی آج تک امیں
جسکی تھی اب اُسے یہ امانت نصیب ہو

("مصباح" مارچ 1952 بحوالہ "الفضل" 1941) (درِّعدن صفحہ 47)

فریحہ نے کہاہے کہ پھپھو آپ جس کو چاہیں بُلالیں،اس لئے تم ابھی باسمہ کو فون کر کے بُلاؤ۔ جب باسمہ آئی تو بہت پیار سے اُس سے ملیں اور بہت دیر تک باسمہ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں پکڑے رکھا، پھر کہا جاؤ جا کر بیٹھ جاؤ۔ مشاعرہ شروع ہُوا تو بتانے لگیں کہ بہت عرصے بعد خاندان حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے لوگ اس بار جلسے پر اکھٹے ہوئے ہیں اور اسی سلسلے میں مشاعرہ رکھا گیا ہے۔ مشاعرے میں خاندانِ مسیح موعودؑ کی خواتین نے بھی حصہ لیا ہے اور یہ میری خوش قسمتی تھی کہ باجی میرے لئے ہر شرکت کرنے والی خاندانِ مسیح موعودؑ کی شاعرہ کا مختصر اًتعارُف بھی کرواتی رہیں۔ یہ میری زندگی کا وہ یادگار مشاعرہ ہے جس کی لذت میں آج تک محسوس کرتی ہوں۔

2016 میں ناسازئ طبیعت کے باعث باجی اعتکاف نہ کر سکیں۔ میں جب بھی نمازِ تراویح پر جاتی تو اُن کو یاد کرتی اوراُن کی صحت کے لئے دُعا کرتی، پر قضائے الٰہی کے آگے کسی کی نہ چلی اور کُچھ عرصے بعد ہی آپ کی وفات ہوگئی۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

پھر رمضان آیا اور پیاری باجی نہ تھیں۔ تراویح کے لئے مسجد گئی تو بے اختیار باجی کے حُجرے والی جگہ پر نظر پڑی تو دل میں ایک کسک سی اُٹھی اور بہت تکلیف ہُوئی کہ اب کبھی بھی یہاں باجی کا حُجرہ نہیں ہو گا۔ دُعا کی غرض سے دو نفل ادا کئے اور باجی کی مغفرت اور اعلیٰ درجات کے لئے دُعا کی۔ سجدے سے سر اُٹھایا تو کیا دیکھتی ہُوں کہ بائیں ہاتھ کے ستون کے پاس باجی چشمہ لگائے ہُوئے کھڑی ہیں اور مُسکراتے ہوئے میری طرف دیکھ کر اثبات میں سر ہلایا۔ پھر اچانک اُن کا چہرہ غائب ہو گیا۔ لیکن میرے دل کو تسلی مل گئی کہ باجی ٹھیک ہیں۔ رمضان میں جب بھی باجی کے لئے دُعا کی توفیق ملی، اسی رات باجی کو خواب میں مُسکراتے ہُوئے دیکھا۔ آخر میں دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میری پیاری باجی کو جوارِ رحمت میں جگہ دے اور ہمیں بھی آپ کی طرح جماعت کا فعال ممبر بننے کی توفیق دے۔ آمین

اختلاف کی صُورت میں نہایت آرام اور تحمل سے ساری باتوں کو سُننا اور اُن کو سہل انداز میں حل کر دینا آپ کی طبیعت کا خاصہ تھا۔ آپ کی ایک بہت ہی خاص خُوبی عاجزی اور انکساری تھی۔ انچارج ہونے کے باوجود کبھی بھی اپنی مرضی اور حکم نہیں چلاتی تھیں۔ اگر ڈیُوٹی کے لئے اُن کو لڑکیوں کی ضرورت ہوتی تو وہ کبھی بھی خود سے آ کر ڈیوٹی ہولڈرز کو لے کے نہیں جاتی تھیں۔ بلکہ اپنی نائبہ سے کہتیں، کیا آپ اپنی ٹیم میں سے مجھے ایک دو لجنہ دے سکتی ہیں؟ مجھے فلاں جگہ ضرورت ہے۔ میرے لئے یہ ایک بہت ہی مُتاثر کُن بات تھی۔

2014 جلسہ ڈیوٹی کے دوران میں نے اُنہیں جب پہلی بار اپنی بیٹیوں باسمہ اور نائلہ سے ملوایا تو باجی بہت شفقت سے ملیں اور میرے بتانے پر کہ باسمہ میڈیکل کی سٹوڈنٹ ہے تو باجی بے حد خوش ہوئیں اور باسمہ سے پوچھنے لگیں کہ سپیشلائز (specialise) کرو گی؟ باسمہ نے اثبات میں جواب دیا، تو کہنے لگیں کہ میرا بیٹا حماد بھی ڈاکٹر ہے۔ چائیلڈ سپیشلسٹ اور تُم بھی چائیلڈ سپیشلسٹ بننا۔ پھر مجھے کہنے لگیں، یاسمین اس کو چائلڈ سپیشلسٹ ہی بنانا۔ میں نے باجی سے کہا کہ دعا میں یاد رکھیں۔

رفتہ رفتہ میری اُن سے دوستی بڑھتی گئی اور ہم مختلف موضوعات پر باتیں کرنے لگے۔ مجھے باجی کے ساتھ کام کرتے شاید دوسرا یا تیسرا سال تھا۔ بیت الفتوح کے ایک پروگرام میں باجی مجھ سے اگلی نشست پر بیٹھی تھیں۔ اسی وقت سٹیج کی دائیں جانب سے ایک خاتون داخل ہوئیں اور باجی میری طرف پیچھے مُڑیں اور بولیں "یاسمین یہ میری بہُو ہے، فریحہ۔ اسکی دو بیٹیاں ہیں"۔ میں نے کہا یعنی آپ کی دو پوتیاں۔ باجی یہ سُن کر بہت خُوش ہوئیں اور مسکرانے لگیں۔

ایسے ہی 2015 کے جلسہ کے افتتاح کے موقع پر باجی ڈیوٹی کی میز پر بیٹھی تھیں۔ میں نے سلام کیا تو میرے سلام کا جواب دیتے ہُوئے باجی نے دو بچیوں کی طرف اشارہ کیا جو وہیں کھیل رہی تھیں اور انتہائی محبت بھرے لہجے میں بولیں "یاسمین یہ ہیں میری پوتیاں"۔ ان کا اپنی اولاد کی اولاد کے لئے والہانہ پیار ان کے لہجے سے خوب عیاں تھا۔

خدمتِ خلق کا جذبہ بھی باجی میں کُوٹ کُوٹ کر بھرا ہُوا تھا۔ ایک بار میں نیو مالڈن کے شوپنگ سنٹر سے باہر نکلی تو وہاں مجھے باجی فُٹ پاتھ پر نظر آئیں۔ چار یا پانچ بجے کا ٹائم ہو گا۔ میں نے پوچھا باجی آپ ادھر کیسے؟ کہنے لگیں ایک بچی کو جاب کی ضرورت ہے اسی سلسلے میں یہاں ایک شاپ پہ آئی ہوں۔ خدمتِ خلق کا ایسا جذبہ!! بس میں اُنہیں دیکھتی ہی رہ گئی۔

باجی کا معمول تھا کہ ہر سال اعتکاف کرتی تھیں اور میں وہیں نمازِ تراویح کے لئے جایا کرتی تھی۔ تراویح سے پہلے یا بعد، جب بھی ملتیں تو میں انہیں دُعا کے لئے کہتی تو ہمیشہ مُسکرا کر اثبات میں سر ہلا کر جواب دے دیتیں۔

عہدیداران کی بہت عزت اور احترام کرتیں اور کبھی اجازت کے بغیر اپنی مرضی سے کوئی کام نہ کرتیں۔ 2015 کے جلسہ سالانہ کے کچھ عرصے بعد باجی کا فون آیا، کہنے لگیں "یاسمین مشاعرہ ہونے والا ہے"۔ غالباً دو یا تین دن باقی تھے۔ "تم کو مشاعرے کا پتا ہے اور تم اس میں شرکت کرنے والی ہو؟" میں نے کہا باجی مشاعرے کا تو مجھے پتا ہے، لیکن سُنا ہے کہ یہ مشاعرہ صرف خاص لوگوں کے لئے ہی ہے۔ اس پر کہنے لگیں، "سُنو میں تمہیں بول رہی ہوں ناں، تُم ضرور آنا"۔ پھر جلدی سے کہنے لگیں، "مجھے دو منٹ دو، میں فریحہ سے اجازت لے کر تمہیں بتاتی ہوں کیونکہ اس مشاعرہ کا انتظام فریحہ ہی کر رہی ہے۔" تھوڑی دیر بعد باجی کا پھر فون آیا اور اُنہوں نے مجھے اجازت ملنے کی خوشخبری دی۔ میں بھی مزے سے تیار ہو کر مشاعرے میں شریک ہونے چلی گئی۔ اتفاق سے وہاں میری اور باجی کی کُرسی ساتھ ساتھ ہی تھی۔ اُنھوں نے مُجھے دیکھتے ہی پُوچھا، "یاسمین، باسمہ کہاں ہے؟" میں نے کہا آپ نے تو صرف ڈاکٹر فریحہ سے میری اجازت لی تھی، باسمہ کی نہیں۔ کہنے لگیں "ابھی فون کر کے اُسے بلاؤ"۔ میں نے مذاق کرتے ہُوئے اُن سے کہا کہ دیکھ لیں کہیں ڈاکٹر فریحہ آپ سے ناراض نہ ہو جائیں۔ کہنے لگیں

# پیاری باجی امتہ الحئی صاحبہ (مرحومہ) کے ساتھ گزارے ہُوئے لمحوں کی کچھ یادیں

یاسمین اکرام صاحبہ (بیت الفتوح ساؤتھ)

2013میں باجی امتہ الحئی نے جلسہ سالانہ کے موقعہ پر اندرُون ڈسپلین کا چارج سنبھالا اور ٹیم تیار کرنا شرُوع کی تو اس سلسلہ میں محترمہ زاہدہ بشیر صاحبہ کا مجھے فون آیا۔ زاہدہ بشیر صاحبہ اُس وقت باجی امتہ الحئی صاحبہ کی نائب ناظمۂ اعلیٰ تھیں۔ زاہدہ بشیر صاحبہ نے مُجھے اپنی ٹیم میں شمولیت کی دعوت دی، جو میں نے اور میری بیٹی باسمہ نے بخُوشی قبُول کرلی۔ ڈسپلین جلسہ سالانہ اندرُون کے سلسلے میں پہلی میٹنگ بیت الفتُوح میں ہُوئی اور وہاں ہی پہلی مرتبہ میرا تعارف باجی امتہ الحئی صاحبہ سے ہُوا۔ باجی کے بارے میں میرا پہلا تاثر یہ تھا، "She is a motherly figure lady"

جلسہ سالانہ میں ڈیوٹی دینے کا یہ میرا پہلا تجربہ تھا جو کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت ہی اچھا رہا۔ باجی کا بار بار آکر پُوچھنا کہ سب ٹھیک ہے؟ اور ضرورت پڑنے پر ہدایات دینا۔ یہ سب مُجھے بہت ہی اچھا لگا۔ اسی طرح جلسے کے تینوں دن بہت اچھے گُزر گئے۔ انہی تین دنوں میں باجی سے تھوڑی تھوڑی بات چیت ہوتی رہی۔ میں نے دیکھا کہ ڈیوٹی کے اوقات میں باجی کیسے ادھر سے اُدھر بھاگی پھرتی تھیں۔ ابھی مارکی کے ایک طرف ہوتیں تو دُوسرے ہی لمحے مارکی کے دُوسری طرف۔ ان تین ایّام میں میں نے جو بات سب سے زیادہ محسُوس کی وہ یہ تھی کہ باجی کی شخصیت کا اپنا ایک الگ ہی رنگ تھا۔ وہ محفل میں نمایاں نظر آنے والوں میں سے تھیں۔ اُنکا پیار بھری نظر سے دیکھنا اور بہت محبت سے مُخاطب ہونا ایک قابل ذکر بات ہے۔ اور یہی چیز اُن کو سب سے زیادہ نمایاں بناتی تھی۔

2014 کے جلسہ سالانہ سے پہلے مُجھے باجی کا فون آیا کہ میں آپ کو نائب ناظمہ بنارہی ہوں۔ لہٰذا آپ سات آٹھ ممبرز پر مشتمل اپنی ایک ٹیم بنالیں۔ میں نے اپنی ایک ٹیم تیار کی اور میٹنگ میں اپنی ٹیم کا تعارف باجی سے کروایا۔ جن سے مل کر باجی بہت خوش ہُوئیں اور مطمئن نظر آئیں۔ باجی کی ایک بڑی خصُوصیت یہ تھی کہ وہ مشورہ مانگا کرتی تھیں اور اگر مشورہ قابل قبول ہوتا تو عمل کرنے میں ذرا بھی تاخیر سے کام نہیں لیتی تھیں۔ نیز اپنے فرائضِ منصبی کو بخُوبی سرانجام دیتی تھیں۔ badgeلگانے کے لئے پِن کی ضرورت ہوتی یا کچھ لکھنے کے لئے قلم کی، باجی کے پاس ہر چیز وافر مقدار میں موجود ہوتی۔ بریک میں اپنی ٹیم کے کھانے کا خیال رکھتیں۔ کبھی کبھار اپنے پاس سے بھی مختلف چیزیں کھانے کے لئے پہنچادیتیں۔



دیں۔ جب آپ یورکشائر سے لندن کے گردونواح میں شفٹ ہو گئیں تو کئی سال اپنے حلقہ (چیم) کی صدر رہیں۔ جلسہ سالانہ یوکے میں کئی سال تک ضیافت کی ڈیوٹی بطور ناظمہ ضیافت ادا کی۔ بعد میں بطور ناظمہ ڈسپلن بھی بہت سال اَن تھک کام کرنے کی توفیق پائی۔ جلسہ کے دِنوں کا ایک واقعہ بیان کرتی ہوں کہ ایک مرتبہ جلسہ کے ایّام میں لنچ ٹائم کے دوران اپنی ٹیم کی ممبرز کے لئے بہت ساری آئس کریم اور قلفیوں سے لدی ہوئی، جلدی جلدی اپنی مارکی کی طرف قدم اُٹھارہی تھیں۔ مجھے مسکراہٹ کے ساتھ فرمایا کہ ”میں معذرت چاہتی ہوں۔ ابھی رُک نہیں سکتی!“

مجھے یاد ہے کہ آپکو ہمیشہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے قدر کی نگاہ سے دیکھا۔ حضورؒ نے دو تین مرتبہ لجنہ اماءاللہ UK کے الیکشن کروانے کی ڈیوٹی بھی آپ کے سپرد کی۔ ایک مرتبہ جب حضور اقدس رحمہ اللہ نے یہ ڈیوٹی خاکسارہ کے سپرد کی تو الیکشن کے بعد صاحبزادی امتہ الحئی صاحبہ نے میرے پاس آکر کہا کہ آپ نے اُس دِن جس طریق پر ڈسپلن قائم رکھا وہ بہر حال قابل تعریف ہے۔ کاش کہ میں بھی ایسے ہی کرتی۔ یہ اُنکی عاجزی اور ذرہ نوازی تھی ورنہ آپ ہمیشہ اپنا جماعتی کام پوری توجہ سے سرانجام دیتیں۔

آپ لجنہ اماءاللہ UK کے سہ ماہی رسالہ ’النصرت‘ کے Editorial board کی ٹیم میں شامل تھیں۔ چونکہ خاکسارہ بھی اس بورڈ کی ممبر ہے اس لئے بعض مضامین کے بارہ میں ہمارا تبادلۂ خیالات ہو جاتا۔

آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ صاحبزادی امتہ الحئی مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرماوے آمین۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

”پہلی بات تو یہ کہ ہر چیز میں زوال ہے۔ آہستہ آہستہ اُس نے ختم ہونا ہے اور ہر انسان کی آخری منزل موت ہے لیکن پھر ساتھ ہی اس طرف بھی توجہ دلائی، دوسری بات یہ کہی کہ مومنوں کو، ایمان لانے والوں کو، اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے کوشش کرنے والوں کو یہ بھی اُمید رکھنی چاہئے کہ جو بندے اللہ تعالیٰ کے ہو جاتے ہیں، اُس کی تلاش میں رہتے ہیں، اپنی نسلوں کی نیکیوں پر قائم رہنے کے لئے تربیت کرتے ہیں، اپنی روحانیت بڑھانے کے لئے کوشاں رہتے ہیں، قرآنی تعلیمات کے پابند رہنے کی کوشش کرتے ہیں وہ اس زندگی سے جو دنیاوی زندگی ہے، اس سے تو بیشک گزر جاتے ہیں یا ان کی یہ زندگی تو ختم ہو جاتی ہے لیکن ایک اور زندگی جو دائمی زندگی ہے جو اس دنیاوی زندگی سے جانے کے بعد انسان کو ملتی ہے اُس کو پالیتے ہیں، اگلے جہان میں اللہ تعالیٰ کے پیار کی آغوش میں آجاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ پیار بھری آواز سنتے ہیں کہ فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ۔ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ (الفجر:30-31) پس آ اور میرے خاص بندوں میں داخل ہو جا۔ اور آ اور میری جنت میں داخل ہو جا۔“

(خطبہ جمعہ فرمودہ حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 5 اگست 2011)

# مرحومہ صاحبزادی امتہ الحیٔ خان صاحبہ

صالحہ صفی صاحبہ (ویسٹ ہل)

جب مجھے ڈاکٹر فریحہ خان صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ یو کے کی طرف سے مرحومہ صاحبزادی امتہ الحیٔ خان صاحبہ اہلیہ ڈاکٹر حامد اللہ خان صاحب کے بارہ میں کچھ لکھنے کے لئے حکم ملا۔ تو میں نے فوراً ہی قلم اٹھایا اور ذہن کے نقوش کو ضبطِ تحریر میں لانا شروع کر دیا۔ سب سے پہلے جو یاد اُبھری وہ میری صاحبزادی امتہ الحیٔ صاحبہ مرحومہ کے ساتھ آخری ملاقات کی تھی۔ یہ وہ موقع تھا جبکہ صاحبزادی امتہ الحیٔ صاحبہ میرے میاں مرحوم خلیفہ صفی الدین محمود کی وفات کے موقع پر ہمارے گھر تشریف لائیں۔ یہ شاید میرے میاں کی وفات کا اگلا دن تھا(یعنی 12 اکتوبر 2017) یا پھر ہو سکتا ہے کہ 13 اکتوبر 2017ہو۔ یعنی صاحبزادی امتہ الحیٔ صاحبہ کی وفات سے چند ہی ماہ قبل۔ اُس دن آپ کا چہرہ اس قدر دمک رہا تھا کہ مجھے یقین ہی نہ آیا کہ آپکو کینسر جیسی مہلک بیماری لاحق ہے۔ جب آپ تشریف لائیں تو ہمارا through lounge تعزیت کرنے والی عورتوں سے بھرا ہوا تھا۔ آپکی تشریف آوری پر سب کھڑی ہو گئیں اور فوری طور پر آپ کے بیٹھنے کے لئے جگہ بنائی گئی۔ میں اپنی کرسی گھسیٹ کر آپکے سامنے بیٹھ گئی۔ پھر آپ نے زیادہ تر گفتگو اپنی دھیمی آواز میں میرے ساتھ ہی کی اور افسوس کا اظہار فرمایا۔ آپکے ساتھ والی کرسی پر میری نند نیلوفر (گڈو) اہلیہ رفیق احمد چانن صاحب بیٹھی ہوئی تھیں۔ اِن دونوں کی ربوہ ہی سے پرانی جان پہچان کے علاوہ رشتہ داری بھی تھی(صاحبزادی امتہ الحیٔ صاحبہ کے ابا جان حضرت ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب مرحوم اور عزیزہ نیلوفر (گڈو) فرسٹ کزن تھے یعنی ماموں / پھوپھی زاد بہن بھائی)۔ مجھے اچانک وہ واقعہ یاد آگیا جبکہ ایک مرتبہ ڈاکٹر فریحہ اور خاکسارہ آپس میں گفتگو کر رہے تھے کہ اچانک ایک عورت نے ہم سے سوال کیا کہ آپکی آپس میں کیا رشتہ داری ہے؟ میں تو سوچتی رہ گئی! ہاں البتہ ڈاکٹر فریحہ صاحبہ نے فوری جواب دیا کہ " میرے دادا جان اور انکے میاں فرسٹ کزنز تھے"۔

اُسی ہفتہ کے اندر جب صاحبزادی امتہ الحیٔ صاحبہ مرحومہ ہمارے گھر دوسری دفعہ تشریف لائیں تو آپ نے سب کو بتایا کہ پچھلے 5 دن سے ہم اپنے "group chat" پر صرف اور صرف حضرت ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین مرحومؓ کے خاندان کی اپنے خاندان کے ساتھ رشتہ داری کی باتیں کر رہے ہیں۔ اُس شام تقریباً ایک گھنٹے کے بعد (یا شاید 45 منٹ ہوں گے) آپکے میاں صاحب کا فون آیا "کہ اب چلتے ہیں" تو آپ نے فون پر ہی فوراً کہا کہ ابھی نہیں جانا۔ ابھی تو آئی ہوں۔ (آپکے میاں صاحب بھی تعزیت کی غرض سے ہی تشریف لائے ہوئے تھے۔ جبکہ ہم نے مردوں کے افسوس کا انتظام میری بڑی بہن صادقہ خالد صاحبہ کے گھر کر رکھا تھا۔ جن کا گھر ہمارے گھر کے پاس ہی ہے۔)

صاحبزادی امتہ الحیٔ صاحبہ مرحومہ اُس دن اسقدر Relax تھیں کہ واپس گھر جانے کے بارہ میں ابھی سوچا بھی نہ تھا۔ مگر جب آپکے میاں صاحب نے دوسری دفعہ یاد دہانی کروائی تو فوراً جانے کے لئے کھڑی ہو گئیں۔ حالانکہ اُنہیں ایک / ڈیڑھ گھنٹے کے بعد بھی ایسے محسوس ہو رہا تھا کہ گویا ابھی تو آئی ہوں۔ یہ بھی اُنکی طبیعت کی شگفتگی کا ایک پہلو تھا۔

صاحبزادی امتہ الحیٔ مرحومہ صاحبہ نے تقریباً تیس سال سے زائد عرصہ بطور ریجنل صدر (نارتھ ریجن) جماعتی خدمات سرانجام

# ہماری پیاری باجی امۃ الحیٔ صاحبہ

امۃ البصیر صاحبہ (Deer پارک)

باجی امۃ الحیٔ صاحبہ کے متعلق میری یادوں کا دریچہ 2004 سے کُھلتا ہے۔ جب میں نے جلسہ سالانہ اور دیگر جماعتی پروگراموں پر ڈیوٹی دینی شروع کی۔ باجی کی ڈیوٹی اندرون ڈسپلن پر ہوا کرتی تھی۔ اور میری ڈیوٹی سکیورٹی کی ٹیم کے ساتھ ہوتی تھی۔ ان بابرکت مواقع پر اکثر باجی امۃ الحیٔ صاحبہ کا ہنستا مُسکراتا چہرہ دکھائی دینے لگا۔ جب بھی پاس سے گُزرتیں ایک پیاری سی مسکراہٹ کا تُحفہ دے کر جاتی تھیں۔ عید کی نماز پڑھنے جاتے تو آپ تکبیرات پڑھتے ہوئے دکھائی دیتیں۔ بُہت ہلکے پُھلکے انداز میں نصیحت کرتے ہوئے نظر آتیں۔ ہر ایک کے لئے اُن کی آنکھوں میں مُحبت کے جھرنے بہہ رہے ہوتے تھے۔ بُہت ہنس مُکھ، سادہ اور کُھلی طبیعت کی مالکہ تھیں۔ بُہت آہستگی اور سادگی سے ہر بات صاف صاف کہہ دیتی تھیں۔

آپ کو خلافت سے بے حد محبت تھی اور خلیفہ وقت کی دعاؤں پر کامل یقین تھا۔ اسی لئے جب بھی میں انکو اپنے لئے یا اپنے بچوں کے لئے دعا کی درخواست کرتی تو آپ کا جواب ہمیشہ یہی ہوتا۔ حضور ایدّہ اللہ کو خط لکھا ہے؟

ایک بار میرے پاس سے گُزریں اور سلام کر کے آگے بڑھ گئیں۔ تھوڑا آگے جا کر پھر مُڑ کر آئیں۔ اور پُوچھا امۃ البصیر خیریت ہے۔ کُچھ اُداس لگ رہی ہو۔ میں نے کہا بس بچوں کے لئے دُعا کر رہی تھی۔ آپ بھی میرے بچوں کے لئے دُعا کریں۔ خاص طور پر میرے بیٹے کے لئے دعا کریں، وُہ جامعہ تو نہیں گیا پر دعا کریں وہ واقفِ زندگی بنے۔ آپ نے یکدم کہا، ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ اُسے بیت الفتوح میں ہی لے آئے۔ ایسے کہہ کر مُسکرا کر چلی گئیں۔

پھر میں جب بھی ملتی اُن سے اِسی دُعا کا کہتی۔ ایک دن کہنے لگیں۔ تُم نے اتنی بار مُجھے دُعا کے لئے کہا ہے کہ میں نے اپنے خاوند کو بھی اس دُعا میں شامل کر لیا ہے۔ آخر جب میں نے اُن کو فون پر بتایا کہ میرے بیٹے نے زندگی وقف کر دی ہے تو فوراً بولیں، لو تُم نے آٹھ سال سے مُجھے اِس دُعا پہ لگایا ہوا تھا آج اللہ نے سُن لی۔ اور مُبارک دی۔ آپ کے مُنہ سے نکلے ہوئے بابرکت الفاظ کو خدا نے یوں پُورا فرمایا کہ میرا بیٹا بیت الفتوح میں ہی خدمت سرانجام دینے لگا۔ الحمدللہ۔ اِسی بیٹے کی شادی کی تیاری کے دنوں میں کوشش کے باوجود اُن سے رابطہ نہیں ہو رہا تھا۔ میں نے ان کے گھر پر فون کیا تو بھی نہ ملیں، اُن کے میاں نے پُوچھا کہ کوئی پیغام ہے تو دے دیں۔ میں نے بتایا کہ میرے بیٹے کی شادی ہے، دعوت دینی تھی۔ خیر رابطہ نہ ہو سکا مگر شادی کے روز اچانک تشریف لے آئیں اور کہا کہ میں مصروف تھی آ نہیں سکتی تھی۔ لیکن میں نے سوچا، جانا تو ضرور ہے، بھلے دس منٹ کے لئے ہی جاؤں۔ اور یوں میری دلداری کی۔

ایک اور واقعہ یاد آرہا ہے کہ ایک بار میں نے مینا بازار سے سوٹ خریدا۔ گھر آکر محسوس ہوا کہ سوٹ استعمال شُدہ ہے۔ میں نے سرسری طور پر باجی سے اس بات کا ذکر کیا۔ پُوچھنے لگیں، کون سے اسٹال سے لیا تھا۔ میں نے کہا یاد نہیں۔ تھوڑا سا بتایا، تو دو تین دن کے بعد فون آیا کہ میں نے بات کر لی ہے۔ جاؤ سوٹ واپس کر کے آؤ۔ بس بغیر کہے ہماری بعض باتوں کا خیال کر لیتی تھیں اور چھوٹی سی تکلیف کو بھی محسوس کر لیتی تھیں۔

اپنی نصائح میں حضرت اماں جانؓ کا ذکر کیا کرتی تھیں۔ بچوں کی تربیت پر توجہ دینے کا کہتیں۔ آپ کی پیاری پیاری یادیں ہمیشہ ہمارے دلوں میں رہیں گی۔

میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اُنہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ہم اُن کے اعلیٰ نمونے کو اپنانے والے ہوں۔ آمین

عملی سے گزارہ کیا۔ اپنے گھر کو سلیقہ سے سجایا اور اپنے بچوں کی تربیت پر توجہ دی۔

مجھے اکثر اس کے سگھڑاپے کی ایک بات یاد آتی ہے۔ حضرت سیدہ اُمِّ متین صاحبہ نوراللہ مرقدھا کی لندن تشریف آوری کے موقعہ پر جب آپ نارتھ کے دورہ پر تشریف لے گئیں تو مجھے بھی ساتھ جانے کی سعادت ملی اور امۃ الحیٔ کے ہاں ہی قیام تھا۔ کھانا پکانے کی باتیں ہو رہی تھیں تو امۃ الحیٔ نے بتایا کہ میں تھوڑے تھوڑے جو کھانے بچتے ہیں انہیں فریز کر لیتی ہوں اور بعد میں چاول ڈال کر بریانی بنا لیتی ہوں۔ اس کھانے کا نام اس نے 'نو لکھا' رکھا ہوا تھا۔

گھر کی صفائی کا بہت خیال کرتی، اپنی علالت کے آخری ایّام میں بھی صفائی پر نگاہ ہوتی۔ بہت باہمت تھیں۔ اللہ کی رحمت سے کبھی مایوس نہ ہوئیں بلکہ ہمیشہ یہی کہا کہ میں پہلے سے بہتر ہوں۔ دوسروں کی تکلیف میں مدد کرتیں۔ مجھے یاد ہے غالباً 2016 میں جماعت کا ایک ڈنر تھا۔ میں بھی اس میں موجود تھی۔ اچانک میری طبیعت خراب ہوئی تو امۃ الحیٔ نے فوراً اپنی بیٹی کے گھر سے crategus منگوائی۔ اس کے بعد اپنے شوہر محترم ڈاکٹر حامد اللہ صاحب کو مردانہ سے بلایا جنھوں نے مناسب مدد کی۔ اللہ جزائے خیر دے آمین۔

امۃ الحیٔ لجنہ اماءاللہ برطانیہ اور خاص طور پر نارتھ کی لجنہ کی روح رواں تھیں۔ تمام عمر نہایت قابلیت کے ساتھ اپنے فرائض نبھائے۔ جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقعہ پر شعبہ ضیافت اور پھر ڈسپلن جلسہ گاہ کی ڈیوٹی احسن طریق سے ادا کی۔ مجھے یقین ہے کہ جلسہ سالانہ میں شمولیت کرنے والیوں کو امۃ الحیٔ مرحومہ کا حاضرات کو خاموش کروانے کی خاطر 3 منٹ کے لئے منہ پر انگلی رکھوانا خوب یاد ہو گا۔ ڈیوٹی کے دوران دوسروں کی مجبوریوں کو بھی سمجھتی تھیں اور مدد کرتیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس باہمت، خلافت کی وفا شعار، خدمتِ خلق اور خدمتِ دین میں مستعد ہستی کو جنّت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ اپنے فضل و رحمت کی بارش اس پر برساتا رہے اور اس کے بچوں کو اپنی والدہ کے نیک اور اعلیٰ نمونے پر چلنے کی توفیق دیتا رہے اور ان کا حافظ و ناصر ہو آمین۔

## نظامِ جماعت یا عہدیدار کے خلاف شکوہ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

" اپنے گھروں میں کبھی ایسی بات نہیں کرنی چاہئے جس سے نظامِ جماعت کی تخفیف ہوتی ہو یا کسی عہدیدار کے خلاف شکوہ ہو۔ وہ شکوہ اگر سچا بھی ہے پھر بھی اگر آپ نے اپنے گھر میں کیا تو آپ کے بچے ہمیشہ کے لئے اس سے زخمی ہو جائیں گے۔ آپ تو شکوہ کرنے کے باوجود اپنے ایمان کی حفاظت کر سکتے ہیں لیکن آپ کے بچے زیادہ گہرا زخم محسوس کریں گے۔ یہ ایسا زخم ہوا کرتا ہے کہ جس کو لگتا ہے اس کو کم لگتا ہے۔ جو قریب کا دیکھنے والا ہے اُس کو زیادہ لگتا ہے۔ اس لئے اکثر وہ لوگ جو نظامِ جماعت پر تبصرے کرنے میں بے احتیاطی کرتے ہیں۔ ان کی اولادوں کو کم و بیش ضرور نقصان پہنچتا ہے۔ اور بعض ہمیشہ کے لئے ضائع ہو جاتی ہیں۔"

(خطباتِ مسرور جلد اول، صفحہ 150-149) (ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2010)



# صاحبزادی امۃ الحئی مرحومہ

امۃ الرشید احمد صاحبہ (Hounslow)

امۃ الحئی صاحبہ کے لئے مرحومہ کا لفظ لکھتے ہوئے ابھی بھی بہت عجیب سا لگتا ہے۔ میری آنکھوں کے سامنے وہ چھوٹے قد و قامت کی پیاری سی لڑکی آجاتی ہے جو ہر وقت خدمت خلق اور خدمت دین کے لئے تیار ہوتی تھی۔

مجھے امۃ الحئی کے ساتھ 1974 سے 1997 تک لجنہ کی تنظیم میں کام کرنے کا موقعہ ملا اور ان کی اہلیت، قابلیت اور جوش و جذبہ مجھے ہمیشہ متاثر کرتا رہا۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں بہت سے فضلوں اور خوبیوں سے نوازا ہوا تھا۔ سب سے بڑا انعامِ خداوندی تو یہ کہ انہیں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جسمانی نسل ہونے کا شرف حاصل تھا اور اس انعام کی قدر کرتے ہوئے آپ خلیفۂ وقت کی پوری عقیدت و احترام سے اطاعت کرتیں۔ خدمتِ دین کے سلسلہ میں انہیں Huddersfield اور سپین ویلی کی لجنہ میں مختلف شعبہ جات، خاص طور پر صدر لجنہ Huddersfield اور صدر لجنہ سپین ویلی کے عہدے پر لجنہ کی تربیت کرنے کی بہت توفیق ملی۔ آپ نارتھ کی لجنہ کی روح رواں تھیں۔

1987 میں حضرت سیّدہ اُمِّ متین صاحبہ [نوراللہ مرقدھا] صدر لجنہ مرکزیہ جب لندن تشریف لائیں تو امۃ الحئی صاحبہ کے ذمہ ریجنل صدر نارتھ کی ذمہ داری لگائی۔ بقول امۃ الحئی کے وہ بہت گھبرائی کہ یہ ذمہ داری کیسے ادا کروں گی۔ لیکن بہر حال اللہ تعالیٰ نے ان پر بہت فضل فرمایا اور انہیں بہت عمدگی سے کام کرنے کی توفیق ملی۔

نارتھ کا ریجن بہت بڑا تھا۔ سکاٹ لینڈ تک پھیلا ہوا تھا۔ یہ لجنہ کا پہلا ریجن تھا۔ باقی ریجنز بعد میں بنے تھے۔ امۃ الحئی اس وسیع علاقے کی تمام لجنہ کا باقاعدگی سے دورہ کرتی رہیں اور ان کی رہنمائی کرتی رہیں۔ خاص طور پر تربیت پر ہمیشہ خاص توجہ دی۔

ہر انسان کی زندگی میں اس کو پرکھنے کے بہت سے پیمانے ہوتے ہیں۔ امۃ الحئی کی چند خوبیاں جو میرے نزدیک قابل قدر تھیں ان میں سب سے بڑی خوبی دوسروں کا ادب تھا۔ اعلیٰ اخلاق کی مالک، باوقار لباس میں ملبوس۔ آپ خاص طور پر اس ملک کی بچیوں (ناصرات) کے لئے ایک نمونہ تھیں۔

امۃ الحئی اپنے بھائیوں کی اکلوتی، لاڈلی بہن تھیں مگر جب شادی کی ذمہ داریاں پڑیں تو اتنے بڑے سسرال میں بہت پیار اور حکمت

ایک باکمال شخصیت تھیں۔ مجھے اُنکی باکمال صلاحیتوں پر اور انکسار پر حیرت بھی ہوتی تھی۔ لندن میں شروع کے زمانہ میں پاکستان سے آئی ہوئی بہنیں جب شِکوہ کرتیں کہ یہاں کام بہت کرنا پڑتا ہے تو ہنس کر کہتیں "مجھے تو مشکل نہیں لگتا، میں نے سارا دن ہاتھوں پر gloves پہنے ہوتے ہیں اور صفائیاں کر رہی ہوتی ہوں، اگر آپکو مشکل لگتا ہے تو مجھے بُلالیا کریں میں مدد کروادونگی۔"

سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اس پیاری جسمانی اور روحانی اولاد میں سے یہ بہت پیارا اور محترم وجود، یہ فرشتہ صفت روح جس کی صحبت کا فیض ہمیں حاصل تھا، ہم سے جُدا ہو کر اپنے مولیٰ کے حضور حاضر ہوگئی ہیں۔

بہنیں دعا کریں کہ مولیٰ کریم اپنے فضلِ بے پایاں کے طُفیل ہماری پیاری آپا امتہ الحئی کی بے حساب مغفرت فرمائے اور اپنا قُرب عطا فرمائے۔ اور اپنے پیاروں کے قُرب میں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ اُنکے سب پیاروں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ اُنکی دعاؤں کے پھل مسیح پاک علیہ السلام کی پیاری جماعت کو اور اُن کے سب پیاروں کو ہمیشہ ملتے چلے جائیں۔ ہمیں بھی اللہ تعالیٰ اُن نیکیوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہم سب کے انجام بخیر ہوں۔ آمین۔

حضرت محمد بن قیس ؓ بیان کرتے ہیں کہ اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہانے ایک بار فرمایا کہ مَیں تمہیں ایک واقعہ سناتی ہوں۔ ایک رات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی باری میرے ہاں تھی۔ آپ ﷺ نے پہننے کے زائد کپڑے اُتارے جوتی اتاری اور سونے کے لئے لیٹ گئے۔ کچھ دیر کے بعد آپ ﷺ نے اندازہ لگایا کہ مَیں سوگئی ہوں آپ ﷺ آہستہ سے اٹھے کپڑے پہنے اور جوتی پہن کر باہر نکل گئے۔ میں جاگ رہی تھی۔ مَیں نے بھی اپنی اوڑھنی لی اور اچھی طرح چادر لپیٹ کر آپ ﷺ کے پیچھے چل پڑی۔ مَیں نے دیکھا کہ آپ ﷺ جنّت البقیع میں پہنچے ہیں اور وہاں بڑی دیر تک دعا کرتے رہے پھر تین دفعہ اپنے ہاتھ اٹھائے اور اس کے بعد آپ ﷺ واپس مڑے تو مَیں بھی واپس چل پڑی۔ آپ ﷺ کچھ تیز ہوئے تو مَیں بھی تیز چلنے لگی۔ آپ ﷺ اور تیز ہوئے تو مَیں اور تیز چلی۔ چنانچہ مَیں آپ ﷺ سے پہلے گھر پہنچ گئی اور جاکر بستر پر لیٹ گئی۔ آپ ﷺ اندر آئے اور پوچھا عائشہ کیا بات ہے۔ تمہارا سانس کیوں پھولا ہوا ہے؟

عائشہ کہتی ہیں کہ میں نے جواب دیا کہ کچھ نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ کچھ تو ہے مجھے صحیح صحیح بتاؤ ورنہ میرا لطیف وخبیر خدا مجھے بتادے گا۔ مَیں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول میرے ماں باپ آپ ﷺ پر فدا ہوں۔ مَیں دراصل آپ ﷺ کے تعاقب میں گئی تھی تاکہ معلوم کروں کہ آپ ﷺ رات کے وقت کہاں جارہے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا تو وہ سایہ کی طرح نشان تُو تھی جسے میں کچھ فاصلہ پر اپنے آگے چلتا دیکھتا رہا۔ مَیں نے عرض کیا ہاں حضور ﷺ یہ میں ہی تھی۔ آپ ﷺ نے ایک ٹُھوکا میرے سینے پر مارا اور فرمایا۔ کیا تُو سمجھتی ہے کہ اللہ اور اس کے رسول تجھ پر ظلم اور زیادتی کریں گے اور تیرا حق ماریں گے تم نے ایسی بدگمانی کیوں کی؟ عائشہ کہتی ہیں میں نے دل میں سوچا کہ کئی لوگ دوسروں سے اپنی بات چھپاتے ہیں لیکن اللہ اسے جانتا ہے یعنی میری چوری پکڑی گئی۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا بات دراصل یہ ہے کہ اس وقت جبرائیل میرے پاس آئے تھے اور انہوں نے مجھے آہستہ سے اشارہ کیا تاکہ تجھے پتہ نہ چلے۔ تو میں نے بھی تجھ سے بات چھپائی۔ حقیقت یہ ہے کہ جبرائیل اس حال میں تمہارے سامنے نہیں آنا چاہتے تھے کہ تم نائٹ ڈریس میں ہو اور سوئی ہوئی ہو اور میں نے بھی یہ خیال کیا کہ تم سوچکی ہو اور تمہیں اٹھانا مناسب نہیں بہر حال جبرائیل نے مجھے باہر بُلا کر کہا کہ تیرا رب تجھے حکم دیتا ہے کہ جنّت البقیع میں شہداء کی قبروں پر جاؤ اور ان کی بخشش کی دُعا کرو۔ حضرت عائشہ ؓ کہتی ہیں کہ میں نے اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے عرض کیا۔ بزرگوں کی قبروں پر جاکر کیا دعا کرنی چاہیئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ یوں دعا مانگا کرو۔ اس جگہ میں رہنے والے مومنوں اور مسلمانوں پر اللہ کی سلامتی ہو۔ ہم میں سے جو پہلے جاچکے ہیں اور جو بعد میں جائیں گے سب پر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت نازل کرے ہم بھی انشاء اللہ جلد تم لوگوں سے ملنے والے ہیں۔

(مسلم کتاب الجنائز باب ماقال عند دخول القبور والدّعاء لاھلھا)(حدیقتہ الصالحین، صفحہ نمبر 582-580، ایڈیشن 2003)

تقاریب میں اکٹھے چلے جاتے، بہت دفعہ وہ اصرار کرتیں کہ وہ خود ہی گاڑی چلائیں گی اور مجھے ساتھ لے کر جائیں گی۔ ہر وقت خدمتِ دین پر کمربستہ رہتیں۔ میں نے دیکھا کہ بی بی امتہ الحئ خلافت سے شدید وارفتگی کے ساتھ گہرا تعلق رکھتی تھیں ۔جب خاص مُسکراہٹ اور محبت و احترام سے ''حضرت صاحب'' کہتیں تو آنکھیں جگمگا اُٹھتیں۔ میں فوراً اِشتیاق سے سُنتی کہ حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی کیا بات بتانے لگی ہیں۔

ہم کسی جماعتی تقریب میں جاتے تو وہ دیر تک خواتین کے پاس کھڑی اُن سے باتیں کرتی رہتیں۔ بعض مواقع پر مَیں نے اُن سے پوچھا کہ اتنی دیر کیوں لگا دیتی ہیں خواتین کے ساتھ؟ تو اُنکا جواب ہوتا کہ ''میں جب اس مُلک میں آئی تھی تواِن لوگوں نے مجھے اِسقدر پیار دیا کہ میں بتا نہیں سکتی۔ یہ دراصل اُنکا حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے پیار کا اظہار ہے، اس خیال سے میرے دل میں ان سب لوگوں سے شدید محبت ہے۔''

نمازوں میں گہرا شغف رکھتی تھیں، پنجوقتہ نمازوں کے علاوہ نوافل بھی پڑھتی رہتی تھیں۔ مگر اُسکا اظہار سخت ناپسند تھا۔ میاں سے بھی کہا ہوا تھا کہ کسی کا فون آجائے تو بالکل نہ بتائیں کہ نفل پڑھ رہی ہیں۔

چندوں کی ادائیگی کی تو سخت بے چین کرنے والی فکر رکھتی تھیں کہ جب تک تمام چندے ادا نہ ہو جائیں، سُکون محسوس نہیں کرتی تھیں۔ ہماری مجلس ساوتھ چیم کی صدر لجنہ نے مجھے بتایا کہ چندوں کے لئے اصرار کرتی تھیں کہ سب سے پہلے ہر تحریک میں چندہ اُن سے لیا جائے۔

قُرآنِ کریم سے گہری محبت رکھتی تھیں۔ لجنہ کے اجلاسوں اور اجتماعات کے موقع پر بہت احترام اور توجہ سے تلاوت کے مقابلہ جات سُنتیں اور جہاں تلاوت بہتر کرنے کی ضرورت ہوتی، توجہ دلاتیں۔

اخلاق بہت اعلیٰ درجہ کے تھے۔ ایک دفعہ جلسہ کی ضیافت کی ڈیوٹی کے دوران سخت پریشر کے وقت میں اُنہوں نے ایک بہن کو ڈانٹ دیا، بعد میں خود بھی اُن سے معافی مانگی اور کچھ دن بعد مجھے بھی کہا کہ انتظام کو ٹھیک چلانے کے جوش میں بعض دفعہ انسان پریشر میں آجاتا ہے، میری طرف سے آپ بھی اُن سے کہنا کہ وہ مجھے معاف کر دیں۔

میں نے ایک دفعہ اُنہیں بتایا تھا کہ ڈاکٹر نے مجھے پیٹ میں السر کا خدشہ بتایا جس سے طبیعت میں پریشانی تھی۔ اُنہی دنوں میں نے خواب میں اپنی امی کو دیکھا جنہوں نے کہا کہ تُم ستّو پیو، ٹھیک ہو جاؤگی۔ اُسکے بعد سے پاکستان سے میری امی مجھے ستو بھیجا کرتی تھیں۔ امی کی وفات کے بعد گرمیوں میں آپا امتہ الحئ کے پاس پاکستان سے ستّو آتے تو مجھے ضرور بھیجا کرتیں۔

میرے بچوں کے معاملات میں گہری دلچسپی لیتیں۔ قیمتی مشوروں سے نوازتیں۔ بچوں کو بھی گھر پر بُلاتیں۔ اُن سے بہت محبت سے پیش آتیں، نیکیوں کی تلقین کرتیں۔

خاکسارہ کو چھ سال مدیرہ النصرت کے طور پر خدمت کی توفیق ملی۔ آپا امتہ الحئ مجلسِ ادارت کی ممبر تھیں۔ ہر مضمون کے ہر نکتہ کی تفصیل پر سَیر حاصل تبادلہ خیال کرتیں۔ اُسوقت خاکسارہ کو اُنکی علمی قابلیت کا بھی صحیح اندازہ ہوا۔ دینی معاملات کا گہرا فہم رکھتی تھیں۔ common sense بھی بہت اعلیٰ درجہ کا تھا اور طبیعت میں مزاح کی حِس بھی بہت تھی۔ بہت جلدی ٹیکنالوجی سے بھی بھرپور فائدہ اُٹھانے لگیں۔ مضامین کو کمپیوٹر پر پڑھنا پسند کرتی تھیں۔ حافظہ بھی اللہ تعالیٰ نے خوب عطا فرمایا تھا۔ ایک دفعہ مضمون کو پڑھ لیتیں پھر فون پر تفصیل سے تمام باریکیوں پر روشنی ڈالتیں۔ نکات کو اکثر بڑے آسان طریق سے بیان کرتیں اور بعض دفعہ نکتہ سمجھانے کے لئے مثال کے طور پر حقیقت کے برعکس صورت ایسے بیان کرتیں کہ ہنس ہنس کر میں لوٹ پوٹ ہو جاتی۔

کھانے پکانے اور دعوتیں کرنے میں بھی ثانی نہیں رکھتی تھیں۔ سلیقہ شعار اور ہُنر مند خاتون تھیں۔ اپنوں سے تو شفقت کا سُلوک کرتی ہی تھیں، سُسرالی رشتوں کو بھی بڑی قدر کے ساتھ نبھاتی تھیں۔

طرح ہی تھے۔

اپنے برطانیہ کے قیام کے شروع سے ہی آپا امتہ الحیٔ نے اپنی ہمدردی، ملنساری اور افرادِ جماعت سے نہایت درجہ تواضع سے ملنے سے سب کے دل جیت لئے تھے۔ جس سے بھی ملتیں اُس کے ذاتی حالات میں دلی ہمدردی سے دلچسپی لیتیں اور دعاؤں سے اعانت کرتیں۔ انگلستان میں سیّدنا حضرت مسیح پاک علیہ السلام کے خاندان کا یہ پیارا فرد اپنے درمیان دیکھ کر افرادِ جماعت اپنے آپ کو خوش نصیب محسوس کرتے۔ اور اُنہوں نے بھی تمام افرادِ جماعت کو بے حد محبت سے نوازا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ کے انگلستان کے دورہ جات کے دوران تو اکثر وقت آپا امتہ الحیٔ لندن میں ہی ہوتیں۔ یہاں بھی حضرت سیّدہ منصورہ بیگم صاحبہ کا شفقت سے بھرپور ارشاد ہوتا تھا کہ روز شام کے وقت سب خواتین آکر اُنکے پاس بیٹھیں۔ ہم میں سے پندرہ بیس خواتین اکثر اُس پیاری محفل میں شریک ہونے کی سعادت پاتیں۔ بیگم صاحبہ کے علم میں تھا کہ ہم میں سے اکثر خواتین سالہا سال سے والدین، بہن بھائیوں اور عزیزوں سے بچھڑی ہوئی تھیں، وہ حالات پوچھتیں تو فوراً ہی آنسوؤں کی جھڑیاں لگ جاتیں، نظمیں بھی پڑھی جاتیں، لطیفے بھی ہوتے۔ اُن مواقع پر آپا امتہ الحیٔ جو ایک ایک کے حالات سے پوری واقفیت اور تعلق رکھتی تھیں، سب کو گفتگو میں شریک ہونے کی طرف مائل کرتی رہتیں۔

خلافتِ رابعہ کے دور میں بھی ہمہ وقت وہ جماعتی خدمات میں مصروف رہیں، بہت لمبے عرصہ تک Yorkshire ریجن کی صدر لجنہ کے طور پر خدمات بجالاتی رہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ بھی بی بی اامتہ الحیٔ سے از حد شفقت اور محبت کا اظہار فرماتے تھے۔ خلافتِ خامسہ کے بابرکت دور میں بھی یہی حال رہا، اس کے باوجود اُنکے انکسار میں کبھی ذرّہ برابر بھی فرق نہ آیا۔

مجھے بفضلِ تعالیٰ سالہا سال اُنکے ساتھ لجنہ کے مختلف شعبہ جات میں خدمت کی توفیق ملتی رہی، میں نے مشاہدہ کیا کہ وہ ہمیشہ نظام کی پوری اطاعت کرتی تھیں۔ جو خواتین بھی آپ سے ملتیں، آپ انہیں زندگی کے ہر شعبہ میں معلومات فراہم کرتیں، نُسخہ جات بتاتیں، گھروں کو خوشگوار بنانے کے طریقے سکھاتیں، دعاؤں کی طرف توجہ دِلاتیں۔ اور اگر کوئی تربیتی بات کہنی پڑتی تو نہایت ہمدردی سے مگر بغیر ہچکچاہٹ کے صاف اور بے ساختہ طریق سے بات کرتیں۔ اُنکی مُخلصانہ باتوں کا لوگوں پر بڑا گہرا اثر ہوتا۔

ایک دفعہ مسجد کے باہر ایک بچی کو قریب بُلایا، پیار کیا، اُسکے بعد اُسے بہت درد سے کہا "بچے تمھیں پتہ ہے حضرت صاحب نے فرمایا ہوا ہے کہ ہماری بچیّاں گھٹنوں سے اوپر کوٹ نہ پہنیں۔ آپ کا کوٹ بہت چھوٹا ہے۔" بات کر رہی تھیں مگر چہرے پر سخت رنج کے آثار تھے۔ بعض دفعہ بچیوں کو دُکانوں کے نام بتاتی تھیں جہاں سے مُناسب کوٹ، مناسب قیمت پر مِل سکتے ہوں۔ بعض دفعہ گزرتے گزرتے بھی کسی بچی کو کہتیں "بچے دوپٹہ سر پر لے لو، اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔"

ایک بہن نے بتایا کہ ایک جماعتی کلاس میں نوجوان بچیوں کو ایک موقع پر ہنسانے کے لئے چند لطیفے سنائے گئے۔ اُن لطیفوں میں شوہروں کا مذاق اُڑایا گیا تھا۔ بی بی امتہ الحیٔ فوراً سٹیج پر آئیں اور اُنہوں نے کہا کہ ایسے لطیفے ایک جماعتی مجلس میں ہرگز نہیں بیان کرنے چاہئیں۔ ہم نے تو اپنی بچیوں کو یہ تربیت دینی ہے کہ شوہر کا احترام اور عزّت کرنا ہمارے دین کی رو سے عورت کے لئے فرض ہے۔ اور اتنے جوش سے یہ بات بیان کی کہ بتانے والی کہتی ہیں کہ اُن کی یہ بات ذہن پر نقش ہوگئی۔

لندن شِفٹ ہوئیں تو کہنے لگیں چلو اللہ تعالیٰ تمھارے ہمسایہ میں لے آیا ہے۔ میں کہتی "آپا امتہ الحیٔ! سالہا سال میرے آنسوؤں نے ان pavements کو دھویا ہے، جب میں دعا کرتی تھی کہ مولیٰ کریم! میرے پیاروں کو میرے قریب لے آ"، تو دیکھیں اللہ تعالیٰ نے کتنی پیاری ہستی کا قُرب عطا فرمایا ہے۔

محلہ میں آگئی تھیں تو بڑی بہن کی طرح اس قدر خیال رکھتیں کہ میں خدا تعالیٰ کے اس فضل پر ناز کرتی۔ ہم دونوں اکثر جماعتی





# میری پیاری آپا امتہ الحیٔ

حامدہ سنوری فاروقی صاحبہ (ساؤتھ چیم)

مجھے اس وقت شدت سے یہ بات یاد آرہی ہے کہ میں اپنی والدہ کے ساتھ حضرت سیّدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں ربوہ مُلاقات کے لئے حاضر ہوئی تو بیگم صاحبہؓ نے اپنے کمرہ میں شرفِ مُلاقات بخشا اور فرمایا کہ حال ہی میں میری نواسی امتہ الحیٔ کی شادی ہوئی ہے۔ ہمیں اُنکی تصویر دکھائی جو فریم میں لگاکر اُنہوں نے اپنے سرہانے رکھی ہوئی تھی۔ پھر فرمایا کہ بعض وُجوہات کی بِنا پر میں نے اِس بچی کے لئے بہت ہی زیادہ، بہت ہی خاص دعائیں کی ہوئی ہیں۔ اب الفاظ پورے یاد نہیں ہیں مگر دعاؤں کی کچھ کیفیت بیان فرمائی تھی کہ انتہا تک پہنچی ہوئی دعائیں تھیں۔ میں نے اکثر سوچا کہ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ وہ دعا کیا تھی مگر آپا امتہ الحیٔ اُن دعاؤں کی قبولیت کا جیتا جاگتا ثبوت تھیں۔

میں نے بی بی امتہ الحیٔ کو اپنے بچپن سے ربوہ جلسہ پر ضیافت کی ڈیوٹیاں دیتے ہوئے دیکھا ہوا تھا، بہت ہی پیاری، معصوم سی مُسکراہٹ ہر وقت چہرے پر کھیلتی رہتی۔ ہم جلسہ سے فارغ ہو کر اُنکے امی ابا کے گھر میں بھی مُلاقات کے لئے جایا کرتے تھے۔

ایک دورہ کے موقعہ پر جب حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے کچھ عرصہ کراچی میں قیام فرمایا تو بی بی امتہ الحیٔ بھی خاندان کے دیگر افراد کے ساتھ وہاں ٹھہریں۔ اُسوقت اُن پر حضرت سیّدہ منصورہ بیگم صاحبہ نور اللہ مرقدھا کی خاص محبت اور شفقت ہم نے دیکھی۔ ہم لڑکیاں سیّدہ بیگم صاحبہ کے اِرشاد پر روز مُلاقات کے لئے قیامگاہ پر جاتی تھیں۔ اُسوقت سے آپا امتہ الحیٔ سے اچھی واقفیت ہوگئی تھی۔ مجھ سے عمر میں تقریباً چھ سات سال بڑی تھیں۔ ہم سب لڑکیاں اُنہیں اُنکے پیار سے پُکارے جانے والے نام سے ”آپا تلّو“ کہتی تھیں۔ وہ ہم سے بہت بے تکلفی سے بیٹھ کر باتیں کرتیں۔

جب میں 1975ء میں شادی ہو کر انگلستان آئی تو آپا امتہ الحیٔ Yorkshire میں رہتی تھیں مگر باقاعدگی سے تمام مرکزی تقاریب میں شرکت کرنے کے لئے لندن آتی تھیں۔ بے حد پیار سے مِلتیں، سب کا حال پوچھتیں۔ لندن میں اُسوقت جماعت بہت چھوٹی سی تھی۔ ہم تھوڑے سے لوگ ایک گھرانہ کے افراد کی

**بی بی کی محبّت:** آپ بہت زیادہ محبّت اور پیار کا سلوک کرتیں اور بہت بے تکلّف گفتگو کرتیں۔ آپ میں بے انتہا اپنائیت تھی۔ اجتماع پر جاتے ہوئے، واپس آتے ہوئے، اکثر مسجد یا کسی پروگرام سے واپس آتے ہوئے میرے ساتھ آتیں۔ بہت پیاری پیاری باتیں اور واقعات بتاتیں۔ ان کی محبّت کا ایک انداز تو میں کبھی نہیں بھول سکتی۔ جب بھی عاملہ میٹنگ ہوتی اور نماز کا وقت ہوتا تو ہمیشہ مجھے امامت کرنے کا کہتیں۔ میں کسی قابل نہیں لیکن یہ صرف میری پیاری بی بی کی محبّت اور ذرہ نوازی تھی۔

بی بی کی سراسر محبّت ہی تھی کہ میرے گھر متعدد بار تشریف لائیں۔ ایک دفعہ میرے گھر آئیں تو میرے چھوٹے بیٹے نے عادتاً اپنا ہاتھ سلام کرنے کے لئے آگے کر دیا۔ بی بی نے پوچھا کتنے سال کے ہو گئے ہو۔ کہنے لگا آٹھ سال کا۔ بی بی بولیں اب ہاتھ نہیں ملانا۔ پھر اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر پیار دے دیا۔ تب سے میرا بیٹا عورتوں سے ہاتھ نہیں ملاتا، کہتا ہے بی بی نے نصیحت کی تھی۔ بہت ہی پیارے انداز سے نصیحت کرتیں۔ ہر بات دل میں اتر جاتی۔

**خلافت کی اطاعت:** آپ کا نمایاں وصف خلافت کی اطاعت اور کامل اطاعت کی صورت میں دیکھا۔ ہر بات، ہر معاملہ میں انہیں بہت زیادہ خلیفۂ وقت کی اطاعت کرتے پایا۔

میری بڑی بیٹی آئی ہوئی تھی۔ بی بی آئیں تو کہنے لگیں: تم موٹی ہوتی جارہی ہو۔ کچھ فکر کرو اور خود کو ٹھیک کرو۔ میں نے کہا بی بی یہ حضور ایدہُ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو ملنے گئی تھی تو حضور نے بھی 5 کلو وزن گھٹانے کو کہا ہے۔ یکدم کہنے لگیں کہ ہاں ضرور! جیسے حضور نے کہا ہے ویسے ہی کرو۔

**تربیت کا انداز:** آپ کی تربیت کا انداز بہت جداگانہ اور محبّت سے بھرپور تھا۔ ایک میٹنگ میں مَیں اپنی بیٹی کا دوپٹہ ٹھیک کر رہی تھی تو بی بی نے دیکھ لیا۔ بعد میں بی بی نے مجھے ڈانٹا کہ تم تو اس کے پیچھے پڑی رہتی ہو۔ صرف اشارہ کافی ہوتا ہے۔ یعنی اشارے سے اسے دوپٹہ ٹھیک کرنے کا کہہ سکتی تھیں۔

میں بی بی کو بہت زیادہ اپنی بیٹی کے لئے دعا کی درخواست کرتی رہتی تھی۔ بی بی نے میرے بچوں کے لئے بہت دعائیں کی ہیں۔ بہت تسلّی دیتیں کہ فکر نہ کرو، بس دعا کیا کرو۔ بی بی جب بیمار تھیں، میں نے اپنی بیٹی سے کہا: "بی بی کے لئے بہت دعا کرو۔ تمہیں پتہ ہے تم سے کتنا پیار کرتی ہیں"۔ کہنے لگی: "ہاں آپ سے مجھے بچاتی تھیں"۔

یادوں کے اس انبار میں کیا کیا یاد کروں۔ ہر ایک لمحہ ایک یاد ہے۔ وہ تمام لمحے، میری وہ تمام یادیں، میری پیاری بی بی کے ساتھ گزارا ہوا وہ سارا وقت میرے لیے ایک انمول سرمایہ ہے۔

**جلسہ کی ڈیوٹی:** بی بی ہر کام بہت توجہ سے اور نکھار کر کرتیں۔ انکو جلسہ کی ڈیوٹی تو پچھلے کئی سالوں سے دیتے ہوئے دیکھتے آرہے تھے۔ سارا دن مارکی میں گھومتیں اور کبھی نہ تھکتیں۔ ایک دفعہ ہم بہت صبح مارکی میں پہنچے تو چند لجنہ ممبر صفائی کررہی تھیں۔ ہم نے دیکھا کہ بی بی وہاں موجود تھیں، حالانکہ ان کی Discipline کی ڈیوٹی ہوتی تھی۔ صبح سویرے انہیں وہاں دیکھ کر میں نے کہا بی بی آپ اتنی صبح؟ کہنے لگیں: ہاں میں اپنی نگرانی میں صفائی کروا رہی ہوں۔ بہت باہمّت و باحوصلہ تھیں۔

**اللہ پر توکّل:** ان کے اللہ پر توکل کی بہت زیادہ مثالیں ہیں۔ لیکن اپنی بیماری میں خاص کر، خود کو اللہ کے سپرد کر کے اسی پر توکّل کی ایک عظیم مثال قائم کی۔

میں ہر لمحہ بی بی کے لئے دعاگو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند سے بلند تر کرتا چلا جائے۔ جنّت میں اعلیٰ مقام دے۔ ان کی نسل کو اللہ، اس کے خلیفہ اور اس کی جماعت سے منسلک اور کامل وفادار بنائے آمین۔

آخر میں بی بی کے لئے دعا کرتے ہوئے ان کی محترمہ نانی جان حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہؓ کے دعائیہ شعر پر ختم کرتی ہوں۔

نہ روک راہ میں مولیٰ شتاب جانے دے
کھلا تو ہے تیری "جنّت کا باب" جانے دے

درعدن، صفحہ 59



# نہ روک راہ میں مولیٰ۔۔۔

طاہرہ مومن (Cheam)

میری پیاری اور بہت ہی پیاری بی بی امۃ الحیٔ خان کی یاد میں کچھ لکھنے کی کوشش کر رہی ہوں۔ یادیں تو بے شمار ہیں کہاں سے شروع کروں۔بی بی کو ہمیشہ جماعتی پروگراموں، جلسوں اور اجتماعوں میں بہت دیکھا اور بار بار دیکھا۔ تب تک بی بی سے میرا باقاعدہ تعارف نہیں تھا۔

**تعارف:** بی بی سے میرا باقاعدہ تعارف تب ہوا جب بی بی ہمارے حلقہ Cheam میں شفٹ ہو گئیں۔ پھر آہستہ آہستہ یہ عقیدت جو پہلے سے ہی تھی، محبّت اور پھر کچھ بے تکلّفی میں تبدیل ہونے لگی۔

**بطور صدر:** بی بی کا انتخاب جب بطور صدر لجنہ ہوا تو مجھے بھی ان کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا۔ بی بی صاحبہ بہت ہی اعلیٰ ہدایات دینے والی، معاملات پر گہری نظر رکھنے والی اور نہایت معاملہ فہم تھیں۔ مجھے ان کی شخصیت نے بہت متاثر کیا۔ بی بی ضروری امور پر عاملہ ممبران سے ہمیشہ مشورہ کرتیں اور پھر ان مشوروں پر غور بھی کرتیں۔ گروپ کلاسز کے لئے گروپ بنے تو ہر گروپ میں ایک ایک عاملہ ممبر کو شامل کیا۔ ایک لجنہ ممبر کے بارے میں آپ کو کچھ تشویش تھی تو مجھے اس گروپ میں یہ کہہ کر شامل کیا کہ تم سے پوچھتی رہوں گی تو تسلّی رہے گی۔

**عاملہ میٹنگ کی اہمیت:** بی بی صاحبہ کا اصلاح کرنے کی غرض سے تاکید کا بہت ہی پیار بھرا انداز تھا۔ ویسے تو میں نے الحمدللہ کبھی کسی میٹنگ سے غیر ضروری معذرت کا سوچا تک نہیں۔ اگر کوئی دوسری مصروفیت ہوتی بھی تو میں جماعتی کام کو ترجیح دیتی اور ضرور شامل ہوتی ۔ لیکن ایک دفعہ یوں ہوا کہ میری بیٹی آئی ہوئی تھی۔ اس کے ساتھ شاپنگ کرنے جانا تھا۔ اس کے بعد شام کو اس نے اپنی نند کے ہاں جانا تھا۔ میں نے سوچا کہ آج پہلی دفعہ عاملہ میٹنگ سے معذرت کر لیتی ہوں۔ میں نے بی بی کو اپنے نہ آسکنے کا میسج کیا اور وجہ بھی لکھ دی۔ فوراً ہی بی بی کی کال آگئی، کہنے لگیں سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ تم عاملہ میٹنگ چھوڑو۔ اپنے کام اس کے بعد کر لینا۔ میں نے گھر میں بالکل اس بات کا ذکر نہیں کیا اور تیار ہو کر میٹنگ میں چلی گئی۔ بیٹی کو صرف یہ کہا کہ میں میٹنگ attend کر کے آتی ہوں، پھر چلے جائیں گے۔ بی بی نے میٹنگ میں زور دے کر ہر میٹنگ میں شمولیت کی اہمیت کو تفصیل سے سمجھایا۔ بہت اچھا لگا۔ یہ احساس اور بھی پختہ ہو گیا کہ عاملہ ممبر ہونے کے ناطے عاملہ میٹنگ میں لازماً شمولیت کرنی چاہیئے۔

خوشگوار ہیں جن میں ہم ساتھ ساتھ تھے۔ قادیان کے جلسہ سے واپسی پر ایک فنکشن پر میری ان سے ملاقات ہوئی تو جلسہ کی کامیابی پر آپ نے خوب تبصرہ کیا۔ ان کی باتیں اتنی دلنشیں تھیں کہ مجھے احساس ہوا کہ کاش میں بھی اس بابرکت جلسہ میں موجود ہوتی۔ جب میں رخصت ہونے لگی تو ایک تحفہ دیتے ہوئے فرمایا کہ یہ میں آپ کے لئے قادیان سے لائی ہوں۔ میں نے حیران ہو کر پوچھا کہ کیا واقعی یہ میرے لئے ہے؟ ہنس کر جواب دیا کہ ہاں یہ آپ ہی کے لیے ہے۔ میں نے جزاک اللہ کہتے ہوئے استفسار کیا کہ اتنی سردی اور مصروفیت میں مَیں آپ کو کیسے یاد رہی۔ جواب میں کہنے لگیں،" آپا اپنے پیارے تو ہر وقت یاد رہتے ہیں" ۔ ان کے منہ سے نکلا ہوا یہ فقرہ میرے دل و دماغ میں سرائیت کر گیا۔ وہ تحفہ گرم چادر تھی جو میں سردیوں میں ایک دو بار ضرور استعمال کرتی ہوں اور پھر ان کے لیے دل سے خوب ہی دعائیں نکلتی ہیں۔ اور ان کا یہ فقرہ" کہ اپنے پیارے تو ہر وقت یاد رہتے ہیں" بار بار میرے کانوں میں گونجتا ہے۔

تین سال پہلے میں جلسہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بعد آپ سے ملی تو دوسری باتوں کے علاوہ میں نے یہ بھی کہا کہ بعض خوش نصیب عورتوں نے بتایا ہے کہ ان کے پاس حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کپڑوں کا ٹکڑا بطور تبرک ہے۔ میرے دل میں بھی خواہش پیدا ہوئی کہ کاش میرے پاس بھی اس قسم کا تبرک ہوتا۔ بات وہیں پر ختم ہو گئی۔ لیکن دو ماہ بعد جلسہ یوم خلافت پر میری پیاری بہن امتہ الحئی صاحبہ نے مجھے ایک لفافہ دیا اور کہا کہ گھر جا کر کھولنا۔ قربان جاؤں میں اپنی بہن کی محبت پر!! گھر آ کر جب وہ لفافہ کھولا تو اس میں تبرک حضور اقدس علیہ السلام (آپ کے کپڑے کا چھوٹا سا ٹکڑا) پایا جس کے ساتھ لکھا تھا کہ اس کے سائز کو نہ دیکھیں بلکہ اس کی برکات کا سوچیں کہ وہ کس قدر زیادہ ہیں۔ میرا دل اپنی خوش نصیبی پر اللہ کے حضور سجدہ ریز رہا اور آنکھیں شکر کے موتی بہاتی رہیں۔ آپ دوسروں کا خیال رکھنے والی، ان کے جذبات کا احساس رکھنے والی کس قدر عظیم ہستی تھیں۔ کیا حسین پیار کا انداز تھا اور کیسا انمول تحفہ دیا، اللہ تعالیٰ ان کو اجرِ عظیم سے نوازے۔ آمین۔

وفات سے ایک سال پہلے جمعہ پر ملاقات ہوئی تو میں نے ان کو بتایا کہ ہم تفریح کے لیے Valencia جا رہے ہیں۔ انہوں نے بڑی خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ چلو وہاں ملاقات ہو گی کیونکہ ڈاکٹر صاحب نے بھی کچھ دنوں بعد وہاں کی ہی Holiday بک کی ہے۔ میں نے وہاں کی لجنہ کو بھی آپ کی آمد کے بارے میں بتایا۔ لیکن آپ نہ آ سکیں۔ جب میں نے واپس لندن آ کر آپ سے وجہ پوچھی تو فرمانے لگیں کہ ہسپتال میں میرے ٹیسٹ شروع ہو گئے تھے اور اس کے لیے مجھے بار بار بلایا جاتا رہا۔ وقت گزرتا گیا اور بیماری بڑھتی گئی۔ کمزوری تو ہونی ہی تھی۔ ایک دن میں ان کے گھر صحت کا حال پوچھنے گئی تو ایسے پیار، محبت اور اپنائیت کا اظہار کیا کہ ہر وقت ان کے لیے دل سے دعا نکلتی رہی۔ کہنے لگیں کہ "آپا اس کرسی پر بیٹھیں کیونکہ اس پر کل حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بیٹھے تھے" ۔ ان کی شفقت بے مثال تھی۔ برکات اور تبرکات سے نہ صرف خود فیض پایا بلکہ جہاں تک ممکن ہو تا دوسروں کو بھی شامل کرتیں۔

ملاقاتیں آہستہ آہستہ فون پر بات کرنے تک محدود ہو گئیں اور پھر وہ وقت بھی آ گیا کہ فون پر ان کی بیٹی کے ذریعے حال پوچھا جاتا۔ یہ ظالم بیماری حالات کو کتنا تبدیل کر دیتی ہے۔ پیار اور دوستی کے رشتے بات کرنے کو بھی ترستے ہیں۔ اور آخر وہ دن بھی آ گیا کہ میری پیاری بلکہ ہم سب کی پیاری خدا تعالیٰ کو پیاری ہو گئیں۔ مکرم بھائی ڈاکٹر حامد اللہ خان صاحب نے میرے خاوند کو بتایا کہ امتہ الحئی صاحبہ نے ان سے کہا تھا کہ محترمہ صفیہ آپا کو میرا سلام کہنا۔ جاتے جاتے بھی وہ مجھ پر احسان کر گئیں اور ناقابل فراموش یادیں چھوڑ گئیں۔ خدا تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین۔



# بہت ہی پیاری قابلِ احترام بہن
# صاحبزادی امتہ الحئی صاحبہ

صفیہ اختر صاحبہ

1992ء کی بات ہے کہ لجنہ اماء اللہ کے ایک پروگرام کے دوران بعض ایسی بہنوں سے ملاقات ہوئی جو دور دراز کے علاقوں سے اپنے ریجن یا اپنی مجلس کی نمائندہ بن کر لندن آئی ہوئی تھیں۔ امتہ الحئی بہن سے بھی وہیں ملاقات ہوئی اور پتہ چلا کہ وہ Yorkshire سے تشریف لائی ہیں۔ مجھے ان کی شخصیت نے بہت متاثر کیا اور مزید جاننے پر معلوم ہوا کہ وہ خاندان حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی فرد ہیں اور حضرت ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب کی صاحبزادی ہیں۔ پھر جب وہ لندن آباد ہوئیں تو ہر جمعہ کی ملاقات نے مجھے ان کے بہت قریب کر دیا اور یہ ملاقاتیں آہستہ آہستہ پیار، محبت اور دوستی کے رنگ میں ایسی ڈھلیں کہ مَیں نہ ملتی تو وہ پریشان ہو جاتیں اور اگر وہ جمعہ پر نہ آتیں تو میں بہت کمی محسوس کرتی۔ سچ تو یہ ہے کہ ان کو ملنے والے بہت زیادہ ہوتے تھے۔ ان کے خوبصورت اخلاق نے ہر بوڑھی، جوان، امیر، غریب، بیمار اور صحت مند کو یہ باور کروادیا تھا کہ وہ ہر ایک کی ہمدرد ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین۔

جب بھی وہ پاکستان جاتیں تو مجھے تاکید کرتیں کہ اگر تم کبھی ربوہ آؤ تو میرے گھر ضرور آنا۔ بڑے پیار سے سمجھاتیں کہ وہاں کیسے پہنچنا ہے۔ ان کی زندگی میں تو میں وہاں حاضر نہ ہو سکی لیکن امسال مجھے ان کی آخری آرامگاہ پر جا کر خوب دعائیں کرنے کا اور وفات سے پہلے انہوں نے جو مجھے ''سلام'' کا تحفہ اپنے خاوند کے ذریعے بھجوایا تھا اس کا جواب پہنچانے کا موقع ملا۔ آپ بہشتی مقبرہ ربوہ کے قطعۂ خاص کے سامنے مدفون ہیں۔

آپ جماعتی کاموں میں بہت زیادہ دلچسپی لیتیں۔ اجتماع کی ڈیوٹی ہو یا جلسہ سالانہ کی، جو بھی کام آپ کے سپرد ہوتا اسے بڑی محنت کے ساتھ بجا لاتیں۔ ایک جلسہ پر ان سے ملاقات ہوئی تو ایسے لگتا تھا کہ ان کی طبیعت ٹھیک نہیں۔ مَیں نے صحت کا حال دریافت کیا تو کہنے لگیں کہ آج میں ٹھیک نہیں ہوں۔ پھر میں نے غلطی سے کہہ دیا کہ پھر ڈیوٹی سے معذرت کر دیں۔ میری اس بات پر وہ ناراض ہو گئیں۔ اور کچھ دیر کے بعد کہنے لگیں کہ خلیفۂ وقت اگر میری ڈیوٹی لگا دیں تو میں کیسے انکار کر سکتی ہوں۔ خلیفۂ وقت کی اطاعت اور اُن سے محبت کا اس ایک بات سے ہی با آسانی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

جہاں تک میری ان سے دوستی کا تعلق ہے وہ مجھے آپا کہتیں اور میں اُنہیں چھوٹی بہن سمجھنے میں فخر محسوس کرتی تھی۔ ہم خوب باتیں کرتے تھے۔ پھر کبھی کبھی مجلس بھی سج جایا کرتی۔ چھوٹے چھوٹے تحفے بھی بڑے پیار سے لیئے اور دیئے جاتے تھے۔ میری زندگی کے وہ لمحے بہت ہی

جلسہ سالانہ کے موقع پر ڈیوٹی بڑی محنت اور جوش سے دیتی تھیں۔
چند سال پہلے وقفے کے دوران میں جلسہ گاہ میں داخل ہوئی۔ ہماری ایک کلاس فیلو امتہ النور اہلیہ لئیق طاہر صاحب پہلے سے بیٹھی کچھ سوچ رہی تھیں۔ میں نے پوچھا کیا سوچ رہی ہو۔ کہا کہ امتہ الحئی کو دیکھ رہی ہوں، کیسے بھاگ بھاگ کر ڈیوٹی دے رہی ہیں۔ ہم ہیں کہ کچھ کرنے کے قابل نہیں رہے۔ بعد میں جب مَیں نے یہ بات امتہ الحئی کو بتائی تو بہت خوش ہوئیں۔

خلفائے راشدین کا احترام ہمیشہ ملحوظ رکھتیں۔ سکول کے زمانے کی بات ہے۔ فضل عمر سکول میں سالانہ کھیلیں تھیں۔ میری چھوٹی بہن اسی سکول میں تھی اور آپ کے بھائی بھی۔ ہم کھیلیں دیکھنے گئے۔ ''تانی تیز دوڑو اور تیز''، کہہ رہی تھیں۔ میں نے پوچھا تانی کون ہے؟ بتایا میرا چھوٹا بھائی ہے۔ بعد میں میں نے پوچھا تانی کا اصل نام کیا ہے؟ مسکرا کر کہنے لگیں اس کا نام عمر ہے جو ادب سے لینا چاہئے اس لئے بس تانی ٹھیک ہے۔

پردہ کا بہت خاص خیال رکھتیں۔ سکول کے زمانہ میں کئی بار ہمارے گھر تشریف لائیں۔ ہمارے گھر میں چونکہ صرف بہنیں تھیں، اس لئے میری سہیلیوں کو ہمارے گھر آنے کی باآسانی اجازت مل جاتی تھی۔

دو سال پہلے پتا چلا کہ وہ بیمار ہو گئی ہیں۔ شروع میں تو فون پر بات ہوتی رہی۔ پھر میں نے ان کی تکلیف کا احساس کرتے ہوئے فون کرنا کم کر دیا۔ ایک بار فون کیا۔ ظہر کے بعد کا وقت تھا، میں نے کہا کہ ہے تو نامناسب وقت مگر میں رہ نہیں سکی۔ کہا کہ کوئی بات نہیں، اس وقت میرے پاس کوئی نہیں۔ یہ میرے آرام کا وقت ہے اور میں اس وقت ہسپتال میں ہوں treatment کے بعد بخار ہو جاتا ہے۔ میں نے معذرت کی اور فون بند کرنا چاہا تو کہا کہ کوئی بات نہیں میں بات کر سکتی ہوں۔ پھر ہم نے آدھ گھنٹہ تک بات کی، دوسروں کے جذبات کا بہت خیال رہتا تھا۔ آخری بار فون پر جب بات ہوئی تو عزیزہ عطیہ نے اٹھایا۔ لیکن میری بات کرا دی، آواز میں بہت کمزوری تھی۔ اس کے بعد فون کے بجائے اِدھر اُدھر سے حال پوچھتی رہی۔

بچپن سے لے کر آخری عمر تک کے ڈھیروں واقعات ہیں، کس کس کا ذکر کروں۔ بہت محبت کرنے والی، خدمت دین میں اوّل، منتظم خاتون تھیں۔ بچوں کی بہت اچھی تربیت کی۔ ان سے اس معاملے میں بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا۔ بچپن میں تو صرف پڑھائی کے مقابلے ہوتے تھے، پھر بچوں کے کاموں کے خاموش مقابلے ہونے لگے۔ کچھ اور وقت گزرا تو grandchildren کی تعداد کے مقابلے کہ اب کتنے ہو گئے ہیں۔ میرے دس اور ان کے گیارہ۔ پھر خوشی خوشی ان کی پیاری پیاری باتوں اور معصوم شرارتوں کا ذکر ہونے لگا۔

ان کی وفات سے دو ہفتہ پہلے کی بات ہے۔ میں سونے سے پہلے لیٹی ہوئی ان کے لئے دعا کر رہی تھی۔ دعا کرتی کرتی میں سوگئی تو خواب میں دیکھا کہ بیت الفتوح میں مسجد کے بائیں طرف کونے میں بیٹھ رہی ہیں (عام طور پر اعتکاف کے دنوں میں وہاں بیٹھتی تھیں) میں ذرا فاصلے پر کھڑی تھی اور ہمارے درمیان ایک جنگلہ حائل تھا۔ میں تو انہیں دیکھ رہی تھی لیکن ان کی توجہ میری طرف نہیں تھی۔ اچانک ان کی نظر مجھ پر پڑی، میں نے ہاتھ بڑھایا کہ سلام کر لیں، فاصلہ زیادہ تھا اور راستہ میں جنگلہ تھا۔ میں ہاتھ ہلاتی رہی کہ سلام کر لیں لیکن بیٹھے بیٹھے سر کے اشارہ سے نفی میں جواب دیا۔ اچانک نظارہ بدلا، تو میں نے دیکھا کہ مسجد کے بائیں جانب ایک دروازہ ہے جیسے کسی لفٹ (lift) کا دروازہ ہو اور لوگ اس میں داخل ہو رہے ہیں۔ میں بھی جنگلے کے ساتھ ساتھ چلتی ہوئی دروازے کے قریب آگئی ہوں لیکن جنگلہ پار نہیں کر سکتی تھی۔ اچانک دیکھا کہ امتہ الحئی دروازے کی طرف جا رہی ہیں۔ آپ میرے پاس سے گزریں تو ہاتھ ملایا اور دروازے میں داخل ہو گئیں (ان کے ہاتھ کا نرم نرم لمس میں اب تک محسوس کرتی ہوں) اس کے ساتھ ہی آنکھ کھل گئی۔

اللہ تعالیٰ غریقِ رحمت فرمائے۔ وہ تو جنتی خاتون تھیں۔ کاش کہ جنت میں بھی ان کا ساتھ ملے۔ آمین

# محترمہ صاحبزادی امتہ الحئی خان صاحبہ

رشیقہ باجوہ صاحبہ (بیت الفتوح)

صاحبزادی امتہ الحیٔ خان صاحبہ سے میری پہلی ملاقات آٹھویں کلاس میں اس وقت ہوئی جب میں ملائیشیا سے واپس پاکستان، ربوہ پہنچی۔ یہ ملاقات دیکھتے ہی دیکھتے گہری دوستی میں تبدیل ہو گئی۔ ہمارا ہر وقت کا ساتھ تھا۔ کلاس روم میں ایک بینچ پر بیٹھنا، تعلیم اور ہوم ورک میں ایک دوسرے کی نہ صرف مدد کرنا بلکہ پھر مقابلہ بھی کرنا، جماعتی تقریبات میں اکٹھے رہنا، رمضان المبارک میں درس القرآن پر جانا اور پہلے سے طے شدہ جگہ پر اکٹھے بیٹھنا۔ بچپن کی وجہ سے شرارتیں بھی ہوتیں اور روٹھنے منانے کی ادائیں بھی، تہذیب اور ادب کے دائرے میں لطیفے بھی ہوتے اور شاعری بھی۔ اسی طرح سکول کے تین سال گزر گئے اور پھر کالج کے چار سال بھی۔۔

ہم دونوں کالج کے پہلے ہی سال دوپٹہ بدل بہنیں بھی بن گئیں۔ ربوہ میں لجنہ اماء اللہ کی کوئی بھی تقریب ہوتی یا جلسہ سالانہ ہوتا، ہماری ڈیوٹی خواہ ایک دوسرے سے دور کہیں الگ بھی ہوتی لیکن ہماری ملاقات ضرور ہو جاتی۔ اب سوچتی ہوں کہ پتہ نہیں یہ کیسے ہوتا تھا؟ B.A کے بعد ہماری ملاقاتیں کم ہو گئیں۔ پھر ان کی شادی ہوئی تو میں نے اسٹیشن پر جا کر اپنی پیاری بہن کو پشاور رخصت کر دیا پھر خبر ملی کہ آپ انگلینڈ چلی گئی ہیں۔ مجھے لگا کہ اب پتہ نہیں کبھی ملاقات ہو گی بھی کہ نہیں۔ لیکن ہماری گہری دوستی کو ابھی اور کئی بہاریں دیکھنا تھیں۔ کچھ عرصے کے بعد سنا کہ آپ پاکستان آئی ہوئی ہیں تو میں پرانی یادیں تازہ کرنے فوراً ملنے بھاگی۔ اس وقت آپ نے چھوٹی سی عینی (نور العین) کو سینے سے لگایا ہوا تھا۔

پھر اتفاق دیکھیں کہ میں بھی انگلینڈ آ گئی۔ ہم دور کے مختلف شہروں میں مقیم تھے۔ فاصلہ زیادہ تھا، لیکن اجتماعات اور جلسہ سالانہ پر ضرور ملاقات ہو جاتی۔ آپ کو بچوں کی تعلیم و تربیت کی بہت فکر ہوتی۔ یہی وجہ تھی کہ ہماری ملاقات خواہ کتنی ہی مختصر کیوں نہ ہو، بچوں کی تعلیم و تربیت کا موضوع ہمیشہ خاص ہوتا۔ پھر ہماری تبدیلی بھی Bradford ہو گئی اور وہی پرانا سنہری زمانہ واپس آ گیا۔ آپ وہاں ریجنل صدر تھیں۔ ہم اکٹھے جماعتی کاموں میں حصّہ لیتے۔ ریجنل اجتماعات کرواتے۔ ہماری بیٹیاں بھی ساتھ ساتھ مدد کرتیں، پہلے عزیزہ عطیۃ اللطیف آپ کی معاون ہوتیں۔ لسٹیں بناتیں، انعامات کو ترتیب دیتیں وغیرہ۔ جب اس کی شادی ہو گئی تو پھر یہ کام میری بیٹی صباح نے کیا۔ ہم لجنہ کو بہتر بنانے کے لئے مشورے کرتے۔ جہاں کسی کی کمزوری دیکھتیں فوراً آگاہ کرتیں اور اصلاح کی کوشش کرتیں۔ آپ جماعتی تربیت میں بہت اصول پرست تھیں۔ جب آپکو پاکستان جانا ہوتا تو مجھے قائم مقام بنا کر جاتیں۔ ایک بار ریجنل اجتماع کے دوران مجھے اشارے سے بلایا اور کہا کہ لو سب سنبھال لو میری امی کی طبیعت بہت خراب ہو گئی ہے۔ فوراً بلایا ہے۔ میری پریشانی دیکھ کر کہا کہ ابھی آدھا گھنٹہ اور رُک سکتی ہوں۔ لیکن آپ کے چہرے پر بالکل بھی گھبراہٹ اور بے صبری کا اظہار نہ تھا۔

آپ کی اور میری زندگی میں بہت سی باتیں ملتی تھیں۔ آپ کے والد بھی واقفِ زندگی تھے اور میرے بھی۔ آپ کی والدہ کا نام بھی محمودہ تھا اور میری امی کا نام بھی محمودہ تھا۔ میرا کوئی بھائی نہ تھا اور ان کی کوئی بہن نہیں تھی۔

پھر تقریباً آٹھ سال کا عرصہ اکٹھے رہنے کے بعد آپ لندن چلی گئیں، کیا ہی حسنِ اتفاق تھا کہ چند ماہ بعد ہماری تبدیلی بھی لندن ہو گئی۔ ملاقات ہوئی تو ہنس کر کہنے لگیں، پیچھے پیچھے آ گئی ہو۔ میں نے جواباً کہا کہ آپ کا پیچھا تو چھوڑنے والی نہیں۔ پھر ہر جمعہ کو بیت الفتوح میں اکٹھے ہوتے رہے۔ ہمارا پھر ایک ہی ریجن تھا اس لئے ہر پروگرام پر ضرور ملاقات رہتی۔

کہ بعض دفعہ دوستی یا دل کے رشتے خون کے رشتوں سے کہیں زیادہ بڑھ کر ہوتے ہیں)۔ اپنی وفات سے چند ماہ پہلے مجھے کہنے لگی چھومی! جیسے ہم دوست ہیں مجھے خوشی ہے کہ آگے ہمارے بچوں کی بھی دوستی ہے۔(میرے بیٹے اطہر کے امۃ الحیٔ کے بیٹے حمّاد کے ساتھ اچھے دوستانہ تعلقات ہیں)۔ اُس کی اس بات نے میرے دل پر بہت اثر کیا اور میں نے اپنے بیٹے سے کہا کہ بیٹا آنٹی امۃ الحیٔ کے بچوں کے ساتھ ہمیشہ دوستی قائم رکھنا۔ دوستی کی قدر کرنے والے کم لوگ ملتے ہیں۔

اس سارے عرصہ میں ہمارے درمیان اختلافِ رائے بھی ہوًا بلکہ ایک بار تو کافی گرمی سردی ہو گئی لیکن بلا مبالغہ اگلے ہی دس یا زیادہ سے زیادہ پندرہ منٹوں کے درمیان ہی ہم دوبارہ اسی طرح ہو گئے جیسے کچھ ہوًا ہی نہ ہو۔ دل پہلے ہی کی طرح شِیر و شکر۔ اب اگر میں سوچوں تو آشتی کی پہلی مسکراہٹ ہمیشہ امۃ الحیٔ کی طرف سے آتی تھی۔ ناراض رہنا تو اسے گویا آتا ہی نہ تھا۔ غلطی اس کی ہوتی یا دوسرے کی، صلح کی ابتدا اُسی کی مسکراہٹ سے ہوتی۔۔۔ بس وہ ایسی ہی تھی۔۔۔ پیاری سی۔۔۔ معصوم سی۔۔۔

ہر انسان کا کوئی نہ کوئی تکیہ کلام ہوتا ہے اور امۃ الحیٔ کا تکیہ کلام تھا ”بیوقوف“۔ اور اس نے اس لفظ کا اطلاق میرے اوپر ہمیشہ بہت فراخ دلی سے کیا اور مزے کی بات یہ کہ مجھے اس کا یہ لقب کبھی بھی بُرا نہیں لگا بلکہ جب بھی اس نے یہ لفظ میرے متعلق استعمال کیا مجھے بہت مزہ آیا اور میں اس کے اس لقب پر ہمیشہ ہنستی تھی۔ ایک دفعہ تو اس نے اس لفظ کا اطلاق مجھ پر انجانے میں ہی ایسے انداز سے کیا کہ ہمارا ہنس ہنس کے برا حال ہو گیا بلکہ اب بھی جب کبھی مجھے وہ واقعہ یاد آتا ہے تو کھل کے مسکرا دیتی ہوں۔

2015ء کے جلسہ سالانہ پر آخری دفعہ میں نے اور امۃ الحیٔ نے اکٹھے ڈیوٹی دی تھی۔ ہماری ڈیوٹی مین مارکی میں ڈسپلن پر تھی۔ منتظمہ صاحبہ یعنی امۃ الحیٔ کی طرف سے ہر روز صبح آٹھ بجے ڈیوٹی پر پہنچنے کا حکم تھا لہٰذا صبح سویرے جب ڈیوٹی پر پہنچے تو ہمیں ہدایت ملی کہ کسی کو چادر نہیں بچھانے دینی کیونکہ لوگ صبح جلدی آکر چادریں بچھا کر اپنے لئے زیادہ زیادہ جگہ گھیر لیتے ہیں۔ اگر کوئی ایسا کرے تو فوراً چادریں اٹھوا کر انہیں سیدھی لائینوں میں بٹھائیں۔ لہٰذا جیلا باجی، میری بھانجی ریطہ اور میں اٹینشن کھڑے ہو گئے ڈیوٹی کے لئے۔ تھوڑی دیر بعد ہی پہلے چھ سات عورتوں پر مشتمل ایک گروپ اور ان کے پیچھے پیچھے دوسرا قریباً آٹھ دس عورتوں اور بچوں کا گروپ آیا اور اپنی اپنی چادریں بچھا کر بیٹھنے کی تیاری کرنے لگے۔ چنانچہ خاکسارہ کو فوری ایکشن کے لئے دوڑایا گیا۔ پیشتر اس کے کہ وہ دائرے بنا کر بیٹھنا شروع کر دیں، میں بھاگ کر وہاں پہنچنے کی کوشش میں جلدی میں جوتا اتارنا بھول گئی۔ پانچ سات قدم پر یاد آیا تو جلدی میں مارکی کے عین درمیان جوتا اتارا، اسے وہیں چھوڑ چھاڑ کر عورتوں کے پاس پہنچی اور ”ڈیوٹی سرانجام“ دینے لگی۔ نئے صاف ستھرے نیلے رنگ کے کارپٹ کے عین درمیان میری کریم کلر سینڈل۔۔۔ امۃ الحیٔ مارکی کا چکر لگا کر آئی تو یہ منظر دیکھ کر سر پیٹ کر بولی ”ہماری جماعت میں بھی کتنے کتنے بیوقوف لوگ پیدا ہو گئے ہیں“۔ امۃ الحیٔ کا یہ فقرہ سن کر جیلا باجی اور ریطہ کی ہنسی تو جیسے کبھی رکے گی ہی نہیں۔ باجی جیلا نے بتایا کہ یہ چھومی کی سینڈل ہے۔ یہ سن کر بیچاری امۃ الحیٔ بس یہ تاثر دے کر کہ ”اس (چھومی) کا کوئی علاج نہیں“، ہلکا سا مسکرا کر دوسری طرف چلی گئی۔ اتنی دیر میں میں واپس آئی اور ان دونوں کو ہنستا دیکھ کر وجہ پوچھی تو انہوں نے سارا واقعہ میرے گوش گزار کیا۔ اب بھی اکیلے میں یا میں اور ریطہ جب ملتے ہیں تو اس واقعہ کو، خاص طور پر امۃ الحیٔ کے اس ڈائیلاگ، کو یاد کر کے بہت ہنستے ہیں لیکن درد کی ٹیس کے ساتھ۔

امۃ الحیٔ رحمدل، سادہ طبیعت، غریب پرور، صابرہ و شاکرہ ہونے کے ساتھ ساتھ بہت دعا گو اور توکل الی اللہ کی تصویر تھی۔ ماشاء اللہ بہت خوش نصیب تھی۔ اے جنت کی پیاری سی حور، تیری اصل قدر تو تیرے جانے کے بعد معلوم ہوئی ہے۔ تُو تو ایک گوہر تھی۔ اب اس کا کھل کر احساس ہوًا ہے۔ خدا تعالیٰ تجھے جنت الفردوس کی اعلیٰ ترین نعماء اور اپنا قرب عطا فرمائے۔ آمین۔ ثمّ آمین۔

امۃ الحیّٔ کا نکاح حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ نے 6 اکتوبر 1972ء کو پڑھایا۔ مجھے یاد ہے ابا جی نے گھر آکر بتایا کہ آج حضور نے میاں منور احمد صاحب کی بیٹی کا نکاح پڑھایا ہے اور حضور نے فرمایا مجھے میری یہ بھتیجی یا بچی بہت پیاری ہے اس کے لئے بہت دعا کریں (کچھ اسی قسم کے الفاظ تھے اصل الفاظ مجھے یاد نہیں رہے)۔ اُس دن سے لے کر امۃ الحیّٔ کی وفات تک اپنے لئے دعائیں کرنے سے پہلے، اِلّا ماشاء اللہ، میں ہمیشہ امۃ الحیّٔ کے لئے دعا کرتی تھی کہ یا اللہ امۃ الحیّٔ کو پردیس میں ہمیشہ اپنی حفاظت میں رکھنا اور اُسے خوشگوار ازدواجی زندگی عطا فرما۔ آمین۔ بعض دفعہ تو ابھی بھی کبھی کبھی بھول جاتی ہوں اور یہی دعا اُس کے لیے کر دیتی ہوں اور پھر جلدی سے اُس کے درجات کی بلندی کے لئے دعا شروع کر دیتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ یہ عاجزانہ دعائیں قبول فرمائے۔ آمین۔

ہم نے کبھی خاص طور پر سہیلیوں کی طرح بیٹھ کر باتیں نہیں کی تھیں۔ جہاں موقعہ مل گیا، باتیں کر لیں۔ البتہ جلسے یا اجتماع وغیرہ پر چونکہ میری ڈیوٹی اکثر امۃ الحیّٔ کے ساتھ ہوتی تھی اس لئے وقتاً فوقتاً کوئی چٹکلا، کوئی ہنسی مذاق کی خبر ایک دوسرے تک پہنچاتے رہتے۔

در اصل پاکستان کی نسبت یہاں آنے کے بعد ہمیں زیادہ قریب آنے کا موقعہ ملا۔ گاہے بگاہے فون پر بات ہوتی رہتی تھی۔ بہت مخلص اور نافع الناس وجود تھا اس کا سب کے لئے۔ میں اپنی دوسری بیٹی روحی کی دفعہ امید سے تھی اور کچھ پریشانی بھی تھی۔ ایک دن میں نے امۃ الحیّٔ سے کہا کہ میرے لئے دعا کریں، اس نے دوسری دعاؤں کے ساتھ ساتھ حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہؓ کے مندرجہ ذیل دعائیہ اشعار کثرت سے پڑھنے کا مشورہ دیا اور بتایا کہ ہر بچے کی دفعہ وہ یہ دعائیہ اشعار پڑھتی تھی۔ (ان اشعار کے بارہ میں اس نے بتایا کہ حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہؓ نے خاندان کی کسی لڑکی کو یہ دعائیہ اشعار پڑھتے رہنے کے لئے لکھ کر دیئے تھے)۔

مرے مولا کٹھن ہے راستہ اس زندگانی کا
مرے ہر ہر قدم پر خود رہِ آسان پیدا کر
تری نصرت سے ساری مشکلیں آسان ہو جائیں
ہزاروں رحمتیں ہوں فضل کے سامان پیدا کر
جو تیرے عاشقِ صادق ہوں، فخر آلِ احمدؐ ہوں
الٰہی نسل سے میری تُو وہ انسان پیدا کر

(درعدن، صفحہ 73)

اس کے اخلاص اور محبت میں کسی قسم کا شبہ نہیں تھا۔ اس کے ساتھ مان اور یقین کا ایک تعلق تھا اور اس نے اس مان اور یقین کی ہمیشہ عزت افزائی کی۔ ہر موقعہ پر جہاں بھی اسے احساس ہوًا اس نے ہمیشہ مجھے مورل سپورٹ (moral support) دی، میری گرتی ہوئی خود اعتمادی کو کھڑا کیا۔ اور یہ سب کرتے ہوئے اس نے کبھی بھی الفاظ کا سہارا نہیں لیا، سوائے ایک دفعہ کے، بس نظروں ہی نظروں اور بامعنی مسکراہٹ سے حوصلہ بڑھا دیا۔

امۃ الحیّٔ میں ایک بڑی خوبی تھی کہ وہ بات کی تہہ تک بہت جلد پہنچ جاتی تھی۔ ایک دفعہ بعض لوگوں کی وجہ سے میں کافی پریشانی کے دور سے گزر رہی تھی۔ ہمارے درمیان اس بارے میں اشارۃً بھی کبھی کوئی ذکر نہیں ہوًا تھا۔ ہو سکتا ہے کسی اور ذریعے سے اُسے کچھ علم ہوًا ہو۔ بہرحال امۃ الحیّٔ لندن آئی اور ہماری ملاقات ہوئی تو باتوں کے دوران اس کی تسلّی بخش نظریں اور آنکھوں کی مسکراہٹ مجھ سے گویا یہ کہہ گئی کہ پریشان مت ہو۔ میں جانتی ہوں تم نے جو کچھ کیا، ٹھیک کیا ہے۔

امۃ الحیّٔ کے ساتھ نہ جانے کیوں بچپن سے ہی ایک پیار اور محبت کا تعلق تھا۔۔۔ معصوم۔۔۔ کبھی کبھار روٹھی روٹھی سی۔۔۔ لیکن مذاق کا موقعہ ہاتھ سے نہ جانے دینے والی شریر سی مسکراتی لڑکی (یہ مذاق بہت معصوم ہوتے تھے۔ کسی کو تکلیف دینا ہرگز کبھی مقصود نہیں ہوتا تھا)۔۔۔ باوجود تقریباً ہم عمر ہونے کے مجھے ہمیشہ وہ چھوٹی سی، لاڈو سی بہن لگتی تھی۔ دوسری طرف امۃ الحیّٔ کے بھی کچھ اسی طرح کے خیالات وجذبات تھے۔ ایک دفعہ مجھے کہنے لگی چھومی! میں بڑے ہونے تک (یا شاید کہا کہ یہاں آنے تک) یہی سمجھتی تھی کہ ہم سب آپس میں رشتے دار ہیں۔ (ویسے اس میں کوئی شک نہیں



# تمنّا پاک،

# دل معصوم،

# فطرت کس قدر سادہ

مبارکہ کلثوم صاحبہ (ساؤتھ ہال)

بچپن سے، یا کہہ لیں کہ جب سے ہوش سنبھالا ہے، ایک جملہ سنتی تھی کہ یہ روح کا رشتہ ہے مگر اس کے اصل معنی کبھی بھی سمجھ میں نہیں آسکے البتہ امۃ الحئی کی وفات نے اس کے معنی خوب اچھی طرح سے سمجھا دیئے ہیں۔ کچھ رشتے وقت اور قربت کے پابند نہیں ہوتے یہ تو دائمی رشتے ہوتے ہیں۔ آپ اس کو شاید مبالغہ یا جذباتیت کا نام دیں لیکن حقیقت یہی ہے کہ واقعی روح کے رشتے بھی ہوتے ہیں۔ ایسے رشتوں کی کوئی زبان نہیں ہوتی، صرف احساسات ہوتے ہیں جو صرف وہی سمجھ سکتے ہیں جو ان رشتوں کا تجربہ رکھتے ہوں۔ کچھ ایسا ہی رشتہ میرا امۃ الحئی کے ساتھ تھا، خاموش۔۔۔ گہرا۔۔۔ بے لوث۔

میری یادداشت کے مطابق امۃ الحئی کو جب میں نے پہلی بار دیکھا اس وقت میں 6 یا 7 اور وہ کوئی 8 یا 9 سال کی تھیں۔ ایک صابرہ نامی لڑکی کے پیچھے چھپنے کی ناکام کوشش میں کھڑی، وہ ایک نہایت معصوم، شرمیلی، روٹھی روٹھی، پیاری سی بچی تھی۔ (صابرہ دراصل ان کے گھر میں ہی رہتی تھی، اس سے چند سال بڑی)۔

وقت گزرتا گیا۔۔۔ سکول ختم کیا، کالج پہنچ گئے۔ اس دوران کی کوئی خاص باتیں نہیں۔۔۔ چند مدھم سی یادیں ہیں۔۔۔ کالج پہنچے تو اجتماعات اور کھیلوں وغیرہ کے موقعوں پر ایک دوسرے سے بات چیت ہو جاتی۔

امۃ الحئی ایک بہترین مقررہ تھی۔ اجتماعات میں وہ ہمیشہ تقریر میں حصّہ لیتی اور جہاں تک مجھے یاد ہے ہمیشہ اوّل انعام کی حقدار ٹھہرتی۔ جبکہ میں تلاوت اور نظم میں بڑی مستقل مزاجی سے ہمیشہ دوسرے نمبر پر رہتی تھی۔۔۔ پھر یکدم ایک بڑا موڑ آیا۔ معلوم ہوا کہ امۃ الحئی کی شادی ہونے جارہی ہے۔ شادی کے بعد اسے بہت دور انگلینڈ چلے جانا تھا، یہ جان کر مجھے بہت افسوس ہوا (اس وقت انگلینڈ بہت دور، پردیس لگا کرتا تھا)۔ اس کے جانے کی اداسی اس لئے بھی تھی کہ امۃ الحئی حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی پوتی تھی اور حضورؓ سے محبت کی وجہ سے اس کے ساتھ بھی ایک انجانا سا پیار اور اپنائیت کا رشتہ جڑ گیا تھا۔ یہاں ضمناً ایک واقعہ کا ذکر کرتی چلوں جس کا ذکر امۃ الحئی نے مجھ سے بڑے مزے لے کر کیا اور ہم اس سے بہت لطف اندوز ہوئے۔ واقعہ کچھ یوں ہے کہ پاکستان میں ان دنوں نیا نیا ڈالڈا گھی شروع ہوا تھا۔ گھی کی ایک کمپنی کا نام ”تلو ڈالڈا گھی“ تھا (اور مرحومہ کو گھر میں تلّو کہا جاتا تھا)۔ امۃ الحئی کہنے لگی چھوٹی! پتہ ہے حضور (حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ) مجھے ”تلّو کو تلو میں تلو“ کہہ کر چھیڑا کرتے تھے۔

وجودوں میں یہ وصف بھی بہت نمایاں تھا کہ انہوں نے اپنے اوقات، اپنی مصروفیات اور اپنی خواہشات وغیرہ سب کچھ کو خدا تعالیٰ اور اس کے خلفاء اور ان کے قائم کردہ نظام کے حکموں اور ان کی رضا کے تابع کر دیا ہوا تھا۔ حضرت مسیح موعودؑ اور آپ کے خلفاء کے ساتھ غیر معمولی ادب و احترام کا تعلق تھا۔ ان کی طرف سے جاری کردہ تحریکات پر انہوں نے ہمیشہ مثالی نمونہ پیش فرمایا۔ مساجد کی تعمیر ہو یا الفضل کا اجراء، کوئی بھی قربانی کی تحریک ہو وہ ہر موقع پر اموال اور زیورات وغیرہ کی قربانی کرتے ہوئے پیش پیش دکھائی دیتی ہیں۔

صبر و رضا کا بھی انہوں نے نہایت عمدہ نمونہ دکھایا۔ ہجرت پاکستان ہو یا تواتر کے ساتھ جماعت پر آنے والے ابتلاؤں کے ماہ و سال، عسر و یسر کے ہر لمحہ میں بڑی قناعت شعاری، صبر و رضا اور نہایت وفاداری کے ساتھ انھوں نے باوقار زندگی بسر کی۔ لجنہ کی تنظیم قائم ہوئی تو اس میں بھی ہمیشہ خواتین مبارکہ نے نہ صرف خود صفِ اول میں رہ کر دینی خدمت کی توفیق پائی بلکہ تنظیم کی بنیادیں مضبوط کرنے کے لیے اپنے ساتھ کارکنات کی ٹیمیں تیار کیں۔ اپنی اولادوں کی نہایت عمدہ دینی تربیت کی۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے خاندان سے وابستگی کی بدولت یہ لازمی امر تھا کہ ہر خاص و عام کا اس طرف رجوع ہوتا۔ اس پہلو سے بھی مہمان نوازی اور خوش خلقی کی دلچسپ اور حسین داستانیں رقم فرمائیں۔ ضمناً یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ مشکل اور تنگی کے حالات بھی آئے تو باوجود یہ کہ کشائش اور خاندانی جاہ و حشمت بھی تھی خدا تعالیٰ نے سب کچھ عطا فرمایا ہوا تھا حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کے متعلق تو الہاماً بھی بتایا گیا تھا **تُنَشَّا ءُ فِی الْحِلْیَةِ** لیکن پھر بھی مہمان نوازی اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پیاری جماعت سے ان کا غیر معمولی محبت اور شفقت کا سلوک ہی جاری رہا حقیقی رنگ میں دین کو دنیا پر مقدم کرنے والی یہ تمام مبارک ہستیاں بجا طور پر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے اس شعر کا مصداق تھیں

اسلام چیز کیا ہے خدا کے لئے فنا　　　ترکِ رضائے خویش پئے مرضی خدا

جماعت کی جن خواتین نے ان مبارک ہستیوں کے ساتھ دینی خدمت کی توفیق پائی یا گھریلو خدمات کے طور پر قرب پایا سبھی ان کے حسن سلوک کی مدّاح اور ان کے حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی اور اعلیٰ اخلاق کی گواہی دیتی ہیں اور زیادہ تر ایسی ہی عورتوں کی روایات سے ان خواتین مبارکہ کے حالاتِ زندگی کا پتہ چلتا ہے۔ بہر حال رسالہ "خدیجہ" کی یہ کوشش بہت مفید معلوم ہوتی ہے۔ اس لیے ان بزرگ ہستیوں کے حالات زندگی کا مطالعہ کریں۔ اپنی بچیوں کو اس سے آگاہ کریں اور یاد رکھیں کہ وہی قومیں ترقی کرتی ہیں جو اپنے اسلاف کی پاکیزہ روایات کو قائم رکھتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو اپنی زندگیوں میں پاک تبدیلیاں پیدا کرنے کی توفیق دے۔ آمین

والسلام

خاکسار

مرزا مسرور احمد

**خلیفۃ المسیح الخامس**

(رسالہ خدیجہ، خصوصی شمارہ 2013، شمارہ نمبر 1، صفحہ 2-1)

# مکتوب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

## مورخہ 13 اکتوبر 2012

## پیغام بنام لجنہ اماء اللہ جرمنی بر موقعہ اشاعت رسالہ "خدیجہ" خصوصی شمارہ بعنوان "سیرت خاندان حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور خواتین مبارکہ" النصرت کے قارئین کے لئے نقل کیا جارہا ہے۔

"پیاری ممبرات لجنہ وناصرات جرمنی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مجھے یہ جان کر بہت خوشی ہوئی ہے کہ رسالہ "خدیجہ" کو "خاندان حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور خواتین مبارکہ" کے عنوان سے ایک خصوصی شمارہ شائع کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی اشاعت بہت بابرکت فرمائے۔ مجلّہ کی تیاری میں خدمت کی توفیق پانے والیوں کی خدمات قبول فرمائے اور سب پڑھنے والیوں پر اس کے نیک اثرات مرتب فرمائے۔ آمین

مکرمہ صدر صاحبہ لجنہ نے اس کے لئے مجھے پیغام بھجوانے کی درخواست کی ہے اور میرا پیغام یہ ہے کہ رسالہ "خدیجہ" کے اس شمارہ کے ذریعے آپ کو خواتین مبارکہ کے بارہ میں جو مفید مضامین ملیں گے، انہیں شوق سے پڑھیں اور بغور ان کا مطالعہ کریں اور پھر ان کی سیرتِ طیبہ کو سامنے رکھتے ہوئے زندگیاں بسر کرنے کی کوشش کریں اور اپنی اولاد کو بھی ان کی اچھی باتوں کی نصیحت کرتی چلی جائیں تا کہ وہ نیک تربیت پاکر جماعت کے لئے مفید وجود ثابت ہوں۔ آمین۔

یہ ایک بہت پیارا اور بابرکت موضوع ہے ان مبارک اور روحانی ہستیوں میں سے ایک ایک کا تذکرہ سبق آموز اور نہایت ایمان افروز ہے۔ سب سے پہلے حضرت اماں جان رضی اللہ تعالیٰ عنھا اور پھر آپ کی مبشر اولاد میں سے حضرت نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا اور حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کا تو بہر حال ایک منفرد مقام ہے۔ اسی طرح حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے خلفاء کرام کی ازواج مطہرات اور ان کی بیٹیوں کی زندگی بھی ہماری جماعت کے لئے بہترین نمونہ ہیں۔ انہوں نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے جسمانی تعلق کی وجہ سے اپنے مقام و مرتبہ کو خوب پہچانا اور نیکی و تقویٰ حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کا نہایت عمدہ عملی نمونہ پیش کیا۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے دعاوی پر پختہ ایمان، حضور علیہ السلام اور آپ کے خلفاء کے ساتھ عقیدت و محبت، عبادات کا قیام، تلاوت قرآن کریم، انفاق فی سبیل اللہ، ہمدردی خلق، تربیت اولاد اور دینی شعار کی پابندی وغیرہ ایسے بنیادی اوصاف ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے ان سب خواتین مبارکہ کو آراستہ فرمایا تھا۔ ان پاکیزہ

اتنا شرمندہ کیا۔ جب تم تقریر کے لیے کھڑی ہو رہی تھیں تو میں نے بڑے فخر سے اپنے ساتھ بیٹھی عورتوں کو بتایا کہ یہ میری بہو ہے، مجھے کیا پتا تھا کہ تم میری تعریف کرو گی۔ اب وہ سمجھیں گی کہ میں نے اس لیے ان کو بتایا۔ میں اب بھی وہ بات یاد کروں تو مجھے ہنسی آجاتی ہے۔

جماعت میں آپ کے بہت تعلقات تھے اور یہ نہیں تھا کہ صرف عہدہ داران سے ہوں یا ان سے ہوں جو مشہور شخصیات ہیں۔ آپ کے اپنے تعلقات تھے۔ ان تعلقات میں آپ نے کبھی سٹیٹس نہیں دیکھا۔ بظاہر سادہ نظر آنے والی خواتین سے بھی آپ کا بہت تعلق تھا۔ اور اس تعلق کو نبھایا بھی بہت۔ لوگ مشورہ لیتے تو نہ صرف بہترین مشورہ دیتیں بلکہ اس مشورے کا حق بھی ادا کرتیں، دعا بھی کرتی تھیں لوگوں کے لیے۔

ہمسایوں کا حق بھی اچھا ادا کیا۔ پوری سڑک کے لوگوں کا علم ہوتا تھا کہ کون کون یہاں رہتا ہے، سب سے بات چیت تھی۔ سب کے گھروں میں کھانا بھیجتیں، تحائف دیتیں۔ ایک ہمسائی ٹرکش ہے، اس کو اچھا برا بتا بھی دیتی تھیں۔ ہمسائے بھی آپ کی عزت کرتے تھے۔

## مہمان نوازی:

گھر کی مزید باتوں کی طرف آتی ہوں، بہت مہمان نواز تھیں۔ آپ کے گھر ہر وقت مہمان ٹھہرتے تھے، اُن کی بہت خاطر مدارت کرتیں۔ اس مہمان نوازی کو بوجھ نہیں سمجھتی تھیں بلکہ خوش ہو کر کرتی تھیں۔ آپ کو یہ سعادت بھی نصیب ہوئی کہ آپ کو تین خلفاء کی مہمان نوازی کی خدمت کی توفیق ملی۔

یہاں لندن والے گھر میں بھی جب دعوتیں کرتیں تو ماشاءاللہ بہت کھلا کھانا ہوتا اور بہت کچھ پکاتی تھیں۔ ہم تو وہ سب کچھ سنبھال کر ہی تنگ آجاتے تھے پتا نہیں پھپھو خود اتنا سب کچھ پکاتی کیسے تھیں۔ عید پر ایک دعوت اپنے میکہ کے لیے ہوتی تو ایک سسرال کے لیے۔

سارے عزیز آپ کے گرویدہ تھے۔ لندن میں رہنے والے سب رشتہ دار، عزیز آپ کو بہت یاد کرتے ہیں۔ خاص طور پر وہ جو پچھلے دس پندرہ سال میں لندن آکر بسے ہیں، ان کزنز سے بہت پیار کیا اور وہ آپ کو بہت یاد کرتی ہیں۔

بہت سی یادیں ہیں، بہت سی باتیں ہیں۔ یادوں کو دہرانا آسان بھی نہیں ہوتا۔ کئی دفعہ آنسوؤں کی وجہ سے قلم چھوڑنا پڑا۔ بہت اداسی ہوتی ہے۔ اور یہ خیال بھی ستاتا ہے کہ ماں باپ چلے جاتے ہیں تو پچھتاوے بھی رہ جاتے ہیں کیونکہ انسان کبھی ان کا حق تو ادا نہیں کر سکتا۔ اللہ کرے کہ ہم ان کی نیکیوں کو جاری رکھنے والے بنیں۔ آمین۔

انداز نہیں کرتی تھیں۔ اکثر یہی بات کانوں میں پڑتی 'بیٹا میں پھپھا کو کھانا دے دوں'۔ ان کی خواہش اور خوشی کو ہر وقت مد نظر رکھتیں۔ اور اس کا کوئی شور یا اظہار نہیں ہوتا تھا بس ہمیں نظر آتا تھا۔

وہ بیوی تو بہت اچھی ہوتی ہے جو ہر حال میں ساتھ دے، تنگی میں بھی اور فراخی میں بھی۔ کئی دفعہ ذکر کرتی تھیں کہ شروع میں حالات میں اتنی فراخی نہیں تھی لیکن ان حالات میں بھی نہایت خوشی سے اور سلیقہ شعاری سے گزارا کیا اور بہت اچھا گزارا کیا۔

سلیقہ مند بہت تھیں۔ سب جانتے ہیں کہ صفائی پسند بہت تھیں، گھر بہت اچھا رکھتی تھیں اور گھر کی کئی چیزیں خود بنائی ہوئی تھیں۔ اپنے ہاتھ سے سارے کام خود کر لیتی تھیں۔ ایک دفعہ ذکر کیا کہ انہوں نے اپنے ایک گھر کا فیٹیڈ قالین سارا خود اپنے ہاتھ سے دھویا تھا۔ بہت محنتی عورت تھیں، مجھے ہمیشہ لگا کہ میں ان سے آدھی عمر کی ہوں لیکن پھر بھی میں پھپھو کی ہمت کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔

یہ باتیں اس لیے لکھ رہی ہوں، ان کا ذکر اس لئے کیا ہے کہ شاید اب ایسا دیکھنے میں آتا ہے کہ کچھ لوگوں میں صبر اور برداشت نہیں رہے۔ کچھ ایسی بھی بچیاں ہوتی ہیں جو شاید سوچتی ہیں کہ جب ہم شادی شدہ زندگی کا آغاز کریں تو ہر چیز پہلے سے موجود ہو حالانکہ یہ باتیں اور چیزیں تو خوشی کی ضمانت نہیں ہوتیں۔ اگر ہوتیں تو دولت مند انسان سب سے زیادہ خوش بھی ہوتے۔ یہ چیزیں تو انسان آہستہ آہستہ جوڑتا ہے، بناتا ہے، اس کا اپنا مزہ ہے۔

اولاد کی بہت اچھی تربیت کی۔ اور دوستی کر کے۔ بچوں کو گھر میں رکھا اور اپنے سے جوڑ کر رکھا اور یہ اصول بیٹوں کے لئے بھی تھا اور بیٹیوں کے لیے بھی۔ ان کے ساتھ بیٹھ کر ٹیلی ویژن دیکھتیں اور ساتھ ساتھ اچھا برا بتاتی جاتیں۔ بیٹوں سے بھی اسی طرح گھر کے کام کروائے جس طرح بیٹیوں سے تاکہ ان کو بھی عادت پڑے۔ ہر قسم کی بات بچوں سے کر لیتی تھیں۔ بچوں پر محنت بھی بہت کی، بچوں کے امتحان ہوتے تو پہیلیاں بناتیں تاکہ ان کے ذہن تیز ہوں، اب آج کل کون اتنی محنت کرتا ہے، خاص طور پر ان ملکوں میں۔

اپنے بچوں بلکہ ان کے بچوں کی کھانے کی پسند کا تو آخری دم تک خیال رکھا۔ جب ہم جمعہ والے دن آپ کے گھر جمع ہوتے تو سب کی پسند کے کھانے بنے ہوتے تھے۔ سارا کھانا خود ہی بناتی تھیں، ہم صرف کھا کر آتے تھے۔ شرمندگی ہی ہوتی ہے سوچ کر۔

انسان کی زندگی کے کچھ رشتے بہت حساس ہوتے ہیں یا نازک کہہ لیں، ان میں سے بہو، بھابھی، نند اور ساس بھی ہیں۔ ان رشتوں کو پھپھو نے بہت خوش اسلوبی سے نبھایا۔ اپنی سسرال میں ہر دلعزیز تھیں، آپ نے ان کو پیار اور عزت دی اور ان سے پیار اور عزت پائی۔

آپ شادی ہو کر پشاور گئی تھیں۔ زبان کے لحاظ سے، تمدن کے لحاظ سے، بہت فرق تھا۔ مگر پھپھو گھبرائی نہیں اور باوجود اتنے فرق کے بہت اچھے طریقے سے گزارا کیا۔ آج کل ہم دیکھتے ہیں بعض بچیاں چھوٹی چھوٹی باتوں پر گھبرا جاتی ہیں۔ پھپھو نے اپنے سسرال کی بہت خدمت کی۔ میں نے تو وہ شروع کا وقت خود اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھا لیکن آپ کی سسرال میں ہر وقت بھابھی جان بھابھی جان ہوتا تھا، یہ ایک گواہی ہی کافی تھی۔

اپنی نندوں کے بچوں سے بھی بہت پیار کرتی تھیں۔ ان کی پسند کا بھی علم تھا اور ان کی پسند کا کھانا بھی خاص طور پر بناتی تھیں۔

اپنے ساس سسر کی بہت خدمت کی اور ان کی دعائیں حاصل کیں۔ باتوں سے پتا لگتا تھا کہ ان کو بھی پھپھو پر ایک مان تھا۔

ساس کا کیا کہوں کہ کیسی تھیں، صرف یہی کہہ سکتی ہوں کہ میرا ہاتھ نیچے ہی رہا اور ان کا اوپر۔

ایک چھوٹی سی مثال دوں گی کہ ہر لجنہ کے پروگرام پر جب آتیں تو میری پسند کی چیزیں اپنے بیگ میں ڈال کر لاتیں۔ کبھی مجھے مصروف پاتیں تو پیغام بھیج دیتیں کہ فریحہ کو کہنا میں وہاں بیٹھی ہوں اس کی پیپسی میکس اور سپاری میرے بیگ میں پڑی ہے، لے لے۔

ایک دفعہ ایک تربیتی کلاس میں میں نے تقریر کی اور اس میں پھپھو کی ایک ماں کے طور پر تعریف کی کہ اپنے بیٹوں کی بہت اچھی تربیت کی ہے۔ بعد میں میرے پاس آئیں اور کہنے لگیں تم نے مجھے

انشاءاللہ (مجھے بالکل الفاظ تو نہیں یاد، مفہوم یہی تھا) اس بات کو سن کر پھپھو کو بہت حوصلہ ہوا۔ اور مجھے لگتا ہے کہ دین کی خدمت کرتے ہوئے پھپھو نے اس بات کی اور اس رشتہ کی بہت لاج رکھی اور محنت سے کبھی نہیں گھبرائیں۔ کبھی کسی کام سے انکار نہیں کیا۔ کبھی کسی کام کو چھوٹا نہیں سمجھا۔ سالوں آپ ریجنل صدر رہیں اور پھر جب لندن آئیں تو مجھے یاد ہے کہ آپ کی لوکل صدر نے آپ کو اپنے حلقہ کا گروپ لیڈر بنایا۔ میں اپنے لجنہ کے کام کے تجربہ سے کہہ رہی ہوں (چاہے تھوڑا ہی تجربہ ہے) کہ کوئی اور ہوتا تو نہ کرتا۔ اس کو یہ کام چھوٹا لگتا۔ جو عموماً میرا تاثر ہے، لوگوں کو لگتا ہے۔ لیکن پھپھو چونکہ نظام کو اور اس کی اہمیت کو سمجھتی تھیں، نا صرف انکار نہیں کیا بلکہ اس کام کو بھی اتنی ہی محنت سے کیا جیسے ریجنل صدر کے کام کو کیا۔ میں ہنستی تھی کہ پھپھو آپ کے گروپ لیڈر کے کام کا بھی تہلکہ مچ گیا ہے گھر میں۔ پھر اسی طرح جب لوکل صدر بنیں تو بہت ہی محنت سے اور لگن سے کام کیا۔ ماں کی طرح اپنی لجنہ کا خیال کیا۔ وہ جو جماعت سے پیچھے ہو گئے تھے ان کو پاس لے کر آئیں۔ ابھی بھی مجھے لوگ ملتے ہیں جو کہتے ہیں کہ انہوں نے پھپھو کے سمجھانے پر پردہ شروع کیا۔ مجھے پھپھو کے لگائے ہوئے وہ پودے لجنہ کے کاموں میں تناور درخت نظر آتے ہیں تو دل خوش ہو جاتا ہے۔ کتنی خوش قسمت تھیں کہ ان کو اللہ نے یہ موقعہ دیا کہ کسی کی ہدایت کا سامان بنیں۔ یہ بھی اللہ کا فضل ہے۔

بڑی فکر رہتی تھی اپنی لجنہ کی، اپنے کام کی۔ ہم جب اکٹھے ہوتے تو ضرور مجھ سے اس قسم کے سوال کرتیں کہ ہماری مجلس کا گریڈ کم کیوں آیا ہے۔ مجھے یاد ہے میں ہنستی تھی کہ پھپھو مجھے نہیں پتا کیونکہ میں عاملہ میں تو ہوں لیکن نہیں جانتی کہ کیوں۔ لیکن آپ کا جذبہ اس میں جھلکتا تھا۔ ہر وقت پروگرام بن رہے ہوتے تھے کہ کیسے اپنی مجلس کا کام کرنا ہے۔ اور حالانکہ خود اتنی تجربہ کار تھیں، مشورہ سب سے لیتی تھی، سب کو ساتھ لے کر چلتی تھیں۔

میرے سامنے تو جتنی نیشنل صدریں آئیں سب پھپھو سے عمر میں بھی چھوٹی تھیں اور تجربہ میں بھی کم لیکن پھپھو نے ہر لجنہ کا کام ان سے پوچھ کر کیا۔ کہتی تھیں کہ میرا اصول ہے کہ میں ہر کام مرکز سے پوچھ کر اور ان کے حکم کے مطابق کرتی ہوں۔ اور یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے کیونکہ اس پر مستقل مزاجی سے عمل کرنے والا وہی ہوتا ہے جو اطاعت کی روح کو سمجھتا ہو۔

جلسہ کی ڈیوٹیاں جس ذمہ داری کے ساتھ ادا کرتیں وہ قابل دید اور قابل تعریف ہے۔ اور وہ ذمہ داری اور لگن سب نے اپنی آنکھوں سے دیکھی ہے۔ سالوں ضیافت کا کام کیا اور کبھی چوں چرا اس نہیں کی کہ میں دیگوں میں جھک جھک کر اور سالن کی مستقل بدبو سے تنگ آگئی ہوں۔ نہیں۔ بلکہ اس کام کو انتہائی محنت اور اس جذبہ کے ساتھ کیا کہ میں حضرت مسیح موعودؑ کے مہمانوں کی خدمت کر رہی ہوں۔ بہت واقعات سناتی تھیں اللہ کی تائید و نصرت کے۔ مجھے تو یاد بھی نہیں صحیح طرح، کچھ اور ان کے ساتھی بھی اس دنیا سے گزر گئے کہ ان سے ہی پوچھ لیتی، صدمہ ہوتا ہے کہ لکھا نہیں اس وقت جب بتاتی تھیں۔ اپنے ساتھ کام کرنے والوں کا ہمیشہ خیال رکھا۔ صرف لجنہ کا ہی نہیں بلکہ مجھے یاد ہے دو خدام تھے جو لجنہ کو کھانا پہنچاتے تھے ان سے بھی بہت شفقت کا سلوک کرتی تھیں، وہ بھی بھاگ بھاگ کر آپ کا کام کرتے تھے۔

پھر حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آپ کی جلسہ کی ڈیوٹی نظم و ضبط پر لگا دی۔ مجھے یاد ہے اکثر پھپھو مجھے آکر کہتی تھیں کہ آج میں تمہاری سیکیورٹی ڈیوٹی والیوں سے بھی پہلے پہنچی ہوں۔ میں اپنی ٹیم کو کہتی تھی کہ مارکی میں میرا ایک جاسوس ہے جو مجھے سب خبریں پہنچاتا ہے۔ سارا دن اپنی ڈیوٹی کے دوران پھرتی رہتی تھیں، کبھی نہیں تھکتی تھیں۔

## ازدواجی اور گھریلو زندگی:

ایک بہت اچھی جیون ساتھی تھیں۔ ہمیشہ اپنے شوہر کا ساتھ دیا۔ ان کا گھر بنایا، ان کے بچوں کی بہترین تربیت کی اور ان کا بہت خیال رکھا۔ اپنی کوئی بھی جماعتی مصروفیات ہوتیں، پھپھا کو اس میں نظر

امتحان تھا لیکن پتا نہیں کیوں یہ دعا کرتی رہی کہ اس کو سکالر شپ مل جائے۔ جب امتحان کا نتیجہ نکلا تو پتا چلا کہ ان کا امتحان میں واقعی سکالر شپ آیا ہے، جس کی وجہ سے فیس بھی کم ہو گئی۔

## پردہ:

میرا خیال ہے کہ کوئی لجنہ ممبر جس نے پھپھو کو اس ملک میں دیکھا ہے آپ کے پردہ کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتی۔ جس زمانہ میں آپ انگلستان آئی تھیں یہاں پردہ کی طرف اتنی توجہ نہیں تھی اور پھر آپ گئیں بھی یارک شائر جہاں اتنے مسلمان ویسے ہی نہیں تھے۔ وہاں آپ نے انتہائی بہادری اور کانفیڈنس سے پردہ کیا۔ کبھی کسی کی پروا نہیں کی اور کسی دنیاوی فائدہ کے لیے کبھی اپنے پردہ کی قربانی نہیں کی۔ میری دادی امی جان بتاتی تھیں کہ پھپھو کی شادی کے بعد جب وہ پہلی دفعہ انگلستان آئیں تو پھپھو ان کو ایک دکان پر لے کر گئیں۔ تفصیل تو مجھے یاد نہیں کہ کیوں لیکن عورت دکان دار کے سامنے پھپھو نے اپنا نقاب ذرا نیچے کیا تو اس نے چیخ ماری کہ تم کب سے میرے پاس آ رہی ہو اور آج پہلی دفعہ تمہارا چہرہ میں نے دیکھا ہے۔ امی جان کہتی تھیں کہ میرے دل میں ایک ٹھنڈ سی پڑ گئی کہ میری بیٹی نے اس پرائے ملک میں آ کر اپنی اسلامی اقدار کو نہیں چھوڑا اور یہ نہیں کہ صرف ہمارے سامنے پردہ کر رہی ہے۔ پھپھو کے پردہ میں بھی وہی مستقل مزاجی تھی جو عبادات میں تھی۔ اور یہ نہیں کہ مسجد کا پردہ فرق اور بازار کا فرق۔ ہمیشہ وہی تنی والی نقاب پہنی اور پھر اپنی بیٹیوں کی اور میری نقابیں سلوانے کی ذمہ داری بھی لے لی۔ ابھی بھی میری الماری میں پھپھو کی بنائی ہوئی نقابیں ہیں۔ اور صرف ظاہری پردہ نہیں تھا، طبیعت میں حیا بھی تھی اور جھجک بھی جو ہمیشہ قائم رکھی۔ گھر میں بھی پردہ والا ماحول تھا۔ رشتہ داروں کی بے حد دعوتیں کرتیں لیکن ہمیشہ مرد اور عورت علیحدہ بیٹھتے۔

## خلفاء سے محبت:

آپ کو خلافت سے عشق تھا۔ اللہ کا خاص فضل ہے کہ ہمارے دادا میں اور ان کے بچوں میں اللہ نے خاص ایک محبت کا رنگ ڈالا ہے، خلافت کے لیے۔ پھپھو نے بھی جو خلفاء ہوش میں دیکھے ان سے محبت کی اور محبت پائی۔ حضرت خلیفہ ثالثؒ سے تو بہت تعلق تھا، خلافت سے پہلے کا ہی تھا۔ حضرت خلیفہ رابعؒ کے ساتھ انگلستان میں ساتھ کی وجہ سے بہت تعلق تھا۔ حضورؒ بھی بیٹی کی طرح پیار فرماتے تھے۔ پھر اسی طرح حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ بھی بہت تعلق اور عقیدت تھی۔ ہمیشہ کوشش کرتیں کہ کچھ کھانے کو بنا کر بھیجیں۔

مجھے یاد ہے کہ جب یارکشائر سے لندن شفٹ ہو رہی تھیں تو آخری دن جب سارا سامان پیک ہو گیا اور یارکشائر والا گھر خالی تھا تو کہنے لگیں کہ اس گھر کو چھوڑتے ہوئے سخت صدمہ ہے کہ اس میں تین خلفاء نے قیام کیا ہے۔ پھر کہا کہ میں تو یہی دعا کرتی ہوں کہ اللہ اس میں نئے آنے والے مکینوں کو اسلام کا راستہ دکھائے آمین۔ پھپھو کی یہ بھی خوش قسمتی ہے کہ لندن والے گھر میں بھی حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز متعدد بار تشریف لائے۔ بلکہ جب پھپھو کی وفات ہوئی ہے اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اور پھپھی (آپا جان) از راہ شفقت افسوس کے لئے تشریف لائے تو میں بار بار سوچ رہی تھی کہ اگر ان کو اس کی خبر ہے تو بہت خوش ہوں گی۔

## لجنہ کے کام کی لگن:

ایک انتھک محنتی لجنہ کی کارکنہ تھیں، جنہوں نے اپنی ساری عمر خدمت دین میں گزاری اور اس میں کوئی مبالغہ نہیں۔ بتاتی تھیں کہ حضرت چھوٹی آپا نوراللہ مرقدھا نے انگلستان کا دورہ کیا (اس وقت انگلستان کی لجنہ مرکزی لجنہ یعنی لجنہ پاکستان کے ماتحت کام کرتی تھی) اور اس دورہ میں آپ کو سارے نارتھ کی ریجنل صدر بنا دیا۔ جس ریجن میں سکاٹ لینڈ بھی شامل تھا، ویلز بھی اور نارتھ کی مجالس بھی۔ اس وقت آپ کی عمر بھی چھوٹی تھی، تو گھبرا گئیں۔ اپنی گھبراہٹ کا اظہار آپ نے چھوٹی آپا نوراللہ مرقدھا سے کیا تو انہوں نے فرمایا کہ اپنے دادا (حضرت مصلح موعودؓ) کی پوتی ہو، کر لو گی

وہ اس دنیا سے چلا جاتا ہے تو جانے والے کے ذکر خیر میں اس کی عبادات کا ذکر بھی آتا ہے تا کہ لوگ اس نمونہ سے سیکھیں اور لواحقین ان عبادات کو اپنانے اور جاری رکھنے کی کوشش کریں۔

پھپھو کی عبادات کو اگر میں بیان کروں تو میں اس طرح کروں گی کہ آپ کو عبادت کا شوق تھا، لگن تھی اور عبادت سے محبت تھی۔ اور کوئی معمولی درجہ کا شوق نہیں بلکہ اعلیٰ درجہ کا شوق تھا۔ ایک اور چیز جو عام طور پر بہت کم نظر آتی ہے اور جو آپ کی عبادات میں نمایاں تھی، وہ تھی عبادات میں آپ کی مستقل مزاجی۔ یہ نہیں تھا کہ کبھی اچھی طرح دل لگا کر نماز پڑھ لی اور کبھی نہیں۔ بتایا کرتی تھیں کہ لڑکپن کی ہی عمر ہو گی جب ایک عزیز کے گھر گئی ہوئی تھیں اور جب نماز کا وقت ہؤا تو اپنی ایک بڑی کزن کو فوراً نماز پڑھتے دیکھا۔ کہتی تھیں اس وقت میرے دل میں یہ خیال پیدا ہؤا کہ اگر یہ نماز کو اتنی اہمیت دے سکتی ہیں تو میں کیوں نہیں دے سکتی۔ پھر اس کے بعد کہتی تھیں کہ میں نے نماز میں کبھی کوتاہی نہیں کی۔ اور یہ اس عمر کی بات ہے جب نئی نئی نماز فرض ہوئی ہوتی ہے اور بچے کو ابھی نماز کی صحیح طرح سے حس بھی نہیں پیدا ہوئی ہوتی۔ تو اتنی چھوٹی عمر میں آپ نے نماز کو پکڑ لیا اور پھر حقیقتاً نماز کو اس طرح قائم کیا کہ جس طرح اس کے قائم کرنے کا حق ہے۔

میری تو جب سے شادی ہوئی ہے میں نے پھپھو کو تہجد کے ساتھ ساتھ باقاعدگی اور کثرت سے نوافل پڑھتے دیکھا ہے۔ ہمیں پتا ہوتا تھا کہ کس وقت پھپھو کو فون نہیں کرنا کہ یہ ان کے نفلوں کا وقت ہو گا۔ کبھی اگر غلطی سے اس وقت فون کر دیتی تھی، پھر جب کچھ گھنٹوں پر وہ نہیں اٹھاتی تھیں تو فوراً یاد آ جاتا تھا کہ غلط وقت فون کر دیا، پھپھو نفل پڑھ رہی ہوں گی۔ اسی طرح رمضان کے روزے، شوال کے روزے، نفلی روزے۔ پھر کئی سال اعتکاف کیا۔ آخری کچھ سال تو ذیابیطس بھی تھی لیکن چونکہ آپ نے اتنی اچھی کنٹرول کر لی تھی اس لئے روزے رکھتی تھیں۔

نماز نہایت گداز اور تضرع سے ادا کیا کرتی تھیں۔ مجھے تو اکثر آپ کی آنکھیں سوجی ہوئی اور چہرہ آنسوؤں سے بھرا ہی یاد ہے۔ لمبے لمبے سجدے اور لمبے لمبے نوافل۔ نماز باجماعت کا بھی بے حد شوق تھا۔ جب ہم پھپھو کے گھر اکٹھے ہوتے تو مجھے یاد نہیں کہ کبھی نماز باجماعت نہ ہوئی ہو۔ اپنے بڑے داماد پرنسپل جامعہ مرزا ناصر انعام احمد صاحب کی تلاوت آپ کو بہت پسند تھی، شوق سے اصرار کرتیں کہ وہ نماز پڑھائیں۔

میں نے پھپھو کا دل نماز میں ہی دیکھا ہے اور اس دلگی کا عالم یہ تھا کہ بیماری کے آخری ایام میں بھی بار بار یہی پوچھتیں کہ نماز کا وقت ہو گیا ہے؟ مجھے دوپٹہ سر پر اڑھا دو۔

میں نے ایک دفعہ پھپھو سے پوچھا تھا کہ پھپھو اس مغربی ملک میں رہتے ہوئے آپ نے اپنے بچوں کی اتنی اچھی تربیت کیسے کر لی تو آپ نے سجدہ کا اشارہ کیا کہ ایسے۔ یعنی اپنے رب سے مانگا، دعائیں کیں۔ مجھے آج بھی وہ لمحہ، وہ وقت یاد ہے جب انہوں نے مجھ سے یہ بات کی تھی۔ اتنا اثر ہؤا مجھ پر اس بات کا۔ اور واقعی میں سمجھتی ہوں کہ ہم ماؤں کی دعاؤں میں کمی ہے۔ اگر ہم دعا کی طرف مستقل مزاجی سے توجہ دیں تو ہم خدا کے فضل اپنی اولاد کے لئے کھینچنے میں کامیاب ہوں گی۔ انشاءاللہ۔

دعا کی قبولیت کے تو بہت سے واقعات ہیں پھپھو کے لیکن چونکہ اولاد کے لئے دعا کی بات ہو رہی ہے، اس ضمن میں ایک واقعہ یاد آ گیا۔ پھپھو کی چھوٹی بیٹی عطیہ جب بڑی ہو رہی تھی تو اس کا قد چھوٹا تھا۔ کہتی تھیں کسی نے کہہ دیا کہ یہ تو تمہاری طرح چھوٹی ہے۔ اور ایک نامناسب لفظ بھی استعمال کیا۔ کہتی تھیں کہ اتنا دل دکھا اور میں اپنے مولیٰ کے آگے جھک گئی کہ تو قادر ہے اور یہ (قد کاٹھ) انسان کے بس میں تو نہیں۔ اور پھر اللہ نے ایسی دعا سنی کہ ماشاءاللہ وہ اتنی لمبی ہو گئی کہ ہمارے ایشیائی لوگوں کے حساب سے اس کا قد اچھا لمبا سمجھا جاتا ہے۔ اور چونکہ ہم دونوں ہم عمر ہیں، مجھے یاد ہے عطیہ کا لمبا ہونا اور یہ کہ اس نے اس عمر میں قد نکالا جب عام طور پر قد رک جاتے ہیں۔

اسی طرح میرے شوہر حماد نے گرامر سکول کے داخلہ کا امتحان دینا تھا اور پھپھو کی دعائیں شروع ہو گئیں۔ بتاتی تھیں کہ حالانکہ داخلہ کا

پیدائش کی اطلاع ریڈیو کے ذریعہ سے ملی تھی۔ ریڈیو پر اعلان کروایا گیا تھا کہ آپ کی بیگم اور بیٹی خیریت سے ہیں جس سے ان کو پتا لگا کہ بیٹی پیدا ہوئی ہے۔ بچپن میں یہ کہانی ہمیں بڑی دلچسپ لگا کرتی تھی لیکن اب سوچتی ہوں کہ کتنا مشکل وقت ہو گا۔

پھپھو کا نام امتہ الحئ حضرت مصلح موعودؓ نے رکھا تھا اور آپ کی نانی حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہؓ نے آپ کا نام در ثمین رکھا۔

امی جان ہمیشہ بتایا کرتی تھیں کہ پھپھو بے حد ذہین تھیں۔ بہت چھوٹی عمر میں آپ نے بولنا شروع کر دیا تھا۔ آپ خود بھی بتاتی تھیں کہ مجھے اپنے پنگھوڑے کے زمانے کی باتیں بھی یاد ہیں۔ اور پھپھو نے اللہ کے دیے ہوئے اس تحفہ کو بہت ہی اچھے طریق سے بھرپور استعمال کیا اور ہمیشہ ایک نافع الناس وجود بنیں۔

گھر کی اکلوتی بیٹی تھیں ،بے حد لاڈلی، بزرگوں کی بھی بہت لاڈلی تھیں۔ خاص طور پر جن بزرگوں کا ذکر کرتی تھیں ان میں آپ کی نانی حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہؓ کو میں سرفہرست رکھوں گی۔ پھپھو ان کے پاس لاہور جا کر کافی کافی دیر رہا کرتی تھیں اور ان کے بہت سے کام بھی کیا کرتی تھیں جیسے ان کے سٹور صاف کروانا۔

حضرت سیّدہ چھوٹی آپا مریم صدیقہ صاحبہ نوراللہ مرقدھا کا بھی آپ نے بہت پیار لیا۔ حضرت خلیفتہ المسیح الثالثؒ جو آپ کے تایا بھی تھے اور خالو بھی، دونوں گھرانوں میں بہت پیار تھا۔ پھپھو بتاتی تھیں کہ ان کی خلافت سے پہلے تقریباً روز ایک دوسرے کے گھر جاتے تھے۔ حضورؒ جن کو خلافت سے پہلے آپ چچا ابا کہتی تھیں آپ سے بہت پیار کرتے تھے اور آپ کو پیار سے "تلو" کہتے تھے۔ پھپھو کہا کرتی تھیں کے باوجود اتنی لاڈلی ہونے کے کوئی بگاڑ نہیں پیدا ہوا کیونکہ بزرگ ساتھ ساتھ اصلاح بھی کرتے تھے۔ جہاں کوئی غلط بات ہوتے دیکھتے تو پیار سے ٹوک دیتے تھے۔ کہتی تھیں اٹھتے بیٹھتے کانوں میں نصیحت پڑا کرتی تھی اور بار بار نصیحت کا جس طرح اثر ہوتا ہے لمبے لیکچروں کا نہیں ہوتا۔ کیا ہی پیارا اور مفید انداز ہے تربیت کا۔

آپ کے بھائی آپ پر جان چھڑکتے تھے۔ تین بھائی آپ کو پپو کہتے تھے (سوائے بڑے بھائی کے) اور ہمارے گھر میں صرف پپو! پپو! ہوتا تھا۔ میرے والد مرزا عمر احمد صاحب کی وفات پھپھو سے ایک سال قبل ہوئی، وہ پھپھو سے چھوٹے تھے۔ وہ خود بھی کینسر کے مریض تھے لیکن میں وہ وقت نہیں بھول سکتی جب میں نے ابو کو پھپھو کی بیماری کی تشخیص کا بتایا۔ ابو کی طبیعت پر اتنا اثر تھا کہ ان کو سنبھالنا مشکل ہو گیا۔ اپنی بیماری کا اتنا اثر نہیں لیا جتنا بہن کی بیماری کا۔ پھپھو بھی بھائیوں سے بہت پیار کرتی تھیں۔ پھپھو کا خاص جوڑ اپنے سب سے بڑے بھائی، ہمارے تایا ڈاکٹر مرزا مبشر احمد صاحب سے تھا۔ بھابیوں سے بھی بہت پیار کیا اور ان سے ہمیشہ بے حد دوستی رکھی۔ بھتیجے بھتیجیوں سے بھی بہت پیار کیا اور بہت پیار پایا۔

## بچپن کی کچھ اور باتیں :

بتایا کرتی تھیں کہ ابھی بہت چھوٹی تھیں تو امی جان نے یہ کہہ کر پاجامے سی دیے تھے کہ اب ٹانگیں ننگی نہیں رکھنیں۔ کہتی تھیں کہ ان کی کسی ہم عمر نے اس وقت ٹانگیں نہیں ڈھانکی تھیں۔ پھر بتاتی تھیں کہ ذرا بڑی ہونے لگی تو جن لڑکے کزنز سے بچپن سے بہت دوستانہ تھا، ان سے پردہ کرا دیا گیا۔

پھپھو کو قرآن شریف صحابی حضرت مسیح موعودؑ حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحبؓ نے پڑھایا تھا۔

چونکہ ابا جان (میرے دادا ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب) حضرت مصلح موعودؓ کے بیٹے ہونے کے ساتھ ساتھ معالج بھی تھے، آپ ہر سفر میں حضرت مصلح موعودؓ کے ساتھ جایا کرتے تھے۔ ان میں سے اکثر سفروں میں امی جان (میری دادی) اور بچے بھی ساتھ ہوتے تھے۔ اس لئے پھپھو کو سارا بچپن اس بابرکت صحبت کے ساتھ گزارنے کا موقعہ ملا۔ بہت باتیں پھپھو کو بزرگوں کی یاد تھیں۔ ہمیں بتایا بھی کرتی تھیں مگر صدمہ ہوتا ہے کہ ہم نے ریکارڈ نہیں کیں۔

## عبادات:

عبادت کا معاملہ تو انسان کا اپنے خدا کے ساتھ ہوتا ہے اور سچا عبادت گزار اپنی عبادات کو چھپا چھپا کے بھی رکھتا ہے۔ لیکن جب



# میری پھپھو

ڈاکٹر فریحہ خان صاحبہ

صدر لجنہ اماء اللہ۔ برطانیہ

آج اس مضمون کے لیے قلم اٹھایا ہے تو شدت سے اس بات کا احساس ہو رہا ہے کہ اس جانے والی ہستی سے اس رسالہ کا کتنا پرانا اور گہرا تعلق ہے۔

اس رسالہ کی ایڈیٹوریل بورڈ کی ممبر، لجنہ یو کے کی پرانی اور انتھک خدمت گزار، میری پیاری پھپھو اور میری پیاری ساس امتہ الحیٔ خان صاحبہ آج ہم میں نہیں۔ یہ جملہ لکھنا بہت مشکل تھا، بہت نا قابلِ یقین، لیکن ہم خدا کے ہی ہیں اور خدا ہی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ یہ زندگی تو فانی ہے، موت اٹل ہے۔ انسان کمزور بھی ہے اور بے بس بھی۔ جہاں جانے والا ہمیں یہ احساس دلا کر جاتا ہے کہ اصل رہ جانے والی ذات خدا کی ہے۔ باقی سب مٹی۔ تا کہ ہم خدا کی طرف ہی مڑنے والے ہوں، اسی سے لو لگانے والے ہوں۔ وہیں جانے والے نے اگر زندگی احسن طریق سے گزاری ہو، حقوق اللہ اور حقوق العباد ادا کرتے ہوئے گزاری ہو تو وہ ہماری توجہ اس حقیقت کی طرف بھی موڑ جاتا ہے کہ یہی ہے اصل کامیابی اور کیا ہی اچھی ہے ایسی زندگی!

## خاندانی پس منظر اور تعارف:

آپ حضرت مصلح موعودؓ اور حضرت ام ناصرؓ کے تیسرے صاحبزادے، صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب کی صاحبزادی تھیں۔ آپ کی والدہ صاحبزادی محمودہ بیگم صاحبہ حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہؓ اور حضرت نواب محمد علی خان صاحبؓ کی منجھلی بیٹی تھیں۔ بہت سے لوگوں کو علم نہیں ہے لیکن ایک دعائیہ نظم جو اکثر شادیوں کے موقعہ پر پڑھی جاتی ہے

"لو جاؤ تم کو سایہ رحمت نصیب ہو"

وہ حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہؓ نے اپنی انہی بیٹی صاحبزادی محمودہ بیگم صاحبہ کے لیے ان کی شادی کے موقعہ پر لکھی تھی۔

امتہ الحیٔ خان صاحبہ 17 اکتوبر 1947 کو لاہور میں پیدا ہوئیں۔ آپ اپنے والدین کی اکلوتی بیٹی اور چار بھائیوں کی شدید لاڈلی بہن تھیں۔ دو بھائی آپ سے بڑے اور دو بھائی آپ سے چھوٹے تھے۔

پھپھو ہجرت کے بعد پیدا ہونے والا خاندان حضرت مسیح موعودؑ کا پہلا بچہ تھیں۔ میری دادی، جن کو ہم "اُمی جان" کہتے ہیں، نے دو چھوٹے چھوٹے بیٹوں کے ساتھ دورانِ حمل ہجرت کی تھی۔ صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب (ابا جان) کو حضرت مصلح موعودؓ نے پیچھے قادیان میں رہنے کا ارشاد کیا تھا۔ جب پھپھو کی پیدائش ہوئی تو اس وقت ابا جان قادیان میں تھے۔ ان کو پھپھو کی

عورت اپنی بہن کی عزت اور احترام نہیں کرتی یا کوئی احمدی مرد اپنے رشتہ داروں میں سے کسی عزیزہ کی عزت اور احترام نہیں کرتا یا کوئی احمدی عورت اپنے عزیزوں میں سے کسی مرد کی عزت اور احترام نہیں کرتی تو وہ خدا کے نزدیک دوسروں کے مقابلہ میں زیادہ مجرم ہے خدا تعالیٰ نے اسلام کے ذریعہ آپس میں اخوت اور پیار اور باہمی مودت اور احترام کا ایک ایسا دریا بہا دیا ہے جس کا بہت بڑا پاٹ ہے اور جس میں روز بروز پانی بڑھتا چلا جاتا ہے۔

پس ذمہ داریاں بڑی ہیں اور اللہ تعالیٰ کے پیار کو حاصل کرنا ضروری ہے۔ اس لئے دوست دعا کریں ہم بھی دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہماری اس عزیزہ کو اپنی ذمہ داریاں سمجھنے اور نباہنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس کے دولہا (جو پشاور کے ایک احمدی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں) کو بھی اپنی نئی ذمہ داریاں سمجھنے اور انہیں بہتر رنگ میں ادا کرنے کی توفیق بخشے۔

ان دعاؤں کے ساتھ اور اس عزم کے ساتھ کہ مَیں انشاء اللہ آئندہ بھی ان کے لئے دعائیں کرتا رہوں گا اور اس توقع کے ساتھ کہ سبھی احباب اپنی دعاؤں میں ان کو نہیں بھولیں گے میں اب اس نکاح کا اعلان کرتا ہوں۔

ایجاب و قبول کے بعد حضور انور نے اس رشتہ کے بہت ہی بابرکت اور موجب ثمرات حسنہ ہونے کے لئے احباب سمیت لمبی دعا کرائی۔

(روزنامہ الفضل ربوہ 15 اکتوبر 1972ء صفحہ 5)

(خطباتِ ناصر جلد 10 صفحہ نمبر 512-511)

## حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

”میں آج اس امانت اور ذمہ داری کو ادا کرتا ہوں اور آج ان تمام افراد کو جو رجلِ فارس کی اولاد میں سے ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ پیغام پہنچاتا ہوں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے امتِ محمدیہ کی تباہی کے وقت امید ظاہر کی ہے کہ لَنَالَهٗ رِجَالٌ مِّنْ فَارِسِ اور یقین ظاہر کیا ہے کہ اس فارسی النسل موعود کی اولاد دنیا کی لالچوں، حرصوں اور ترقیات کو چھوڑ کر صرف ایک کام کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دے گی اور وہ کام یہ ہے کہ دنیا میں اسلام کا جھنڈا بلند کیا جائے۔ ایمان کو ثریا سے واپس لایا جائے اور مخلوق کو آستانہ خدا پر گرایا جائے، یہ امید ہے جو خدا کے رسول نے کی۔ اب میں ان پر چھوڑتا ہوں وہ اس کا کیا جواب دیتے ہیں۔ خواہ میری اولاد ہو یا میرے بھائیوں کی، وہ اپنے دلوں میں غور کر کے اپنی فطرتوں سے دریافت کریں کہ اس آواز کے بعد ان پر کیا ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔“

(خطباتِ محمود (خطباتِ نکاح) جلد سوم صفحہ 342 تا 345) (خطبہ جمعہ فرمودہ حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 5 اگست 2011)



# خاندان مسیح موعودؑ کے افراد کی ذمہ داری ایک عام احمدی سے زیادہ ہے

(خطبہ نکاح فرمودہ 6 اکتوبر 1972ء بمقام مسجد اقصیٰ ربوہ)

حضور انور نے خطبہ جمعہ سے قبل محترمہ صاحبزادی امتہ الحیٔ درثمین صاحبہ بنت مکرم ڈاکٹر صاحبزادہ مرازا منور احمد صاحب کے نکاح کا اعلان فرمایا۔ یہ نکاح محترم ڈاکٹر حامد اللہ خان صاحب ابن مکرم عبدالسلام خان صاحب پشاور کے ساتھ پندرہ ہزار روپیہ حق مہر پر قرار پایا ہے۔

خطبہ مسنونہ کے بعد حضور انور نے فرمایا:

اس وقت میں اپنی نہایت ہی پیاری بچی یعنی جو میرے لئے اپنی بچیوں کی طرح پیاری ہے اور میرے چھوٹے بھائی ڈاکٹر منور احمد صاحب کی صاحبزادی ہے جس کا نام امتہ الحیٔ ہے اس کے نکاح کا اعلان کروں گا۔

بڑی دعاؤں کے بعد اس نکاح کا اعلان ہو رہا ہے۔ خاندان حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ایک فرد ہونے کی حیثیت میں آپ کے خاندان کے کسی فرد کی جماعت کے دوسرے افراد کے مقابلے میں زیادہ عزّت نہیں ہے اور یہ بات بھی اپنی جگہ درست ہے کہ ہر ایک نے اپنا بوجھ خود اٹھانا ہے لیکن جو بوجھ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے خاندان سے تعلق رکھنے والے بچوں اور بچیوں، بڑوں اور چھوٹوں اور مردوں اور عورتوں کے کندھوں پر رکھا گیا ہے وہ ایک عام احمدی مسلمان سے زیادہ ہے۔

پس افراد خاندان کی گو ذمہ داری بھی زیادہ ہے ان کے لئے اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کے امکانات بھی زیادہ ہیں اور استغفار کرنے کی ضرورت بھی زیادہ ہے لیکن جہاں تک عزت اور احترام کا سوال ہے، حضرت مسیح موعود ولیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد کی عزت اور احترام کسی احمدی سے زیادہ نہیں۔ ہر احمدی صاحب عزت و احترام ہے۔ جو شخص احمدی نہیں وہ اگر اپنے بھائی کی عزت اور احترام نہیں کرتا تو ہمارے نزدیک وہ خدا کی گرفت میں ہے۔ مگر ایک احمدی جو اپنے بھائی کی عزت اور احترام نہیں کرتا یا جو احمدی

واجعل لی من لدنک سلطاناً نصیراً
رب کل شئ خادمک
لقد نصرکم اللہ ببدر و انتم اذلۃ
امام جماعت احمدیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَ عَلٰی عَبْدِہِ الْمَسِیْحِ الْمَوْعُوْدِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالناصر

Z-30-05-2018

مکرمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ یوکے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محترمہ صاحبزادی امۃ الحئی بیگم صاحبہ کی وفات پر آپ کی طرف سے قرارداد تعزیت موصول ہوئی۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔ مرحومہ انتہائی مہربان، شفیق، خدمت گزار، نیک مخلص اور باوفا خاتون تھیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے پیاروں کے قدموں میں جگہ دے اور درجات بلند فرمائے۔ ان کو خلافت سے بڑا والہانہ پیار اور محبت تھی۔ اللہ تعالیٰ اپنے وعدوں کے مطابق حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جماعت کو ایسے بے بہا خوبیوں کے مالک آئندہ بھی ہمیشہ عطا فرماتا رہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے بچوں کو ان کی نیکیاں زندہ رکھنے کی توفیق دے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

اللہ تعالیٰ آپ کو اور تمام عاملہ ممبران کو احسن رنگ میں خدمت کی توفیق دے اور سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

والسلام

خاکسار

مرزا مسرور احمد

خلیفۃ المسیح الخامس

لجنہ کا کوئی کام ہو، یا جلسہ کا، ہر صدر لجنہ UK کے ساتھ آپ نے نہایت تعاون کے ساتھ کام کیا۔

آپ کو عبادت سے ایک خاص شغف تھا۔ کئی سال مسجد بیت الفتوح میں اعتکاف کرنے کی توفیق ملی۔ امیر معتکفات مقرر ہوتیں اور بچیوں کو دعا کرنے کے طریق، اعتکاف کے قواعد وغیرہ پیار اور محبت سے سمجھاتیں۔ اس کے نتیجہ میں ان سب بچیوں کا آپ سے ایک گہرا تعلق پیدا ہو گیا تھا۔

خلافت احمدیہ سے آپ کا ایک گہرا وفا کا تعلق تھا۔ آپ کو یہ سعادت بھی حاصل تھی کے تین خلفاء احمدیت آپ کے گھر قیام پذیر ہوئے اور آپ نے ان کی مہمان نوازی کی توفیق پائی۔

آپ ایک دعا گو بزرگ وجود تھیں۔ اچھا مشورہ دینے والی، لوگوں کے دکھ درد اور خوشی غمی میں ان کا ساتھ دینے والی تھیں۔ آپ کا حلقہ احباب بہت وسیع تھا، جس میں امیر اور غریب سب شامل تھے۔ مالی قربانی کے اعلی میعار قائم کیے۔ ہر تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتیں۔ لجنہ کے ہر پروگرام میں شامل ہوتیں، چاہے وہ لوکل پروگرام ہو یا نیشنل۔ اور ان پروگراموں کی روح رواں تھیں۔ مجلس شوریٰ کے موقعہ پر ممبر ہونے کا حق ادا کرتیں اور اچھا مشورہ دیتیں۔ نظام جماعت کی باریکیوں کو سمجھتی تھیں اور ہمیشہ نظام کے لحاظ سے لوگوں کی تربیت کرتیں۔

تقریباً 46 سال کا عرصہ آپ انگلستان میں رہیں اور پردہ کا ایک اعلیٰ نمونہ قائم کیا۔ کبھی اپنے پردہ میں کمی نہیں آنے دی۔ آپ کا نمونہ ایک خاموش تربیت کا باعث بنتا تھا۔

بہت مہمان نواز تھیں۔ لجنہ کے دوراجات کرنے والی ممبرات کو اپنے گھر ٹھہراتیں اور بے حد بشاشت اور خوشی سے ان کی خاطر تواضع کرتیں۔

الغرض ہمہ تن خوبیوں کی مالک تھیں۔ اللہ سے دعا ہے کی ہماری پیاری باجی امتہ الحئی سے نہایت پیار، رحم اور مغفرت کا سلوک کرے اور اپنے پیاروں کے قرب میں جگہ دے آمین۔

ہم اس موقعہ پر حضرت امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز، حضرت آپا جان، صاحبزادی امتہ الحئی خان صاحبہ کے خاوند ڈاکٹر حامد اللہ خان صاحب، آپ کے بچوں محترمہ عینی احمد صاحبہ، محترم ڈاکٹر حماد خان صاحب، محترم عطیہ احمد صاحبہ اور محترم داؤد خان صاحب سے نہایت دلی افسوس کے ساتھ اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ اللہ آپ سب کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ان کی اولاد در اولاد کو ان کی نیکیوں کو اپنانے اور جاری رکھنے کی توفیق دے۔ آمین ثم آمین ۔

مجلس عاملہ و ممبرات لجنہ اماء اللہ یوکے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# قرار دادِ تعزیت

## بروفات محترمہ صاحبزادی امتہ الحئی خان صاحبہ

6 مئی 2018 کو لجنہ یوکے کی ایک نہایت دلعزیز اور پیاری ہستی صاحبزادی امتہ الحئی خان صاحبہ ہم سے جدا ہو کر اپنے خالق حقیقی سے جا ملیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ ہمارے دل غمگین ہیں لیکن

بلانے والا ہے سب سے پیارا　　　اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

صاحبزادی امتہ الحئی خان صاحبہ حضرت مصلح موعودؓ اور حضرت ام ناصرؓ کی پوتی تھیں اور حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہؓ اور حضرت نواب محمد علی خان صاحبؓ کی نواسی تھیں۔ آپ 17 اکتوبر 1947 کو صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب اور صاحبزادی محمودہ بیگم صاحبہ کے گھر پیدا ہوئیں۔

آپ کی شادی 1972 میں ڈاکٹر حامد اللہ خان صاحب سے ہوئی۔ شادی کے بعد آپ یوکے تشریف لے آئیں اور تمام عمر لجنہ کی خدمت میں گزاری۔ آپ ہڈرز فیلڈز کی لجنہ کی صدر رہیں۔ اس کے بعد حضرت چھوٹی آپا حضرت سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ نور اللہ مرقدھا نے اپنے دورۂ یوکے کے دوران آپ کی تقرری بطور ریجنل صدر نارتھ کی۔ اس خدمت کو آپ نے ایک لمبا عرصہ تک ان تھک محنت کے ساتھ سرانجام دیا، جب تک کہ آپ لندن منتقل نہیں ہو گئیں۔ آپ نے اس عرصہ میں نارتھ کی لجنہ کی بہت محبت اور پیار سے تربیت کی۔ بہت دورہ جات کرتیں۔ ہر ایک کے ساتھ ذاتی تعلق رکھا۔ بہت اچھی تربیتی کلاسوں کا انتظام کرواتیں۔ اجتماعوں اور جلسوں پر بچیوں کی تیاری کرواتیں اور ان کو لندن بھی لے کر آتیں۔ صائب رائے تھیں اور لجنہ ممبرات آپ سے بہت مشورے لیتی تھیں۔ لندن منتقل ہونے کہ بعد آپ کو صدر لجنہ چیم کی حیثیت سے خدمت کی توفیق ملی۔ یہاں بھی آپ پیار سے سب کو ساتھ لے کر چلیں۔ بچیوں کو کام میں شامل کرتیں تا کہ وہ بھی سیکھیں۔ اجلاس انگلش میں کراتی تھیں تا کہ بچیاں دین سیکھیں اور ان میں دین سے لگاؤ پیدا ہو۔

جلسہ سالانہ کہ موقعہ پر بھی آپ کی بے حد خدمات ہیں۔ 10 سال سے زائد عرصہ آپ کو ضیافت کی انچارج کے طور پر کام کرنے کی اور پھر تقریباً 8 سال جلسہ گاہ مارکی کے اندر ڈسپلن کی انچارج کے طور پر خدمت کی توفیق ملی۔ نہایت ذمہ داری اور انتھک محنت اور دعاؤں کے ساتھ یہ خدمت سرانجام دیتی تھیں۔ صبح صبح اکثر اپنی ٹیم سے پہلے ڈیوٹی کے لئے پہنچتی تھیں۔ وقت کی پابندی کا عموماً تمام جماعتی پروگراموں میں بہت خیال رکھتی تھیں۔

اسے کہنے لگیں کہ میں نے بھی جانا ہے مجھے بھی ملاقات کے لئے لے کر جاؤ۔ لیکن اس وقت ایسی حالت نہیں تھی۔ لیکن ملاقات کی شدید خواہش تھی۔ ہر حال میں خدا تعالیٰ کی رضا پر راضی رہنے والی تھیں۔ دعا اور صدقات پر ہمیشہ زور دیتی رہیں۔ نماز کے قیام کا یہ عالم تھا کہ ان کے خاوند نے بتایا کہ بیماری میں بھی بار بار یہی پوچھتی رہیں کہ نماز کا وقت ہو گیا؟ میرے سر پر دوپٹہ ڈال دیں۔ آخری بیماری میں جو تقریباً ایک ڈیڑھ سال کے عرصہ میں پھیلی ہوئی تھی بعض اوقات شدید تکلیف کے باوجود خدا کی رضا پر ہمیشہ راضی رہنے کا اظہار کرتی رہیں۔ بیماری میں بھی اپنے آپ کو گھر میں مصروف رکھنے کی کوشش کرتی تھیں تا کہ بیماری کا زیادہ احساس نہ ہو۔ موصیہ تھیں، 1/9 کی وصیت تھی اور اپنی زندگی میں ہی حصہ جائیداد کی ادائیگی مکمل کر کے سرٹیفیکیٹ حاصل کر لیا تھا۔

پسماندگان میں میاں کے علاوہ دو بیٹیاں اور دو بیٹے اور گیارہ پوتے پوتیاں اور نواسے نواسیاں یادگار چھوڑے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے بچوں کی بھی اچھے رنگ میں تربیت کی۔ تمام بچے کسی نہ کسی رنگ میں جماعت کی خدمت کی توفیق پا رہے ہیں۔ دونوں بیٹیاں واقفینِ زندگی سے بیاہیں۔ بیٹیوں کو نصیحت کی کہ سسرال کی عزت کرنی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان کے بچے اچھے خاوند اور داماد اور اچھی بیویاں اور بہوئیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی اولاد کو بھی ہمیشہ ان کی نیکیاں جاری رکھنے کی توفیق دے۔ ان کے درجات بلند فرمائے۔ ان کے خاوند اور بچوں کو صبر و سکون عطا فرمائے۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 8 جون 2018 صفحہ 2)

# ذکرِ خیر

## حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے
## محترمہ صاحبزادی امتہ الحیٔ بیگم صاحبہ
## اہلیہ ڈاکٹر حامد اللہ خان صاحب (یوسٹن یوکے) کا ذکرِ خیر کرتے ہوئے فرمایا:

آپ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی پڑپوتی، حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت اُمّ ناصر صاحبہؓ کی پوتی اور حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت نواب محمد علی خان صاحبؓ کی نواسی تھیں۔ اسی طرح آپ حضرت ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب کی بیٹی اور ڈاکٹر مرزا مبشر احمد صاحب (فضل عمر ہسپتال ربوہ) کی بہن تھیں۔ آپ ڈاکٹر حامد اللہ خان صاحب یُوکے کی اہلیہ تھیں۔ آپ بے شمار خوبیوں کی مالک، خوش اخلاق، دعا گو، تہجد گزار، نہایت مہمان نواز، ہر دلعزیز، رشتہ داروں کی محبوب، اور غرباء کی ہمدرد وجود تھیں۔ کئی غریبوں کے وظائف مقرر کر رکھے تھے۔ مجھے بے شمار لوگوں کے خطوط ان کے خوبصورت کردار کے بارے میں آرہے ہیں۔ خاص طور پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے لندن ہجرت پر اُن کی خدمت کی انہیں بڑی توفیق ملی۔ اُس وقت یُوکے میں یہ اکیلی خاندان کی فرد تھیں۔ اور ایسے وقت میں ان کے پاس آکر خاندان سے دوری کی کمی کو بھی پورا کرنے کی کوشش کرتی رہیں۔ خصوصاً حضورؒ کی بیگم صاحبہ کی وطن سے دوری کی اس کمی کو اپنی بے تکلفانہ طبیعت کی وجہ سے دور کرنے کی کوشش کرتی رہیں۔ ہر تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی تھیں۔ متعدد بار اپنا زیور مختلف مدّات میں پیش کیا۔ آپ تیس سال تک ریجنل صدر لجنہ رہیں اور دس سال سے زیادہ عرصہ جلسہ سالانہ کے مواقع پر مہمان نوازی کی ڈیوٹی دینے کی سعادت پائی۔ آپ گزشتہ چار پانچ سال سے جلسہ سالانہ میں نظم وضبط کے شعبہ میں نگران تھیں۔ ہر ڈیوٹی کو ایک فرض سمجھ کر پوری محنت اور لگن سے بجالاتی رہیں۔ خلافت سے گہرا عشق اور اس کا بے حد احترام تھا۔ بیماری کے آخری دنوں میں بھی بڑی ہمت کر کے مجھے ملنے آتی رہیں۔ آخری مرتبہ وفات سے چند ہفتے قبل آئیں تو چلا بھی مشکل سے جارہا تھا۔ میرے پوچھنے پر کہ اتنی تکلیف کر کے آئیں ہیں، مسکراتے ہوئے ہنس کر کہا کہ نہیں الحمدللہ ٹھیک ہوں بلکہ بیماری کے آخری دنوں میں ان کی بیٹی مجھے ملنے آرہی تھیں تو

# اداریہ

خدا کے پیارے کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جنہیں وہ نور عطا ہوتا ہے جو ان کے ماحول کو منور کرتا ہے۔ وہ جہاں سے گزریں اس نور کی لڑیاں بکھیرتے جاتے ہیں۔ ان کی اندرونی معصومیت ہر ملنے والے کے دل کے تاروں کو چھو جاتی ہے اور ایسی کشش انہیں عطا ہوتی ہے جو نہایت درجہ کی سادگی اور عاجزی کے باوجود لوگوں کو ان کی پاکیزہ ہستی کی طرف متوجہ کرتی ہے۔ ان کے پاس سے گزرنے والا ہر انسان خود کو ان کی روحانی مہک سے معطر محسوس کرتا ہے اور ان کی مسکراہٹ کی بھینی سی خوشبو ہمیشہ کے لئے اس کے دل میں بس جاتی ہے۔

یہ خصوصی شمارہ ایک ایسی ہی پیاری ہستی محترمہ صاحبزادی امتہ الحئ در ثمین خان صاحبہ (مرحومہ) کے ذکر خیر کی خاطر شائع کیا جا رہا ہے۔ آپ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پڑپوتی اور حضرت خلیفہ المسیح الثانی کی پوتی تھیں۔

آپ 1972 میں ڈاکٹر حامد اللہ خان صاحب سے بیاہ کر ربوہ سے انگلستان تشریف لائیں اور نارتھ ایسٹ اور سکاٹ لینڈ کے علاقے کی کمسن لجنہ کی تعمیر و تربیت میں اہم کردار ادا کیا۔ لجنہ کے اعلیٰ معیار اور باوقار کردار کا بہترین نمونہ تھیں۔ نہایت خوش اخلاق اور محبت سے تربیت کرنے والی، ملنسار اور شفیق وجود تھیں۔ آپ نے ایک لمبا عرصہ صدر لجنہ اماء اللہ Huddersfield کے علاوہ تقریباً تیس سال تک ریجنل صدر نارتھ ایسٹ کے طور پر بھی خدمت کی توفیق پائی۔ لندن منتقل ہونے کے بعد آپ بطور صدر لجنہ اماء اللہ Cheam خدمت کی توفیق پاتی رہیں۔ نہایت مہمان نواز اور نفع رساں وجود تھیں۔ لمبے عرصہ تک رسالہ 'النصرت' کی مجلسِ ادارت کی رکن رہیں اور بیماری کے باوجود اپنی ذمہ داریوں کو بطریقِ احسن نبھاتی رہیں۔ نہایت خلوص اور وفا کے ساتھ آخری بیماری میں بھی خدمتِ دین کے کاموں میں مصروف رہیں۔

آپ بے شمار خوبیوں کی مالک تھیں۔ خلافت کے ساتھ انتہائی عشق و وفا کا تعلق تھا۔ باوقار اور با اصول شخصیت، طبیعت میں لطیف ادبی ذوق، پاکیزہ مزاح اور بے تکلف انداز۔ عبادت کا شغف اور خدا کی رضا ہمیشہ مقدم۔ ہر رمضان مسجد بیت الفتوح، لندن میں عبادت کی توفیق پانے والی معتکفات کی نہایت عاجزانہ اور بے تکلف انداز سے رہنمائی فرماتیں۔ جلسہ سالانہ پر کئی دہائیوں تک مختلف انتظامی خدمات سرانجام دیتی رہیں۔

ایک لمبا عرصہ بطور ناظمہ ضیافت حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمانوں کی تواضع اور خدمت پر مامور رہیں۔ آپ کے زیرِ نگرانی لجنہ نے انتھک محنت اور خندہ پیشانی سے خدمت بجالانے کی تربیت حاصل کی۔ بعد ازاں بطور ناظمہ ڈسپلن اندرون آخری بیماری تک خدمت کی توفیق پاتی رہیں۔ آپ کی موجودگی ہی گویا نظم وضبط برقرار رکھنے کا باعث بن جاتی۔

ممبرات لجنہ اماء اللہ برطانیہ ایک شفیق اور بابرکت وجود سے اور ایک دائمی مسکراتے چہرے سے محروم ہو گئی ہیں اور اس ہردلعزیز ہستی کی وفات سے پیدا ہونے والے خلاء کو دیر تک محسوس کریں گی۔ ہم اپنے رحیم و کریم رب سے دعا کرتی ہیں کہ وہ ان سے راضی ہو، ان سے پیار کا سلوک فرمائے اور انہیں اپنے آغوشِ رحمت میں اور اپنے قرب کی جنتوں میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین۔

زیرِ نظر شمارہ آپ کی سیرت کے چند پہلوؤں کو اجاگر کرنے کی ایک حقیر سی کوشش ہے۔ خدا کرے کہ یہ مضامین ہمارے لئے مشعلِ راہ کا کام دیں اور آج کے دور میں ایک مثالی مومنانہ زندگی گزارنے کی سعی میں ہمارے مدد و معاون ہوں۔ آمین


زیرِ نگرانی: ڈاکٹر فریحہ خان (صدر لجنہ اماء اللہ۔ برطانیہ)
لبنیٰ سہیل (سیکریٹری اشاعت لجنہ اماء اللہ۔ برطانیہ)
مدیرہ: سائحہ معاذ
نائب مدیرہ: صدیقہ سلطانہ
مجلس ادارت: قانتہ راشد صاحبہ، صالحہ صفی صاحبہ
نصیرہ نور صاحبہ
ٹائپنگ اور پروف ریڈنگ: صائمہ مشتاق، حدیقہ اسماء، فریدہ بشارت
مینیجر: اسماء شاہد
معاونہ: عاطفہ احمد

# کلام الامام



حضرت مسیح موعود علیہ السلام اپنی تصنیف کتاب البریہ میں فرماتے ہیں:

”سوانح نویسی سے اصل مطلب تو یہ ہے کہ تا اس زمانے کے لوگ یا آنے والی نسلیں ان لوگوں کے واقعات زندگی پر غور کر کے کچھ نمونہ ان کے اخلاق یا ہمت یا زہد و تقویٰ یا علم ومعرفت یا تائید دین یا ہمدردی نوع انسان یا کسی اور قسم کی قابل تعریف ترقی کا اپنے لئے حاصل کریں اور کم سے کم یہ کہ قوم کے اولوالعظم لوگوں کے حالات معلوم کر کے اس شوکت اور شان کے قائل ہو جائیں جو اسلام کے عمائد میں ہمیشہ سے پائی جاتی رہی ہیں۔۔۔اور ظاہر ہے کہ ایسے امور کے لیے کسی قدر مفصل واقعات کے جاننے کی ہر ایک کو ضرورت ہوتی ہے۔ اور بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ایک شخص ایک نامور انسان کے واقعات پڑھنے کے وقت نہایت شوق سے اس شخص کے سوانح کو پڑھنا شروع کرتا ہے اور دل میں جوش رکھتا ہے کہ اسکے کامل حالات پر اطلاع پا کر اس سے کچھ فائدہ اٹھائے۔ تب اگر ایسا اتفاق ہو کہ سوانح نویس نے نہایت اجمال پر کفایت کی ہو اور لائف کے نقشہ کو صفائی سے نہ دکھلایا ہو تو یہ شخص نہایت ملول خاطر اور منقبض ہو جاتا ہے۔ اور بسا اوقات اپنے دل میں ایسے سوانح نویس پر اعتراض بھی کرتا ہے اور در حقیقت وہ اس اعتراض کا حق بھی رکھتا ہے کیونکہ اس وقت نہایت اشتیاق کی وجہ سے اس کی مثال ایسی ہوتی ہے کہ جیسے ایک بھوکے کے آگے خوان نعمت رکھا جائے اور معاً ایک لقمہ کے اٹھانے کے ساتھ ہی اس خوان کو اٹھالیا جائے۔ اس لئے ان۔۔۔کا یہ فرض ہے جو سوانح نویسی کے لئے قلم اٹھاویں کہ اپنی کتاب کو مفید عام اور ہر دل عزیز اور مقبولِ اَنام بنانے کے لیے نامور انسانوں کے سوانح کو صبر اور فراخ حوصلگی کے ساتھ اس قدر بسط سے لکھیں اور ان کی لائف کو ایسے طور سے مکمل کر کے دکھلاویں کہ اس کا پڑھنا ان کی ملاقات کا قائم مقام ہو جائے۔ تا اگر ایسی خوش بیانی سے کسی کا وقت خوش ہو تو اس سوانح نویس کی دنیا اور آخرت کی بہبودی کے لئے دعا بھی کرے۔“

(کتاب البریہ، روحانی خزائن جلد 13، حاشیہ صفحہ 162-159 )




حضرت ابوذرؓ اور حضرت ابو درداءؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! میں اپنی امت کے صالحین کو ان کو نور سے پہچانوں گا جو ان کے آگے اور ان کے دائیں اور بائیں دوڑ رہا ہوگا۔ (حاکم۔ ابن ابی حاتم۔ ابن مرویہ)۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

”یعنی جو لوگ ایمان کا نور رکھتے ہیں ان کا نور قیامت کو ان کے آگے اور ان کے داہنی طرف دوڑتا ہوگا۔ وہ ہمیشہ یہی کہتے رہیں گے کہ اے خدا ہمارے نور کو کمال تک پہنچا اور اپنی مغفرت کے اندر ہمیں لے لے۔“

(اسلامی اصول کی فلاسفی، روحانی خزائن جلد 10، صفحہ 412)

# حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: مَرُّوْا بِجَنَازَۃٍ فَاَثْنَوْا عَلَیْھَا خَیْرًا، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: وَجَبَتْ،۔۔۔فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ: مَا وَجَبَتْ؟ فَقَالَ ھٰذَا اَثْنَیْتُمْ عَلَیْہِ خَیْرًا فَوَجَبَتْ لَہُ الْجَنَّۃُ وَھٰذَا اَثْنَیْتُمْ عَلَیْہِ شَرًّا فَوَجَبَتْ لَہُ النَّارُ، اَنْتُمْ شُھَدَآءُ اللّٰہِ فِی الْاَرْضِ۔

(بخاری جلد دوم کتاب الجنائز باب ثناء النّاس علی المیت)

ترجمہ:

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ لوگ ایک جنازہ لے کر گزرے وہاں بیٹھے ہوئے صحابہؓ نے اس کی تعریف کی اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: واجب ہو گئی۔ پھر ایک اور جنازہ گزرا۔ لوگوں نے اس کی برائی کی۔ حضور ﷺ نے فرمایا واجب ہو گئی۔ حضرت عمرؓ نے جو پاس بیٹھے تھے عرض کیا۔ حضور ﷺ کیا واجب ہو گئی؟ آپ ﷺ نے فرمایا۔ جس کی تم نے تعریف کی اس کے لئے جنّت واجب ہو گئی اور جس کی تم نے بُرائی کی اس کے لئے دوزخ واجب ہو گئی۔ تم زمین پر اللہ تعالیٰ کے گواہ ہو۔ یعنی نیکی اور بدی میں تمیز کی تم لوگوں کو توفیق دی گئی ہے۔

(حدیقۃ الصالحین، صفحہ نمبر 574 تا 575، ایڈیشن 2003)

# قرآن کریم

يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۚ

(سورۃ الحدید: 13)

**ترجمہ:**

جس دن تُو مومن مردوں اور مومن عورتوں کو دیکھے گا کہ ان کا نُور ان کے آگے آگے اور ان کے دائیں طرف تیزی سے چل رہا ہے۔ تمہیں آج کے دن مبارک ہوں ایسی جنّتیں جن کے دامن میں نہریں بہتی ہیں۔ وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے۔ یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔

(مومنوں کو نور ان کے ہدایت یافتہ ہونے کے نتیجہ میں ملتا ہے۔ اور دائیں ہاتھ سے مراد ہدایت ہی ہے۔)
(ترجمہ از حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

''یعنی اس روز تو دیکھے گا کہ مومنوں کا یہ نور جو دنیا میں پوشیدہ طور پر ہے ظاہر ظاہر ان کے آگے اور ان کے داہنی طرف دوڑتا ہوگا۔'' (اسلامی اصول کی فلاسفی، روحانی خزائن جلد 10، صفحہ 401)

نُوْرُهُمْ میں بتلایا کہ یہ نور ان کا اپنا ہوگا یعنی وہ اسے دنیا سے اپنے ساتھ لائے ہوں گے جو ان کے اعمال حسنہ اور انفاق فی سبیل اللہ سے وجود میں آیا ہوگا۔ فرماتے ہیں:

''خدا کے کلام میں بار بار ذکر آیا ہے۔ اور بعض جسم نورانی اور بعض ظلمانی قرار دیئے ہیں جو اعمال کی روشنی یا اعمال کی ظلمت سے تیار ہوتے ہیں۔۔۔ انسان کامل اسی زندگی میں ایک نورانی وجود اس کیفیت جسم کے علاوہ پا سکتا ہے۔'' (اسلامی اصول کی فلاسفی، روحانی خزائن جلد 10، صفحہ 405)



بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# النصرت

عہد لجنہ اماء اللہ

اَشۡھَدُ اَنۡ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ وَاَشۡھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُہٗ وَرَسُوۡلُہٗ۔

”میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنے مذہب اور قوم کی خاطر اپنی جان، مال، وقت اور اولاد کو قربان کرنے کے لئے ہر دم تیار رہوں گی۔ نیز سچائی پر ہمیشہ قائم رہوں گی اور خلافتِ احمدیہ کے قائم رکھنے کے لئے ہر قربانی دینے کے لئے ہر دم تیار رہوں گی۔“ انشاء اللہ

## فہرست مضامین


قرآن کریم 1
حدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم 2
کلام الامام 3
اداریہ 4
ذکرِ خیر: حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 5
قراردادِ تعزیت 7
مکتوب۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 9
خطبہ نکاح صاحبزادی امتہ الحیٔ در ثمین صاحبہ 10
مضمون۔ میری پھپھو (ڈاکٹر فریحہ خان صاحبہ) 12
مکتوب۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 19
مضمون۔ تمنّا پاک، دل معصوم، فطرت کس قدر سادہ (مبارکہ کلثوم صاحبہ) 21
مضمون۔ محترمہ صاحبزادی امتہ الحیٔ خان صاحبہ (رشیقہ باجوہ صاحبہ) 24
مضمون۔ بہت ہی پیاری بہن صاحبزادی امتہ الحیٔ صاحبہ (صفیہ اختر صاحبہ) 26
مضمون۔ نہ روک راہ میں مولیٰ۔۔ (طاہرہ مومن صاحبہ) 28
مضمون۔ میری پیاری آپا امتہ الحیٔ (حامدہ سنوری فاروقی صاحبہ) 30
مضمون۔ صاحبزادی امتہ الحیٔ مرحومہ (امۃ الرشید احمد صاحبہ) 34
مضمون۔ ہماری پیاری باجی امتہ الحیٔ صاحبہ (امۃ البصیر صاحبہ) 36
مضمون۔ مرحومہ صاحبزادی امتہ الحیٔ خان صاحبہ (صالحہ صفی صاحبہ) 37
مضمون۔ پیاری باجی امتہ الحیٔ صاحبہ کی کچھ یادیں (یاسمین اکرام صاحبہ) 39
نظم۔ فی امان اللہ (درّ عدن) 42
مضمون۔ ماضی کے دریچوں سے۔۔۔ (نصیرہ نور صاحبہ) 43
مضمون۔ صاحبزادی بی بی امتہ الحیٔ صاحبہ (کلثوم ظافری صاحبہ) 45
مضمون۔ طبِّ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم (حدیقہ اسماء صاحبہ) 47













# الٰہی بشارت

حضرت مسیح موعود و مہدیٔ موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

’’پھر خدائے کریم جلّشانہٗ نے مجھے بشارت دے کر کہا کہ تیرا گھر برکت سے بھرے گا اور میں اپنی نعمتیں تجھ پر پوری کروں گا اور خواتین مبارکہ سے جن میں سے تو بعض کو اس کے بعد پائے گا تیری نسل بہت ہو گی اور میں تیری ذریت کو بہت بڑھاؤں گا اور برکت دوں گا مگر بعض ان میں سے کم عمری میں فوت بھی ہوں گے اور تیری نسل کثرت سے ملکوں میں پھیل جائے گی۔۔۔ خدا تیری برکتیں اردگرد پھیلا دے گا ۔۔۔ تیری ذریّت منقطع نہیں ہو گی اور آخر دنوں تک سرسبز رہے گی۔‘‘

(الہام 20 فروری 1886، تذکرہ، صفحہ 112-111)

خصوصی شمارہ

# النصرت

لجنہ اماءاللہ برطانیہ کا تعلیمی و تربیتی سہ ماہی مجلّہ



محترمہ امتہ الحئ خان صاحبہ